بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ یَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْىِٕلًا ﴿۵۸﴾

کرتا) بلکہ اُنکے واسطے ایک معین وقت ہے (یعنی یوم قیامت) کہ اس سے اس طرف (یعنی پہلے) کوئی پناہ کی جگہ نہیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَ جَعَلْنَا

پاسکتے۔اور یہ بستیاں (جنکے قصے مشہور ومذکور ہیں) جب اُنہوں نے (یعنی اُنکے باشندوں نے) شرارت کی تو ہم نے

لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾ ع وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ ع ۸ ۲۰

انکو ہلاک کردیا۔اور ہمنے اُنکے ہلاک ہونے کیلئے وقت معیّن کیا تھا۔اور (وہ وقت یاد کرو) جبکہ موسیٰ نے اپنے خادم

اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِىَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾

سے فرمایا کہ میں (اس سفر میں) برابر چلا جاؤنگا یہانتک کہ اس موقع پر پہنچ جاؤں جہاں دو دریا آپس میں ملے ہیں

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ

یا (یونہی) زمانہ دراز تک چلتا رہوں گا۔پس جب (چلتے چلتے) دونوں دریاؤں کے جمع ہونیکے موقع پر پہنچے اپنی

سَبِيْلَهٗ فِى الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿۶۱﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ

مچھلی کو دونوں بھول گئے۔اور اس (مچھلی) نے اپنی راہ لی اور چلدی۔پھر جب دونوں (وہاں سے) آگے بڑھ گئے

اٰتِنَا غَدَآءَنَا ز لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿۶۲﴾

(تو موسیٰ نے) اپنے خادم سے فرمایا کہ ہمارا ناشتہ تو لاؤ ہمکو تو اس سفر میں (یعنی آج کی منزل میں) بڑی تکلیف پہنچی۔

قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّىْ نَسِيْتُ

(خادم نے) کہا کہ (لیجئے) دیکھئے (عجب بات ہوئی) جب ہم اس پتھر کے قریب ٹھہرے تھے سو میں (اس) مچھلی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

الْحُوْتَ ۚ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ

(کے تذکرہ) کو بھول گیا اور مجھکو شیطان ہی نے بھلا دیا کہ میں اس کا ذکر کرتا اور (وہ قصہ یہ ہوا کہ) اُس

وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِى الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿۶۳﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا

(مچھلی) نے (زندہ ہونے کے بعد) دریا میں عجیب طور پر اپنی راہ لی۔ (موسیٰ نے یہ حکایت سُنکر) فرمایا

كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿۶۴﴾ فَوَجَدَا

یہی وہ موقع ہے جسکی ہمکو تلاش تھی۔ سو دونوں اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے اُلٹے لوٹے سو (وہاں پہنچ

عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَ

کر) انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندے (یعنی خضر) کو پایا جسکو ہم نے اپنی (خاص) رحمت (یعنی

عَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ

مقبولیت) دی تھی اور ہم نے انکو اپنے پاس سے (ایک خاص طور کا) علم سکھلایا تھا۔ موسیٰ نے (انکو سلام کیا اور) اُن

اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿۶۶﴾ قَالَ

سے فرمایا کیا میں آپ کیساتھ رہ سکتا ہوں اس شرط سے کہ جو علم مفید آپکو (منجانب اللہ) سکھلایا گیا ہے اسمیں سے آپ مجھکو

اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى

بھی سکھلادیں۔ (ان بزرگ نے) جواب دیا آپ سے میرے ساتھ (رہکر میرے افعال پر) صبر نہ ہوسکے گا اور (بھلا) ایسے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

امور پر آپ کیسے صبر کرینگے جو آپکے احاطۂ واقفیت سے باہر ہیں۔ (موسیٰ نے) فرمایا انشاءاللہ آپ مجھے صابر (یعنی

صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾ قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ

ضابط) پاوینگے اور میں کسی بات میں آپکے خلافِ حکم نہ کرونگا۔ (ان بزرگ نے) فرمایا (کہ اچھا) اگر آپ میرے

فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ

ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو (اتنا خیال رہے کہ) مجھ سے کسی بات کی نسبت کچھ پوچھنا نہیں جب تک کہ اسکے متعلق میں

ذِكْرًا ﴿۷۰﴾ ع فَانْطَلَقَا وقفة حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ ع ۹ ۱۱ ۲۱

خود ہی ابتداءً ذکر نہ کردوں۔ پھر دونوں (کسی طرف) چلے یہاں تک کہ جب دونوں کشتی میں سوار ہوئے تو

خَرَقَهَا ۭ قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ

(ان بزرگ نے) اس کشتی میں چھید کردیا۔ (موسیٰ نے) فرمایا کہ کیا آپ نے اس کشتی میں اسلئے چھید کیا (ہوگا) کہ اسکے

شَيْـًٔا اِمْرًا ﴿۷۱﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ

بیٹھنے والوں کو غرق کردیں آپ نے بڑی بھاری (یعنی خطرہ کی) بات کی۔ (ان بزرگ نے) کہا کہ کیا میں نے کہا نہیں تھا کہ

مَعِيَ صَبْرًا ﴿۷۲﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ

آپسے میرے ساتھ صبر نہ ہو سکے گا۔ (موسیٰ نے) فرمایا (کہ [illegible]) آپ میری بھول (چوک) پر گرفت نہ کیجئے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ﴿٧٣﴾ فَانْطَلَقَا وقفة

اور میرے اس معاملہ میں مجھ پر زیادہ تنگی نہ ڈالیئے۔ پھر دونوں (کشتی سے اُتر کر آگے) چلے یہاں تک کہ

حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا

جب ایک (کمسن) لڑکے سے ملے تو (اُن بزرگ نے) اس کو مار ڈالا (موسیٰ گھبرا کر) کہنے لگے آپ نے ایک

زَكِيَّةً ۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ؕ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾

بے گناہ جان کو مار ڈالا (اور وہ بھی) بے بدلے کسی جان کے بیشک آپ نے (یہ تو) بڑی بیجا حرکت کی۔

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ

(ان بزرگ نے) فرمایا کہ کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ سے میرے ساتھ صبر نہ ہو سکے گا۔

صَبْرًا ﴿٧٥﴾ قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ ۢ بَعْدَهَا فَلَا

(موسیٰ نے) فرمایا کہ (خیراب کے اور جانے دیجئے) اگر اس (مرتبہ) کے بعد آپ سے کسی امر کے متعلق

تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا ﴿٧٦﴾

کچھ پوچھوں تو آپ مجھ کو اپنے ساتھ نہ رکھئے بیشک آپ میری طرف سے عذر (کی انتہا) کو پہنچ چکے ہیں۔

فَانْطَلَقَا وقفة حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِ ۨ اسْتَطْعَمَآ

پھر دونوں (آگے) چلے یہاں تک کہ جب ایک گاؤں والوں پر گزر ہوا تو وہاں والوں سے کھانے کو مانگا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا

(کہ ہم مہمان ہیں) سو اُنہوں نے اُنکی مہمانی کرنے سے انکار کر دیا اتنے میں ان کو وہاں ایک دیوار ملی جو گرا ہی چاہتی

يُرِيدُ أَنْ يَنْقَضَّ فَأَقَامَهُ ۖ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ

تھی تو (اُن بزرگ نے) اسکو (ہاتھ کے اشارے سے) سیدھا کر دیا۔ (موسیٰ نے) فرمایا کہ اگر آپ چاہتے تو اس

عَلَيْهِ أَجْرًا ﴿٧٧﴾ قَالَ هَٰذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ ۚ

(کام) پر کچھ اُجرت ہی لے لیتے۔ (اُن بزرگ نے) کہا کہ یہ وقت ہماری اور آپکی علیحدگی کا ہے (جیسا کہ

سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا ﴿٧٨﴾

خود آپ نے شرط کی تھی) میں ان چیزوں کی حقیقت آپ کو بتلائے دیتا ہوں جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا۔

أَمَّا السَّفِينَةُ فَكَانَتْ لِمَسَاكِينَ يَعْمَلُونَ فِي الْبَحْرِ

وہ جو کشتی تھی سو چند آدمیوں کی تھی جو (اسکے ذریعہ سے) دریا میں محنت (مزدوری) کرتے تھے سو میں نے

فَأَرَدْتُ أَنْ أَعِيبَهَا وَكَانَ وَرَاءَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ

چاہا کہ اس میں عیب ڈالدوں اور (وجہ اسکی یہ تھی کہ) ان لوگوں سے آگے کی طرف ایک (ظالم) بادشاہ تھا

كُلَّ سَفِينَةٍ غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ

جو ہر (اچھی) کشتی کو زبردستی پکڑ رہا تھا اور رہا وہ لڑکا اس کے ماں باپ ایماندار تھے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

فَخَشِينَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿٨٠﴾ؕ فَاَرَدْنَآ

سو ہم کو اندیشہ (یعنی تحقیق) ہوا کہ یہ ان دونوں پر سرکشی اور کفر کا اثر نہ ڈال دے۔ پس ہم کو یہ منظور ہوا کہ بجائے

اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ

اسکے انکا پروردگار ان کو ایسی اولاد دے جو پاکیزگی (یعنی دین) میں اس سے بہتر ہو اور (ماں باپ کیساتھ) محبت

رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ

کرنے میں اس سے بڑھکر ہو۔ اور رہی دیوار سو وہ دو یتیم لڑکوں کی تھی جو اس شہر میں (رہتے) ہیں اور اس (دیوار)

فِى الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا

کے نیچے ان کا کچھ مال مدفون تھا (جو انکے باپ سے میراث میں پہنچا ہے) اور ان کا باپ (جو مر گیا ہے وہ) ایک

صَالِحًاۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا

نیک آدمی تھا سو آپ کے رب نے اپنی مہربانی سے چاہا کہ وہ دونوں اپنی جوانی (کی عمر) کو پہنچ جاویں اور اپنا دفینہ

كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ

نکال لیں آپ کے رب کی رحمت سے اور (یہ سارے کام میں نے بہ الہام الٰہی کئے ہیں ان میں سے) کوئی

ع ١٢ اَمْرِىْ ؕ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٨٢﴾ؕ

کام میں نے اپنی رائے سے نہیں کیا۔ (لیجئے) یہ ہے حقیقت ان (باتوں) کی جن پر آپ سے صبر نہ ہو سکا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِى الْقَرْنَيْنِ ؕ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ

اور یہ لوگ آپ سے ذوالقرنین کا حال پوچھتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ میں اس کا ذکر ابھی تمہارے

مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿٨٣﴾ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِى الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ

سامنے بیان کرتا ہوں۔ ہم نے اُن کو روئے زمین پر حکومت دی تھی اور ہم نے ان کو ہر قسم کا سامان

مِنْ كُلِّ شَیْءٍ سَبَبًا ﴿٨٤﴾ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ

(کافی) دیا تھا۔ چنانچہ وہ (بارادۂ فتوحات مُلک مغرب کی) ایک راہ پر ہو لئے۔ یہاں تک کہ

مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِىْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ

جب غروب آفتاب کے موقع پر پہنچے تو (وہ آفتاب) ان کو ایک سیاہ رنگ کے پانی میں ڈوبتا ہوا دکھلائی دیا

وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ؕ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّاۤ اَنْ

اور اس موقع پر اُنہوں نے ایک قوم دیکھی ہم نے (الہاماً یہ) کہا اے ذوالقرنین خواہ سزا دو اور خواہ انکے

تُعَذِّبَ وَاِمَّاۤ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ﴿٨٦﴾ قَالَ اَمَّا

بارے میں نرمی کا معاملہ اختیار کرو۔ (ذوالقرنین نے) عرض کیا کہ (بہت اچھا اوّل دعوتِ ایمان ہی کرونگا)

مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ

لیکن جو ظالم رہے گا سو اسکو تو ہم لوگ سزا دیں گے پھر وہ اپنے مالک (حقیقی) کے پاس پہنچایا جاویگا پھر وہ اسکو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨٧﴾ وَأَمَّا مَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُ

(دوزخ کی) سخت سزا دیگا۔ اور جو شخص ایمان لے آویگا اور نیک عمل کریگا تو اس کیلئے (آخرت میں

جَزَآءً الْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهُ مِنْ أَمْرِنَا يُسْرًا ﴿٨٨﴾ ط

بھی) بدلے میں بھلائی ملے گی اور ہم (دُنیا میں بھی) اپنے برتاؤ میں اس کو آسان (اور نرم) بات کہینگے۔

ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾ حَتّٰى إِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ

پھر ایک (دوسری) راہ پر ہولئے۔ یہاں تک کہ جب (مسافت قطع کرکے) طلوع آفتاب کے

وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا

موقع پر پہنچے تو آفتاب کو ایک ایسی قوم پر طلوع ہوتے دیکھا جن کیلئے ہم نے آفتاب کے اوپر کوئی آڑ نہیں

سِتْرًا ﴿٩٠﴾ لا كَذٰلِكَ ط وَقَدْ أَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾

رکھی۔ (یہ قصہ) اسی طرح (ہے) اور ذوالقرنین کے پاس جو کچھ (سامان وغیرہ) تھا ہم کو اس کی پوری خبر ہے

ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتّٰى إِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ

پھر (مشرق و مغرب فتح کرکے) ایک اور راہ پر ہولئے۔ یہاں تک کہ جب دو پہاڑوں کے درمیان پہنچے

وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾

تو اُن (پہاڑوں) سے اس طرف ایک قوم کو دیکھا جو کوئی بات سمجھنے کے قریب بھی نہیں پہنچتے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

قَالُوا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مُفْسِدُونَ

اُنہوں نے (ذوالقرنین سے) عرض کیا کہ اے ذوالقرنین (قوم) یاجوج وماجوج (جو اس گھاٹی کے اس طرف رہتے ہیں) ہماری اس

فِي الْأَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى أَنْ تَجْعَلَ

سرزمین میں (کبھی کبھی) بڑا فساد مچاتے ہیں۔ سو کیا ہم لوگ آپ کیلئے کچھ چندہ جمع کردیں اس شرط پر کہ آپ ہمارے اور اُنکے درمیان

بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّي فِيهِ رَبِّي خَيْرٌ

میں کوئی روک بنادیں (کہ وہ پھر آنے نہ پائیں ذوالقرنین نے) جواب دیا کہ جس (مال) میں میرے رب نے مجھ کو اختیار دیا ہے وہ بہت

فَأَعِينُونِي بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾

کچھ ہے سو (مال کی تو مجھے ضرورت نہیں البتہ) قوت (یعنی ہاتھ پاؤں سے) میری مدد کرو (تو) میں تمہارے اور اُنکے درمیان خوب

اٰتُونِي زُبَرَ الْحَدِيدِ ۖ حَتّٰٓى إِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ

مضبوط دیوار بنادوں۔ (اچھا تو) تم لوگ میرے پاس لوہے کی چادریں لاؤ یہاں تک کہ جب (ردے ملاتے ملاتے) اُنکے

قَالَ انْفُخُوا ۖ حَتّٰٓى إِذَا جَعَلَهُ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُونِيٓ أُفْرِغْ

دونوں سروں کے بیچ (کے خلا) کو برابر کردیا تو حکم دیا کہ دھونکو (دھونکنا شروع ہوگیا) یہاں تک کہ جب اسکو (لال) انگارا کردیا تو

عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿٩٦﴾ فَمَا اسْطَاعُوٓا أَنْ يَّظْهَرُوهُ وَمَا اسْتَطَاعُوا

اس وقت حکم دیا کہ اب میرے پاس پگھلا ہوا تانبا (جو پہلے سے تیار کرا رکھا تھا) لاؤ کہ اس پر ڈالدوں سو نہ تو وہ لوگ (یعنی یاجوج

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

لَهٗ نَقْبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ

ماجوج) اس پر چڑھ سکتے تھے اور (غایت استحکام کے باعث) نہ اس میں نقب دے سکتے تھے۔ (ذوالقرنین نے) کہا کہ یہ (تیاری دیوار کی)

رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا ﴿٩٨﴾ ط وَتَرَكْنَا

میرے رب کی ایک رحمت ہے پھر جس وقت میرے ربکا وعدہ آویگا (یعنی اسکے فنا کا وقت آئیگا) تو اسکو ڈھا کر (زمین کے) برابر کر دیگا

بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ

اور میرے رب کا (ہر) وعدہ برحق ہے۔ اور ہم اُس روز انکی یہ حالت کرینگے کہ ایک میں ایک گڈمڈ ہوجاوینگے اور صور پھونکا جاویگا

فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿٩٩﴾ لا وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ

پھر ہم سبکو (ایک ایک کرکے) جمع کرلینگے۔ اور دوزخ کو اس روز کافروں کے سامنے پیش کردیں گے۔ جنکی

عَرْضًا ﴿١٠٠﴾ لا الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ

آنکھوں پر (دُنیا میں) ہماری یاد سے (یعنی دین حق کے دیکھنے سمجھنے سے) پردہ پڑا ہوا تھا

١١ ع ١٩ ٢ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿١٠١﴾ ع اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ

اور وہ سن بھی نہ سکتے تھے۔ سو کیا پھر بھی ان کافروں کا خیال ہے کہ مجھ کو چھوڑ کر میرے

كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ط اِنَّآ

بندوں کو اپنا کارساز (یعنی معبود و حاجت روا) قرار دیں۔ ہم نے (تو) کافروں کی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ

دعوت کے لئے دوزخ کو تیار کر رکھا ہے۔ آپ (ان سے) کہیئے کہ کیا ہم تم کو ایسے لوگ بتائیں

بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي

جو اعمال کے اعتبار سے بالکل خسارہ میں ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کی دنیا میں کی کرائی محنت

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ

سب گئی گزری ہوئی اور وہ (بوجہ جہل کے) اسی خیال میں ہیں کہ وہ اچھا کام کر رہے

صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ

ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے رب کی آیتوں کا (یعنی کتب الٰہیہ کا) اور اس سے ملنے کا (یعنی قیامت کا)

فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

انکار کر رہے ہیں سو (اسلئے) انکے سارے کام غارت ہو گئے تو قیامت کے روز ہم ان (کے نیک اعمال) کا

وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا

ذرا بھی وزن قائم نہ کرینگے۔ (بلکہ) انکی سزا وہی ہوگی یعنی دوزخ اس سبب سے کہ انہوں نے کفر کیا تھا۔

اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اور (یہ کہ) میری آیتوں اور پیغمبروں کا مذاق اڑایا تھا۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ لا

نیک کام کئے انکی مہمانی کیلیئے فردوس (یعنی بہشت) کے باغ ہونگے۔ جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے (نہ انکو

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ

کوئی نکالیگا اور) نہ وہاں سے کہیں اور جانا چاہیں گے۔ آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ اگر میرے رب کی

الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ

باتیں لکھنے کیلیئے سمندر (کا پانی) روشنائی (کی جگہ) ہو تو میرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے سمندر ختم

تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾ قُلْ اِنَّمَآ

ہوجاوے (اور باتیں احاطہ میں نہ آویں) اگرچہ اس (سمندر) کی مثل (ایک دوسرا سمندر اسکی) مدد کیلیئے ہم لے

اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ج

آویں (اور) آپ (یوں بھی) کہہ دیجئے کہ میں تو تم ہی جیسا بشر ہوں میرے پاس بس یہ وحی آتی ہے کہ

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا

تمہارا معبود (برحق) ایک ہی معبود ہے۔ سو جو شخص اپنے رب سے ملنے کی آرزو رکھے تو نیک کام کرتا رہے

ع ٢ ٩ ٣ وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿١١٠﴾ ع

اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اٰیاتها ۳۰ ۳۲ سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ ۷۵ رکوعاتها ۳

سورۂ سجدہ مکہ میں نازل ہوئی اس میں تیس آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

الٓمّٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ

الٓمّٓ یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے اس میں کچھ شبہ نہیں یہ رب العالمین کی

الْعٰلَمِيْنَ ۝۲ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ

طرف سے ہے۔ کیا یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ پیغمبر نے یہ اپنے دل سے بنالیا ہے بلکہ یہ سچی کتاب ہے

مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ

آپکے رب کی طرف سے تاکہ آپ ایسے لوگوں کو ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈرانے

قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝۳ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ

والا نہیں آیا تاکہ وہ لوگ راہ پر آ جاویں۔ اللہ ہی ہے جس نے آسمان اور زمین کو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ

اور اس مخلوق کو جو ان دونوں کے درمیان ہے چھ روز میں پیدا کیا،

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ

پھر عرش پر قائم ہوا۔ بجز اس کے نہ تمہارا کوئی مددگار ہے اور نہ کوئی

وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ④ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ

سفارش کرنے والا سو کیا تم سمجھتے نہیں ہو۔ وہ آسمان سے لیکر زمین تک ہر

مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ

امر کی تدبیر کرتا ہے، پھر ہر امر اسی کے حضور میں پہنچ جاوے گا ایک ایسے دن میں جس کی

كَانَ مِقْدَارُهٗۤ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ⑤ ذٰلِكَ

مقدار تمہاری شمار کے موافق ایک ہزار برس کی ہوگی۔ وہی ہے جاننے والا

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ⑥ لا الَّذِيْۤ

پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا۔ زبردست رحمت والا۔ جس نے جو

اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ

چیز بنائی خوب بنائی اور انسان کی پیدائش مٹی سے شروع

طِيْنٍ ⑦ ج ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ

کی۔ پھر اس کی نسل کو خلاصۂ اخلاط یعنی ایک بے قدر پانی سے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مَّهِينٍ ﴿٨﴾ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِن رُّوحِهِ وَجَعَلَ

بنایا، پھر اس کے اعضاء درست کئے اور اس میں اپنی روح پھونکی اور

لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ ۗ قَلِيلًا مَّا

تم کو کان اور آنکھیں اور دل دیئے۔ تم لوگ بہت کم شکر

تَشْكُرُونَ ﴿٩﴾ وَقَالُوٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا

کرتے ہو (یعنی نہیں کرتے)۔ اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ جب ہم زمین میں نیست و نابود ہوگئے تو کیا ہم

لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ ۬ ۗ بَلْ هُم بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُونَ ﴿١٠﴾

پھر نئے جنم میں آویں گے۔ بلکہ وہ لوگ اپنے رب سے ملنے کے منکر ہی ہیں۔

قُلْ يَتَوَفّٰىكُم مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ

آپ فرما دیجئے کہ تمہاری جان موت کا فرشتہ قبض کرتا ہے جو تم پر متعین ہے۔ پھر تم

اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ﴿١١﴾ ع وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُونَ ع ۱۱/۱۴

اپنے رب کی طرف لوٹا کر لائے جاؤ گے۔ اور اگر آپ دیکھیں تو عجب حال دیکھیں جب

نَاكِسُوا رُءُوسِهِمْ عِندَ رَبِّهِمْ ۗ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا

کہ یہ مجرم لوگ اپنے رب کے سامنے سر جھکائے ہونگے۔ کہ اے ہمارے پروردگار بس ہماری آنکھیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾

اور کان کھل گئے سو ہم کو پھر بھیج دیجئے۔ ہم نیک کام کیا کرینگے۔ ہم کو پورا یقین آ گیا۔

وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ

اور اگر ہم کو منظور ہوتا تو ہم ہر شخص کو اس کا رستہ عطا فرماتے ولیکن میری یہ

الْقَوْلُ مِنِّیْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

بات محقق ہوچکی ہے کہ میں جہنم کو جنات اور انسان دونوں سے ضرور

اَجْمَعِیْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِیْتُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا ج

بھروں گا، تو اب اس کا مزہ چکھو کہ تم اپنے اس دن کے آنے کو بھولے رہے۔

اِنَّا نَسِیْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ

ہم نے تم کو بھلا دیا اور اپنے اعمال کی بدولت ابدی عذاب کا مزہ

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا یُؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا الَّذِیْنَ اِذَا

چکھو۔ بس ہماری آیتوں پر تو وہ لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب ان کو وہ آیتیں

ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ

یاد دلائی جاتی ہیں تو وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرنے لگتے ہیں اور وہ لوگ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مَّهِينٍ ﴿٨﴾ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِن رُّوحِهِ وَجَعَلَ

بنایا، پھر اس کے اعضاء درست کئے اور اس میں اپنی روح پھونکی اور

لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلًا مَّا

تم کو کان اور آنکھیں اور دل دیئے۔ تم لوگ بہت کم شکر

تَشْكُرُونَ ﴿٩﴾ وَقَالُوا أَإِذَا ضَلَلْنَا فِي الْأَرْضِ أَإِنَّا

کرتے ہو (یعنی نہیں کرتے)۔ اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ جب ہم زمین میں نیست ونابود ہوگئے تو کیا ہم

لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ بَلْ هُم بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ كَافِرُونَ ﴿١٠﴾

پھر نئے جنم میں آویں گے۔ بلکہ وہ لوگ اپنے رب سے ملنے کے منکر ہی ہیں۔

قُلْ يَتَوَفّٰكُم مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ

آپ فرمادیجئے کہ تمہاری جان موت کا فرشتہ قبض کرتا ہے جو تم پر متعین ہے۔ پھر تم

إِلَىٰ رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ﴿١١﴾ وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الْمُجْرِمُونَ ع ۱ ۱۱ ۱۲

اپنے رب کی طرف لوٹا کر لائے جاؤ گے۔ اور اگر آپ دیکھیں تو عجب حال دیکھیں جب

نَاكِسُو رُءُوسِهِمْ عِندَ رَبِّهِمْ رَبَّنَا أَبْصَرْنَا

کہ یہ مجرم لوگ اپنے رب کے سامنے سر جھکائے ہوئے ہوں گے۔ کہ اے ہمارے پروردگار بس ہماری آنکھیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿١٢﴾

اور کان کھل گئے سو ہم کو پھر بھیج دیجئے۔ ہم نیک کام کیا کرینگے۔ ہم کو پورا یقین آ گیا۔

وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ

اور اگر ہم کو منظور ہوتا تو ہم ہر شخص کو اس کا رستہ عطا فرماتے ولیکن میری یہ

الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

بات محقق ہوچکی ہے کہ میں جہنم کو جنات اور انسان دونوں سے ضرور

اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ

بھروں گا، تو اب اس کا مزہ چکھو کہ تم اپنے اس دن کے آنے کو بھولے رہے۔

اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ

ہم نے تم کو بھلا دیا اور اپنے اعمال کی بدولت ابدی عذاب کا مزہ

تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا

چکھو۔ بس ہماری آیتوں پر تو وہ لوگ ایمان لاتے ہیں کہ جب ان کو وہ آیتیں

ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ

یاد دلائی جاتی ہیں تو وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرنے لگتے ہیں اور وہ لوگ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۩ ⑮ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ

تکبر نہیں کرتے۔ ان کے پہلو خوابگاہوں سے علیحدہ ہوتے ہیں، اس طور پر کہ وہ

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ز وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

لوگ اپنے رب کو اُمید سے اور خوف سے پکارتے ہیں اور ہماری دی ہوئی چیزوں میں سے

يُنْفِقُوْنَ ⑯ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ

خرچ کرتے ہیں۔ سو کسی شخص کو خبر نہیں جو جو آنکھوں کی ٹھنڈک کا

قُرَّةِ اَعْيُنٍ ج جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑰ اَفَمَنْ

سامان ایسے لوگوں کے لئے خزانۂ غیب میں موجود ہے۔ یہ ان کو ان کے اعمال کا صلہ ملا

كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ط لَا يَسْتَوٗنَ ⑱ ص

ہے۔ تو جو شخص مومن ہو کیا وہ اس شخص جیسا ہو جاوے گا جو بے حکم ہو، وہ آپس میں برابر نہیں ہو سکتے۔

اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ

جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے اچھے کام کئے سو اُن کے لئے ہمیشہ کا ٹھکانا جنتیں ہیں

الْمَاْوٰى ز نُزُلًا بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ⑲ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

جو انکے اعمال کے بدلہ میں بطور انکی مہمانی کے ہیں۔ اور جو لوگ بے حکم تھے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا

سو ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے وہ لوگ جب اس سے باہر نکلنا چاہیں گے تو پھر اسی

مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ

میں ڈھکیل دیئے جاویں گے۔ اور ان کو کہا جاوے گا کہ دوزخ کا وہ عذاب چکھو

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ

جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ اور ہم ان کو قریب کا (یعنی دنیا

الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ

میں آنے والا) عذاب بھی اس بڑے عذاب سے پہلے چکھادیں گے۔ تاکہ یہ

يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ

لوگ باز آویں۔ اور اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا جس کو اس کے رب کی آیتیں یاد دلائی جاویں

ع ۲ ۱۱ ۱۵ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع

پھر وہ ان سے اعراض کرے ہم ایسے مجرموں سے بدلہ لیں گے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ

اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تھی سو آپ اس کے ملنے میں کچھ شک نہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

لِقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۳﴾ وَجَعَلْنَا

کیجئے۔ اور ہم نے اس کو بنی اسرائیل کے لئے موجبِ ہدایت بنایا تھا۔ اور ہم نے

مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ۛؕ وَكَانُوْا

اُن میں بہت سے پیشوا بنا دیئے تھے جو ہمارے حکم سے ہدایت کیا کرتے تھے۔ جب کہ وہ لوگ صبر کئے رہے

بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ

اور وہ لوگ ہماری آیتوں کا یقین رکھتے تھے۔ آپ کا رب قیامت کے روز اُن سب کے آپس میں فیصلہ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾ اَوَلَمْ

ان امور میں کردے گا جن میں یہ باہم اختلاف کرتے تھے۔ کیا ان کو یہ امر موجب

يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ

رہنمائی نہیں ہوا کہ ہم اُن سے پہلے کتنی اُمتیں ہلاک کر چکے ہیں جن کے رہنے کے مقامات میں یہ

فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ؕ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۶﴾

لوگ آتے جاتے ہیں۔ اس میں صاف نشانیاں ہیں۔ کیا یہ لوگ سنتے نہیں ہیں، کیا

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ

اُنہوں نے اس بات پر نظر نہیں کی کہ ہم خشک زمین کی طرف پانی پہنچاتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ط

پھر اس کے ذریعے سے کھیتی پیدا کرتے ہیں جس سے اُن کے مواشی اور وہ خود بھی کھاتے ہیں۔

اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ

تو کیا وہ دیکھتے نہیں ہیں۔ اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ

فیصلہ کب ہوگا۔ آپ فرما دیجئے کہ اس فیصلہ کے دن کافروں کو ان کا ایمان

كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ

لانا نفع نہ دے گا اور ان کو مہلت بھی نہ ملے گی۔ سو ان کی باتوں کا خیال نہ کیجئے

۳ع۸ ۱۶

وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع

اور آپ منتظر رہیے یہ بھی منتظر ہیں۔

کوئی کام دشوار اور مشکل ہو جانے کے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا وَّاَنْتَ

"اے اللہ! کوئی کام بھی آسان نہیں بجز اس کے جس کو تُو آسان کر دے اور تُو تو جب

تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَهْلًا اِذَا شِئْتَ ط

چاہے سنگلاخ (زمینوں) کو بھی نرم و ہموار کر دے۔" (ابن السنی)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

آیاتها ۸۳ ۳۶ سُوْرَةُ یٰسٓ مَکِّیَّةٌ ۴۱ رکوعاتها ۵

سورۂ یٰسٓ مکہ میں نازل ہوئی اس میں تراسی آیتیں ہیں اور پانچ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

یٰسٓ ﴿۱﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ﴿۲﴾ اِنَّکَ لَمِنَ

یٰس . قسم ہے قرآن باحکمت کی کہ بیشک آپ منجملہ

الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۳﴾ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۴﴾ تَنْزِیْلَ

پیغمبروں کے ہیں۔ (اور) سیدھے رستہ پر ہیں۔ یہ قرآن خدائے زبردست مہربان

الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ﴿۵﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ

کی طرف سے نازل کیا گیا ہے کہ آپ (اولاً) ایسے لوگوں کو ڈرائیں جن کے باپ دادے نہیں

اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۶﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓی

ڈرائے گئے تھے سو اسی سے یہ بے خبر ہیں۔ اُن میں سے اکثر لوگوں پر (تقدیری) بات ثابت

اَکْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۷﴾ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ

ہو چکی ہے۔ سو یہ لوگ (ہرگز) ایمان نہ لاویں گے۔ ہم نے اُن کی گردنوں میں طوق

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اَعۡنَاقِهِمۡ اَغۡلٰلًا فَهِىَ اِلَى الۡاَذۡقَانِ فَهُمۡ

ڈال دیئے ہیں پھر وہ ٹھوڑیوں تک (اَڑ گئے) ہیں جس سے اُنکے سر اُوپر کو

مُّقۡمَحُوۡنَ ۝۸ وَجَعَلۡنَا مِنۡۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ سَدًّا وَّ

اُلل رہے ہیں۔ اور ہم نے ایک آڑ اُن کے سامنے کردی اور ایک آڑ اُن کے پیچھے کردی

مِنۡ خَلۡفِهِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَيۡنٰهُمۡ فَهُمۡ لَا يُبۡصِرُوۡنَ ۝۹

جس سے ہم نے (ہر طرف سے) انؔ کو (پردوں میں) گھیر دیا سو وہ نہیں دیکھ سکتے۔

وَسَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ لَا

اور اُن کے حق میں آپ کا ڈرانا یا نہ ڈرانا دونوں برابر ہیں یہ ایمان نہ

يُؤۡمِنُوۡنَ ۝۱۰ اِنَّمَا تُنۡذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكۡرَ وَخَشِىَ

لادیں گے۔ پس آپ تو صرف ایسے شخص کو ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت پر چلے اور

الرَّحۡمٰنَ بِالۡغَيۡبِ‌ۚ فَبَشِّرۡهُ بِمَغۡفِرَةٍ وَّاَجۡرٍ

خدا سے بے دیکھے ڈرے سو آپ اس کو مغفرت اور عمدہ عوض کی

كَرِيۡمٍ ۝۱۱ اِنَّا نَحۡنُ نُحۡىِ الۡمَوۡتٰى وَنَكۡتُبُ مَا

خوشخبری سنا دیجئے۔ بیشک ہم مُردوں کو زندہ کرینگے اور ہم لکھتے جاتے ہیں وہ اعمال بھی جن کو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

قَدَّمُوْا وَ اٰثَارَهُمْ ۗ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ

لوگ آگے بھیجتے جاتے ہیں اور اُنکے وہ اعمال بھی جن کو پیچھے چھوڑ جاتے ہیں اور ہم نے ہر چیز کو ایک

اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۲﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ

واضح کتاب میں ضبط کر دیا تھا۔ اور آپ ان کے سامنے ایک قصہ یعنی ایک بستی والوں کا قصہ

الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ اِذْ اَرْسَلْنَآ

اس وقت کا بیان کیجئے جبکہ اس بستی میں کئی رسول آئے۔ یعنی جبکہ ہم نے اُن کے پاس

اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا

(اوّل) دو کو بھیجا سو ان لوگوں نے (اوّل) دونوں کو جھوٹا بتلایا پھر تیسرے (رسول) سے تائید کی سو ان

اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ

تینوں نے کہا کہ ہم تمہارے پاس بھیجے گئے ہیں۔ ان لوگوں نے کہا کہ تم تو ہماری طرح (محض)

مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ

معمولی آدمی ہو اور خدائے رحمٰن نے (تو) کوئی چیز نازل (ہی) نہیں کی تم نِرا

اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ

جھوٹ بولتے ہو۔ ان رسولوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار علیم ہے کہ بیشک ہم تمہارے

وقف غفران

ع ۱۲ ۱۸

وقف لازم

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾

پاس بھیجے گئے ہیں۔ اور ہمارے ذمہ تو صرف واضح طور پر (حکم کا) پہنچا دینا تھا۔

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا

وہ لوگ کہنے لگے کہ ہم تو تم کو منحوس سمجھتے ہیں۔ اگر تم باز نہ آئے

لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾ قَالُوْا

تو ہم تمہیں سنگسار کر دیں گے اور تمکو ہماری طرف سے سخت تکلیف پہنچے گی۔ ان رسولوں نے کہا

طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۗ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۗ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ

کہ تمہاری نحوست تو تمہارے ساتھ ہی لگی ہوئی ہے کیا اسکو نحوست سمجھتے ہو کہ تمکو نصیحت کیجادے بلکہ تم (خود)

مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ

حد (عقل و شرع) سے نکل جانے والے لوگ ہو۔ اور ایک شخص (مسلمان) اس شہر کے کسی دور مقام سے

يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا

دوڑتا ہوا آیا (اور) کہنے لگا کہ اے میری قوم ان رسولوں کی راہ پر چلو (ضرور) ایسے لوگوں کی راہ پر چلو

مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

جو تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتے اور وہ خود راہِ راست پر بھی ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

وَمَالِيَ لَآ اَعۡبُدُ الَّذِيۡ فَطَرَنِيۡ وَاِلَيۡهِ

اور میرے پاس کونسا عذر ہے کہ میں اس (معبود) کی عبادت نہ کروں جس نے مجھ کو پیدا کیا اور تم سبکو اسی

تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۲۲﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً اِنۡ يُّرِدۡنِ

کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔ کیا میں خدا کو چھوڑ کر اور ایسے ایسے معبود قرار دے لوں کہ اگر

الرَّحۡمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغۡنِ عَنِّيۡ شَفَاعَتُهُمۡ شَيۡـًٔا وَّلَا

خدائے رحمٰن مجھ کو کچھ تکلیف پہنچانا چاہے تو نہ اُن معبودوں کی سفارش میرے کچھ کام آوے اور نہ

يُنۡقِذُوۡنِ ﴿۲۳﴾ اِنِّيۡۤ اِذًا لَّفِيۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ﴿۲۴﴾ اِنِّيۡۤ

وہ مجھ کو چھڑا سکیں۔ اگر میں ایسا کروں تو صریح گمراہی میں جا پڑا۔ میں تو تمہارے

اٰمَنۡتُ بِرَبِّكُمۡ فَاسۡمَعُوۡنِ ﴿۲۵﴾ قِيۡلَ ادۡخُلِ الۡجَنَّةَ ؕ

پروردگار پر ایمان لا چکا سو تم (بھی) میری بات سن لو۔ ارشاد ہوا کہ جا جنت میں داخل ہو۔

قَالَ يٰلَيۡتَ قَوۡمِيۡ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِيۡ رَبِّيۡ

کہنے لگا کہ کاش میری قوم کو یہ بات معلوم ہو جاتی کہ میرے پروردگار نے مجھ کو بخش دیا

وَجَعَلَنِيۡ مِنَ الۡمُكۡرَمِيۡنَ ﴿۲۷﴾ وَمَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلٰى قَوۡمِهٖ

اور مجھ کو عزت داروں میں شامل کر دیا اور ہم نے اس (شہید) کی قوم پر

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ۲۸

اُس کے بعد کوئی لشکر (فرشتوں کا) آسمان سے نہیں اُتارا اور نہ ہم کو اُتارنے کی ضرورت تھی۔

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ۲۹

وہ سزا بس ایک آواز سخت تھی اور وہ سب اسی دم (اُس سے) بجھ کر (یعنی مرکر) رہ گئے۔

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا

افسوس ایسے بندوں کے حال پر کبھی اُن کے پاس کوئی رسول نہیں آیا جس کی

كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۳۰ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا

اُنھوں نے ہنسی نہ اُڑائی ہو۔ کیا اُن لوگوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم ان سے

قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۳۱ ط

پہلے بہت سی اُمتیں غارت کر چکے کہ وہ (پھر) اُن کی طرف (دُنیا میں) لوٹ کر نہیں آتے۔

ع ۲۰ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۳۲ ع وَاٰيَةٌ لَّهُمُ

اور ان میں کوئی ایسا نہیں جو مجتمع طور پر ہمارے رُوبرُو حاضر نہ کیا جاوے۔ اور ایک نشانی ان لوگوں کیلئے

الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا

مُردہ زمین ہے۔ ہم نے اس کو (بارش سے) زندہ کیا اور ہم نے اس سے غلّے نکالے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيلٍ

سو اُن میں سے لوگ کھاتے ہیں اور (نیز) ہم نے اس میں کھجوروں اور انگوروں کے

وَّأَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ ﴿٣٤﴾ لِيَأْكُلُوا

باغ لگائے اور (نیز) اس میں چشمے جاری کئے۔ تاکہ لوگ باغ کے پھلوں میں سے کھائیں

مِنْ ثَمَرِهٖ وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ ط أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٣٥﴾

اور اس (پھل اور غلہ) کو اُن کے ہاتھوں نے نہیں بنایا۔ سو کیا شکر نہیں کرتے۔

سُبْحٰنَ الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ

وہ پاک ذات ہے جس نے تمام متقابل قسموں کو پیدا کیا نباتات زمین کے قبیل سے بھی اور (خود)

الْأَرْضُ وَمِنْ أَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٦﴾ وَآيَةٌ

ان آدمیوں میں سے بھی اور ان چیزوں میں سے بھی جن کو (عام لوگ) نہیں جانتے۔ اور ایک نشانی

لَّهُمُ اللَّيْلُ ج نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَإِذَا هُمْ مُّظْلِمُونَ ﴿٣٧﴾

اُن کیلئے رات ہے کہ ہم اس (رات) پر سے دن کو اُتار لیتے ہیں سو یکایک وہ لوگ اندھیرے میں رہ جاتے

وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ط ذٰلِكَ تَقْدِيرُ

ہیں۔ اور (ایک نشانی) آفتاب (ہے کہ وہ) اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے یہ اندازہ باندھا ہوا ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى

اس (خدا) کا جو زبردست علم والا ہے۔ اور چاند کے لئے منزلیں مقرر کیں۔ یہاں تک

عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ

کہ ایسا رہ جاتا ہے جیسے کھجور کی پرانی ٹہنی۔ نہ آفتاب کی مجال ہے

اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ

کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن سے پہلے آسکتی ہے۔ اور دونوں ایک ایک

فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ

دائرے میں تیر رہے ہیں۔ اور ایک نشانی اُن کے لئے یہ ہے کہ ہم نے اُن کی اولاد کو

فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا

بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا۔ اور ہم نے اُن کے لئے کشتی ہی جیسی ایسی چیزیں پیدا کیں جن پر یہ

يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ

لوگ سوار ہوتے ہیں۔ اور اگر ہم چاہیں تو اُن کو غرق کردیں۔ پھر نہ تو کوئی ان کا فریادرس ہو اور نہ

يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾

یہ خلاصی دیئے جاویں۔ مگر یہ ہماری ہی مہربانی ہے اور انکو ایک وقت معین تک فائدہ دینا (منظور) ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ

اور جب اُن لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ تم لوگ اس عذاب سے ڈرو جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ

(مرے) پیچھے ہے تاکہ تم پر رحمت کی جاوے۔ تو وہ اصلاً پرواہ نہیں کرتے اور اُنکے رب کی آیتوں میں سے

رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴٦﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

کوئی آیت بھی اُنکے پاس ایسی نہیں آتی جس سے وہ سرتابی نہ کرتے ہوں۔ اور جب اُن سے کہا جاتا

اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ہے کہ اللہ نے جو کچھ تم کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرو تو یہ کفار (ان) مسلمانوں سے یوں کہتے

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ

ہیں کہ کیا ہم ایسے لوگوں کو کھانے کو دیں جن کو اگر خدا چاہے تو (بہتیرا کچھ) کھانے کو دیدے۔

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى

تم نری صریح غلطی میں (پڑے) ہو۔ اور یہ لوگ (بطور انکار) کہتے ہیں کہ

هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو۔ یہ لوگ بس ایک آواز سخت کے منتظر ہیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَلَا

جو اُن کو آ پکڑے گی اور وہ سب باہم لڑ جھگڑ رہے ہوں گے۔ سو نہ تو

ع ۱۸ ۲ يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾ ع

وصیت کرنے کی فرصت ہوگی اور نہ اپنے گھر والوں کے پاس لوٹ کر جاسکیں گے۔

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ

اور پھر (دوبارہ) صور پھونکا جاوے گا سو وہ سب یکا یک قبروں سے (نکل نکل) اپنے رب کی طرف

يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا

جلدی جلدی چلنے لگیں گے۔ کہیں گے کہ ہائے ہماری کم بختی ہم کو ہماری قبروں سے کس نے اُٹھایا۔

هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾

یہ وہی (قیامت) ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبر سچ کہتے تھے۔

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا

بس وہ ایک زور کی آواز ہوگی، جس سے یکا یک سب جمع ہو کر ہمارے پاس

مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا

حاضر کردیئے جائیں گے۔ پھر اُس دِن کسی شخص پر ذرا ظلم نہ ہوگا اور تم کو بس ان ہی کاموں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ

کا بدلہ ملے گا جو تم کیا کرتے تھے۔ اہل جنت بیشک

الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ

اس دن اپنے مشغلوں میں خوش دِل ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیبیاں

فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾ لَهُمْ فِيْهَا

سایوں میں مسہریوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ اُن کے لئے وہاں (ہر طرح کے)

فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ

میوے ہونگے اور جو کچھ مانگیں گے ان کو ملے گا۔ اُن کو پروردگار مہربان کی طرف سے سلام فرمایا

رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾

جاوے گا۔ اور اے مجرمو! آج (اہل ایمان سے) الگ ہوجاؤ۔

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ

اے اولادِ آدم کیا میں نے تم کو تاکید نہیں کردی تھی کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ هٰذَا

وہ تمہارا صریح دشمن ہے اور یہ کہ میری (ہی) عبادت کرنا یہی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ أَضَلَّ مِنكُمْ جِبِلًّا كَثِيرًا ط

سیدھا رستہ ہے، اور وہ (شیطان) تم میں ایک کثیر مخلوق کو گمراہ کر چکا (ہے)۔

أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ ﴿٦٢﴾ هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي كُنتُمْ

سو کیا تم نہیں سمجھتے تھے۔ یہ جہنم ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جایا

تُوعَدُونَ ﴿٦٣﴾ اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٦٤﴾

کرتا تھا۔ آج اپنے کفر کے بدلہ میں اس میں داخل ہو۔

الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلَىٰ أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ

آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دینگے اور اُن کے ہاتھ ہم سے کلام کرینگے اور اُن کے پاؤں

أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ نَشَاءُ لَطَمَسْنَا

شہادت دیں گے۔ جو کچھ یہ لوگ کیا کرتے تھے۔ اور اگر ہم چاہتے تو (دُنیا ہی میں) ان کی

عَلَىٰ أَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَأَنَّىٰ يُبْصِرُونَ ﴿٦٦﴾

آنکھوں کو ملیامیٹ کر دیتے۔ پھر یہ رستہ کی طرف دوڑتے پھرتے سو ان کو کہاں نظر آتا۔

وَلَوْ نَشَاءُ لَمَسَخْنَاهُمْ عَلَىٰ مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوا

اور اگر ہم چاہتے تو اُن کی صورتیں بدل ڈالتے اس حالت سے کہ یہ جہاں ہیں وہیں رہ جاتے جس سے یہ

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ ع وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي

لوگ نہ آگے کو چل سکتے اور نہ پیچھے کو لوٹ سکتے۔ اور ہم جس کی عمر زیادہ کر دیتے ہیں تو اس کو طبعی حالت

الْخَلْقِ ط اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا

میں اُلٹا کر دیتے ہیں۔ سو کیا وہ لوگ نہیں سمجھتے۔ اور ہم نے آپ کو شاعری کا علم نہیں دیا۔ اور وہ آپ کیلئے

يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ط اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾ لا لِّيُنْذِرَ

شایان بھی نہیں وہ تو محض نصیحت (کا مضمون) اور ایک آسمانی کتاب ہے۔ جو احکام ظاہر کرنیوالی ہے تاکہ

مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾

ایسے شخص کو ڈراوے جو زندہ ہو اور تاکہ کافروں پر (عذاب کی) حجت ثابت ہو جاوے۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا

کیا اُن لوگوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم نے اُنکے (نفع کے) لئے اپنے ہاتھ کی ساختہ چیزوں میں سے مواشی پیدا

فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ

کئے۔ پھر یہ لوگ اُنکے مالک بن رہے ہیں۔ اور ہم نے ان مواشی کو انکا تابع بنادیا سو ان میں بعضے تو انکی سواریاں

وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ط

ہیں اور بعض کو وہ کھاتے ہیں۔ اور ان میں ان لوگوں کے اور بھی نفع ہیں اور پینے کی چیزیں بھی ہیں (یعنی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً

(وہ) سو کیا یہ لوگ شکر نہیں کرتے۔ اور انھوں نے خدا کے سوا اور معبود قرار دے رکھے ہیں اس امید پر کہ

لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ

انکو مدد ملے۔ (لیکن) وہ انکی کچھ مدد کر ہی نہیں سکتے اور وہ ان لوگوں کے حق میں ایک فریق (مخالف)

لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا

وقف لازم

ہو جاویں گے جو حاضر کئے جاوینگے۔ تو ان لوگوں کی باتیں آپ کیلئے آزردگی کا باعث نہ ہونا چاہئے

نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ

بیشک ہم سب جانتے ہیں جو کچھ یہ دل میں رکھتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں۔ کیا آدمی کو یہ معلوم

اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾

نہیں کہ ہم نے اس کو نطفہ سے پیدا کیا سو وہ علانیہ اعتراض کرنے لگا۔

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ

اور اس نے ہماری شان میں ایک عجیب مضمون بیان کیا اور اپنی اصل کو بھول گیا، کہتا ہے کہ ہڈیوں کو

الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ

(بالخصوص) جبکہ وہ بوسیدہ ہوگئی ہوں کون زندہ کردیگا۔ آپ جواب دے دیجئے کہ ان کو وہ زندہ کریگا جس نے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

أَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ﴿٧٩﴾ الَّذِي جَعَلَ

اوّل بار میں اُن کو پیدا کیا ہے اور وہ سب طرح کا پیدا کرنا جانتا ہے۔ وہ ایسا (قادر) ہے کہ

لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا أَنتُم مِّنْهُ

(بعض) ہرے درخت سے تمہارے لئے آگ پیدا کر دیتا ہے پھر تم اس سے اور آگ

تُوقِدُونَ ﴿٨٠﴾ أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ

سُلگا لیتے ہو۔ اور جس نے آسمان اور زمین پیدا کئے ہیں کیا وہ اس پر قادر نہیں

وَالْأَرْضَ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَن يَخْلُقَ مِثْلَهُم ۚ بَلَىٰ وَهُوَ

کہ ان جیسے آدمیوں کو (دوبارہ) پیدا کر دے ضرور قادر ہے اور وہ بڑا پیدا

الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ ﴿٨١﴾ إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا

کرنے والا خوب جاننے والا ہے۔ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو بس اس کا معمول تو یہ ہے کہ

أَن يَقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ﴿٨٢﴾ فَسُبْحَانَ الَّذِي

اس چیز کو کہہ دیتا ہے کہ ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے۔ تو اس کی پاک ذات ہے جس کے

بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٣﴾ ع ٥ ١٦

ہاتھ میں ہر چیز کا پورا اختیار ہے اور تم سب اُسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

آیاتہا ۵۹ ۴۴ سُوْرَۃُ الدُّخَانِ مَکِّیَّۃٌ ۶۴ رکوعاتہا ۳

سورۂ دُخان مکہ میں نازل ہوئی۔ اس میں اُنسٹھ آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

ع ۱۲ م حٰمٓ ۞ ① وَالْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ ② اِنَّآ اَنْزَلْنٰہُ فِیْ لَیْلَۃٍ

حٰمٓ۔ قسم ہے اس کتاب واضح کی کہ ہم نے اسکو (لوحِ محفوظ سے آسمان دُنیا پر) ایک برکت والی رات

مُّبٰرَکَۃٍ اِنَّا کُنَّا مُنْذِرِیْنَ ③ فِیْہَا یُفْرَقُ کُلُّ

(یعنی شب قدر) میں اُتارا ہے ہم آگاہ کرنے والے تھے۔ اس رات میں ہر حکمت والا

اَمْرٍ حَکِیْمٍ ④ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ۭ اِنَّا کُنَّا

معاملہ ہماری پیشی سے حکم ہو کر طے کیا جاتا ہے۔ ہم بوجہ رحمت کے جو آپ کے

مُرْسِلِیْنَ ⑤ رَحْمَۃً مِّنْ رَّبِّکَ ۭ اِنَّہٗ ہُوَ السَّمِیْعُ

رب کی طرف سے ہوتی ہے آپ کو پیغمبر بنانے والے تھے۔ بیشک وہ بڑا سننے والا بڑا

وقف لازم الْعَلِیْمُ ⑥ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَہُمَا ۘ

جاننے والا ہے۔ جو کہ مالک ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو (مخلوق) ان دونوں کے درمیان ہے اس کا بھی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝۷ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيِ

اگر تم یقین لانا چاہو۔ اس کے سوا کوئی لائق عبادت کے نہیں۔ وہی جان ڈالتا ہے

وَيُمِيْتُ ۭ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۸

اور وہی جان نکالتا ہے، وہ تمہارا بھی پروردگار ہے اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا بھی پروردگار ہے۔

بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ۝۹ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي

بلکہ وہ شک میں ہیں کھیل میں مصروف ہیں۔ سو آپ (ان کیلئے) اس روز کا انتظار کیجئے

السَّمَاۗءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝۱۰ لا يَّغْشَى النَّاسَ ۭ هٰذَا

کہ آسمان کی طرف ایک نظر آنے والا دھواں پیدا ہو۔ جو اُن سب لوگوں پر عام ہو جائے۔ یہ (بھی)

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱۱ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا

ایک دردناک سزا ہے۔ اے ہمارے رب ہم سے اس مصیبت کو دور کر دیجئے ہم ضرور

مُؤْمِنُوْنَ ۝۱۲ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَاۗءَهُمْ

ایمان لے آدینگے۔ ان کو (اس سے) کب نصیحت ہوتی ہے۔ حالانکہ (اسکے قبل) انکے پاس ظاہر

رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۳ لا ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ

شان کا پیغمبر آیا۔ پھر بھی یہ لوگ اس سے سرتابی کرتے رہے اور یہی کہتے رہے کہ (کسی دوسرے بشر کا)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مَّجْنُوْنٌ ﴿١٤﴾ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ

سکھایا ہوا ہے دیوانہ ہے۔ ہم چندے اس عذاب کو ہٹادیں گے تم پھر اپنی اُسی

عَآئِدُوْنَ ﴿١٥﴾ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا

حالت پر آجاؤ گے۔ جس روز ہم بڑی سخت پکڑ پکڑیں گے (اس روز) ہم

مُنْتَقِمُوْنَ ﴿١٦﴾ وَ لَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ

(پورا) بدلہ لیں گے۔ اور ہم نے اُن سے پہلے قوم فرعون کو آزمایا تھا اور (وہ آزمائش

وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ﴿١٧﴾ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ

یہ تھی کہ) اُنکے پاس ایک معزز پیغمبر آئے تھے۔ کہ ان اللہ کے بندوں (یعنی بنی اسرائیل) کو میرے حوالہ

اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٨﴾ وَّ اَنْ لَّا تَعْلُوْا

کردو۔ میں تمہاری طرف (خدا کا) فرستادہ (ہو کر آیا) ہوں، دیانتدار ہوں۔ اور یہ (بھی فرمایا) کہ تم خدا

عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّيْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٩﴾ وَ اِنِّيْ

سے سرکشی مت کرو۔ میں تمہارے سامنے ایک واضح دلیل (اپنی نبوت کی) پیش کرتا ہوں۔ اور میں اپنے

عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿٢٠﴾ وَ اِنْ لَّمْ

پروردگار اور تمہارے پروردگار کی پناہ لیتا ہوں اس سے کہ تم لوگ مجھ کو پتھر (یا غیر پتھر) سے قتل کرو۔ اور اگر

وقف لازم
وقف لازم

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ ﴿٢١﴾ فَدَعَا رَبَّهُ أَنَّ هَٰؤُلَاءِ

تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو تم مجھ سے الگ ہی رہو۔ تب موسیٰ نے اپنے رب سے دُعا کی کہ یہ

قَوْمٌ مُّجْرِمُونَ ﴿٢٢﴾ فَأَسْرِ بِعِبَادِي لَيْلًا إِنَّكُم

بڑے سخت مُجرم لوگ ہیں۔ تو اب میرے بندوں کو تم رات ہی رات میں لیکر چلے جاؤ۔ تم

مُّتَّبَعُونَ ﴿٢٣﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۖ إِنَّهُمْ جُندٌ

لوگوں کا تعاقب ہوگا۔ اور تم اس دریا کو سکون کی حالت میں چھوڑ دینا ان کا سارا لشکر

مُّغْرَقُونَ ﴿٢٤﴾ كَمْ تَرَكُوا مِن جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿٢٥﴾

ڈبودیا جاوے گا۔ وہ لوگ کتنے ہی باغ اور چشمے (یعنی نہریں)

وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ﴿٢٦﴾ وَنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا

اور کھیتیاں اور عمدہ مکانات۔ اور آرام کے سامان جس میں وہ خوش رہا کرتے

فَاكِهِينَ ﴿٢٧﴾ كَذَٰلِكَ ۖ وَأَوْرَثْنَاهَا قَوْمًا آخَرِينَ ﴿٢٨﴾

تھے چھوڑ گئے۔ (یہ قصہ) اسی طرح ہوا اور ہم نے ایک دوسری قوم کو ان کا مالک بنا دیا۔

فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ وَمَا كَانُوا

سو نہ تو ان پر آسمان اور زمین کو رونا آیا۔ اور نہ اُن کو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ع ۲۹ ۱۴

مُنْظَرِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ

مہلت دی گئی۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو سخت ذلت کے عذاب یعنی

الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿٣٠﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا

فرعون (کے ظلم و ستم) سے نجات دی واقعی وہ بڑا سرکش (اور) حد (عبودیت) سے نکل جانے

مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٣١﴾ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى

والوں میں سے تھا۔ اور (اسکے علاوہ) ہم نے بنی اسرائیل کو اپنے علم کی رو سے (بعض امور میں) تمام دنیا

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٢﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا

جہان والوں پر فوقیت دی۔ اور ہم نے اُن کو ایسی نشانیاں دیں جن میں صریح

مُّبِيْنٌ ﴿٣٣﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿٣٤﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا

انعام تھا۔ یہ لوگ کہتے ہیں کہ اخیر حالت بس یہی ہمارا دُنیا کا

مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿٣٥﴾ فَاْتُوْا

مرنا ہے اور ہم دوبارہ زندہ نہ ہونگے۔ سوائے مسلمانوں! اگر تم سچے ہو تو ہمارے

بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٦﴾ اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ

باپ دادوں کو (زندہ کرکے) لا موجود کرو۔ یہ لوگ (قوت و شوکت میں) زیادہ بڑھے ہوئے ہیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

تُبَّعٍ ۙ وَّ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ اَهْلَكْنٰهُمْ ٘ اِنَّهُمْ

یا تبع (شاہ یمن) کی قوم اور جو قومیں ان سے پہلے ہو گذری ہیں۔ ہم نے ان کو بھی

كَانُوْا مُجْرِمِیْنَ ﴿۳۷﴾ وَ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ

ہلاک کر ڈالا وہ نافرمان تھے۔ اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ اُن کے درمیان میں ہے،

وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَیْنَهُمَا لٰعِبِیْنَ ﴿۳۸﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَاۤ

اس کو اس طور پر نہیں بنایا کہ ہم فعلِ عبث کرنے والے ہوں۔ (بلکہ) ہم نے ان دونوں کو

اِلَّا بِالْحَقِّ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ

کسی حکمت ہی سے بنایا ہے۔ لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے۔ بیشک

یَوْمَ الْفَصْلِ مِیْقَاتُهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۴۰﴾ ۙ یَوْمَ لَا یُغْنِیْ

فیصلہ کا دن (یعنی قیامت کا دن) ان سب کا وقت مقرر ہے۔ جس دن کوئی علاقہ والا کسی علاقہ

مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَیْـًٔا وَّ لَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ ۙ اِلَّا مَنْ

والے کے ذرا کام نہ آوے گا اور نہ اُن کی کچھ حمایت کی جاویگی۔ ہاں مگر جس پر

رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۴۲﴾ اِنَّ شَجَرَتَ ع ۲ ۱۳ ۱۵

اللہ رحم فرمائے وہ (اللہ) زبردست ہے مہربان ہے۔ بیشک زقوم کا درخت بڑے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

معانقة ۱۲

الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ يَغْلِىْ فِى

مجرم (یعنی کافر) کا کھانا ہوگا۔ جو (کریہ صورت ہونے میں) تیل کی تلچھٹ جیسا ہوگا (اور) وہ

الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى

پیٹ میں ایسا کھولیگا جیسا تیز گرم پانی کھولتا ہے (اور فرشتوں کو حکم ہوگا کہ) اس کو پکڑو پھر گھسیٹتے ہوئے

سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ

دوزخ کے بیچوں بیچ تک لے جاؤ۔ پھر اسکے سر کے اُوپر تکلیف دینے والا

عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾ ذُقْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾

گرم پانی چھوڑ دو۔ لے چکھ۔ تو بڑا معزز و مکرم ہے۔

اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِىْ

یہ وہی چیز ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھے۔ بیشک خدا سے ڈرنے والے

مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿۵۱﴾ فِىْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۲﴾ يَّلْبَسُوْنَ

امن (چین) کی جگہ میں ہوں گے۔ یعنی باغوں میں اور نہروں میں (اور) وہ لباس پہنیں گے،

مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۵۳﴾ كَذٰلِكَ

باریک اور دبیز ریشم کا آمنے سامنے بیٹھے ہونگے۔ (اور) یہ بات اسی طرح ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

تُبَّعٍ ۙ وَّ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ اَهْلَكْنٰهُمْ اِنَّهُمْ

یا تبع (شاہ یمن) کی قوم اور جو قومیں ان سے پہلے ہوگذری ہیں۔ ہم نے ان کو بھی

كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ

ہلاک کرڈالا وہ نافرمان تھے۔ اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ اُن کے درمیان میں ہے،

وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَآ

اس کو اس طور پر نہیں بنایا کہ ہم فعلِ عبث کرنے والے ہوں۔ (بلکہ) ہم نے ان دونوں کو

اِلَّا بِالْحَقِّ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ

کسی حکمت ہی سے بنایا ہے۔ لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے۔ بیشک

يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾ ۙ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ

فیصلہ کا دن (یعنی قیامت کا دن) ان سب کا وقت مقرر ہے۔ جس دن کوئی علاقہ والا کسی علاقہ

مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّ لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ ۙ اِلَّا مَنْ

والے کے ذرا کام نہ آوے گا اور نہ اُن کی کچھ حمایت کی جاویگی۔ ہاں مگر جس پر

رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾ ع اِنَّ شَجَرَتَ ع ۲ ۱۳ ۱۵

اللہ رحم فرمائے وہ (اللہ) زبردست ہے مہربان ہے۔ بیشک زقوم کا درخت بڑے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

معانقۃ ۱۲

الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِیْمِ ﴿۴۴﴾ کَالْمُهْلِ یَغْلِیْ فِی

مجرم (یعنی کافر) کا کھانا ہوگا۔ جو (کریہ صورت ہونے میں) تیل کی تلچھٹ جیسا ہوگا (اور) وہ

الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ کَغَلْیِ الْحَمِیْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰی

پیٹ میں ایسا کھولیگا جیسا تیز گرم پانی کھولتا ہے (اور فرشتوں کو حکم ہوگا کہ) اس کو پکڑو پھر گھسیٹتے ہوئے

سَوَآءِ الْجَحِیْمِ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ

دوزخ کے بیچوں بیچ تک لے جاؤ۔ پھر اسکے سر کے اوپر تکلیف دینے والا

عَذَابِ الْحَمِیْمِ ﴿۴۸﴾ ذُقْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْكَرِیْمُ ﴿۴۹﴾

گرم پانی چھوڑ دو۔ لے چکھ۔ تو بڑا معزز و مکرم ہے۔

اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ

یہ وہی چیز ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھے۔ بیشک خدا سے ڈرنے والے

مَقَامٍ اَمِیْنٍ ﴿۵۱﴾ فِیْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿۵۲﴾ یَّلْبَسُوْنَ

امن (چین) کی جگہ میں ہوں گے۔ یعنی باغوں میں اور نہروں میں (اور) وہ لباس پہنیں گے،

مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ﴿۵۳﴾ كَذٰلِكَ

باریک اور دبیز ریشم کا آمنے سامنے بیٹھے ہونگے۔ (اور) یہ بات اسی طرح ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَ زَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۵۴﴾ يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ

اور ہم ان کا گوری گوری بڑی بڑی آنکھوں والیوں سے بیاہ کرینگے۔ (اور) وہاں اطمینان سے

فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا

ہر قسم کے میوے منگاتے ہوں گے۔ (اور) وہاں وہ بجز اس موت کے جو دُنیا میں آ چکی تھی اور موت

الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۶﴾

کا ذائقہ بھی نہ چکھیں گے (یعنی مریں گے نہیں) اور اللہ تعالیٰ ان کو دوزخ سے بچالے گا۔

فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾

یہ سب کچھ آپ کے رب کے فضل سے ہوگا۔ بڑی کامیابی یہی ہے۔

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

سو ہم نے اس قرآن کو آپکی زبان (عربی) میں آسان کردیا ہے تاکہ یہ لوگ نصیحت قبول کریں۔

فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع ۳ ۱۶

تو (اگر یہ لوگ نہ مانیں تو) آپ منتظر رہیئے یہ لوگ بھی منتظر ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ایاتہا ۲۹ ۴۸ سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۱ رکوعاتہا ۴

سورۂ فتح مدینہ میں نازل ہوئی اس میں اُنتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝۱ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ

بیشک ہم نے آپ کو ایک کھلم کھلا فتح دی، تا کہ اللہ تعالیٰ آپ کی

مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَ مَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ

سب اگلی پچھلی خطائیں معاف فرمادے اور آپ پر اپنے احسانات کی

عَلَيْكَ وَ يَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝۲ وَّ

تکمیل کردے اور آپ کو سیدھے رستہ پر لے چلے اور

يَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝۳ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ

اللہ آپ کو ایسا غلبہ دے جس میں عزت ہی عزت ہو۔ وہ خدا ایسا ہے جس نے مسلمانوں

السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا

کے دلوں میں تحمل پیدا کیا ہے تا کہ اُن کے پہلے ایمان کے ساتھ ان کا ایمان

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

اور زیادہ ہو۔ اور آسمان و زمین کا سب لشکر اللہ ہی کا ہے

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۴ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور اللہ تعالیٰ (مصلحتوں کا) بڑا جاننے والا بڑی حکمت والا ہے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ مسلمان مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اور مسلمان عورتوں کو ایسی بہشت میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ

جن میں ہمیشہ کو رہیں گے اور تاکہ ان کے گناہ دُور کردے اور یہ

عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝۵ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ

اللہ کے نزدیک بڑی کامیابی ہے۔ اور تاکہ اللہ تعالیٰ منافق مردوں

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ

اور منافق عورتوں اور مشرک مَردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے جو کہ اللہ کے ساتھ

بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ

بُرے بُرے گمان رکھتے ہیں۔ اُن پر بُرا وقت پڑنے والا ہے۔ اور (آخرت میں) اللہ تعالیٰ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۚ وَسَآءَتْ

اُن پر غضبناک ہوگا۔ اور ان کو رحمت سے دُور کر دیگا اور ان کیلئے اُس نے دوزخ تیار کر رکھی ہے اور وہ

مَصِيْرًا ﴿٦﴾ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔ اور آسمان و زمین کا سب لشکر اللہ ہی کا ہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿٧﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ

اور اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والا ہے۔ ہم نے آپ کو گواہی دینے والا

شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿٨﴾ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا کرکے بھیجا ہے۔ تاکہ تم لوگ اللہ پر

وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً

اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو اور اس کی تعظیم کرو۔ اور صبح و شام اس کی

وَّاَصِيْلًا ﴿٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ

تسبیح میں لگے رہو۔ جو لوگ آپ سے بیعت کر رہے ہیں تو وہ (واقع میں) اللہ تعالیٰ سے بیعت

اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا

کر رہے ہیں۔ خدا کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے۔ پھر (بعد بیعت کے) جو شخص عہد توڑے گا سو اسکے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Addvcate Showkat

يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ

عہد توڑنے کا وبال اسی پر پڑیگا۔ اور جو شخص اس بات کو پورا کریگا جس پر (بیعت میں) خدا سے عہد

فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۰﴾ ع سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ ع ۹

کیا ہے سو عنقریب خدا اس کو بڑا اجر دیگا۔ جو دیہاتی پیچھے رہ گئے وہ عنقریب

مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا

آپ سے کہیں گے کہ ہم کو ہمارے مال و عیال نے فرصت نہ لینے دی۔

فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِىْ

سو ہمارے لئے (اس کوتاہی کی) معافی کی دعا مانگیئے، یہ لوگ اپنی زبان سے وہ باتیں کہتے ہیں جو انکے

قُلُوْبِهِمْ ۗ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ

دل میں نہیں ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ سو وہ کون ہے جو خدا کے سامنے تمہارے لئے کسی چیز کا (کچھ بھی)

اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۗ بَلْ كَانَ اللّٰهُ

اختیار رکھتا ہو اگر اللہ تعالیٰ تم کو کوئی نقصان یا کوئی نفع پہنچانا چاہے بلکہ اللہ تعالیٰ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۱﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ

تمہارے سب اعمال پر مطلع ہے۔ بلکہ تم نے یوں سمجھا کہ رسول اور (ہمراہی) مومنین

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

الرَّسُوۡلُ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ اِلٰۤی اَہۡلِیۡہِمۡ اَبَدًا وَّ زُیِّنَ ذٰلِکَ

اپنے گھر والوں میں کبھی لوٹ کر نہ آویں گے اور یہ بات تمہارے دلوں

فِیۡ قُلُوۡبِکُمۡ وَ ظَنَنۡتُمۡ ظَنَّ السَّوۡءِ ۚۖ وَ کُنۡتُمۡ قَوۡمًۢا

میں اچھی بھی معلوم ہوئی تھی اور تم نے بُرے بُرے گمان کئے۔ اور تم برباد ہونے والے

بُوۡرًا ﴿۱۲﴾ وَ مَنۡ لَّمۡ یُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰہِ وَ رَسُوۡلِہٖ فَاِنَّاۤ

لوگ ہوگئے۔ اور جو شخص اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان نہ لاوے گا سو ہم نے

اَعۡتَدۡنَا لِلۡکٰفِرِیۡنَ سَعِیۡرًا ﴿۱۳﴾ وَ لِلّٰہِ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ

کافروں کے لئے دوزخ تیار کررکھی ہے۔ اور تمام آسمان و زمین کی سلطنت اللہ

وَ الۡاَرۡضِ ؕ یَغۡفِرُ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَ یُعَذِّبُ مَنۡ

ہی کی ہے وہ جس کو چاہے بخش دے اور جس کو چاہے

یَّشَآءُ ؕ وَ کَانَ اللّٰہُ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا ﴿۱۴﴾ سَیَقُوۡلُ

سزا دے اور اللہ تعالیٰ بڑا غفور رحیم ہے۔ جو لوگ پیچھے

الۡمُخَلَّفُوۡنَ اِذَا انۡطَلَقۡتُمۡ اِلٰی مَغَانِمَ لِتَاۡخُذُوۡہَا

رہ گئے تھے وہ عنقریب جب تم (خیبر کی) غنیمتیں لینے چلوگے کہیں گے کہ ہم کو بھی اجازت دو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ

کہ ہم تمہارے ساتھ چلیں۔ وہ لوگ یوں چاہتے ہیں کہ خدا کے حکم کو بدل ڈالیں۔

قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ

آپ کہہ دیجئے کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں چل سکتے۔ خدا تعالیٰ نے پہلے سے یوں ہی فرما دیا ہے۔

فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ

تو وہ لوگ کہیں گے بلکہ تم لوگ ہم سے حسد کرتے ہو بلکہ خود یہ لوگ بہت کم

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ

بات سمجھتے ہیں۔ آپ ان پیچھے رہنے والے دیہاتیوں سے (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ عنقریب

سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِىْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ

تم لوگ ایسے لوگوں (سے لڑنے) کیطرف بلائے جاؤ گے۔ جو سخت لڑنے والے ہونگے کہ یا تو اُن سے لڑتے

اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا

رہو یا وہ مطیع (اسلام) ہو جائیں سو اگر تم اطاعت کرو گے تو تم کو اللہ تعالیٰ نیک عوض (یعنی

حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ

جنت) دے گا۔ اور اگر تم (اس وقت بھی) روگردانی کرو گے جیسا اس کے قبل روگردانی کر چکے ہو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى

تو وہ دردناک عذاب کی سزا دیگا۔ نہ اندھے پر کوئی گناہ

حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ

ہے۔ اور نہ لنگڑے پر کوئی گناہ ہے اور نہ بیمار پر کوئی

حَرَجٌ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ

گناہ ہے اور جو شخص اللہ ورسول کا کہنا مانے گا اس کو وہ ایسی جنتوں میں داخل کرے گا

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ

جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ اور جو شخص (حکم سے) روگردانی کرے گا اس کو دردناک

ع ۲
عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾ ع لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ

عذاب کی سزا دے گا۔ بالتحقیق اللہ تعالیٰ ان مسلمانوں سے خوش ہوا جب کہ یہ لوگ آپ سے

اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ

درخت (سمرہ) کے نیچے بیعت کررہے تھے اور اُنکے دلوں میں جو کچھ تھا اللہ کو وہ بھی معلوم تھا

فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ لا

پس اللہ تعالیٰ نے ان میں اطمینان پیدا کردیا اور ان کو ایک لگتے ہاتھ فتح دے دی،

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَّ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا

اور (اس فتح میں) بہت سی غنیمتیں بھی (دیں) جنکو یہ لوگ لے رہے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ بڑا زبردست

حَكِيْمًا ﴿١٩﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا

بڑا حکمت والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تم سے (اور بھی) بہت سی غنیمتوں کا وعدہ کر رکھا ہے جن کو تم لو گے۔

فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَ كَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ج

سو سردست تم کو یہ دے دی ہے اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیئے،

وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَ يَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا

اور تاکہ یہ (واقعہ) اہل ایمان کے لئے ایک نمونہ ہوجائے اور تاکہ تم کو ایک سیدھی

مُّسْتَقِيْمًا ﴿٢٠﴾ لا وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ

سڑک پر ڈال دے۔ اور ایک فتح اور بھی ہے جو تمہارے قابو میں نہیں آئی۔ خدا تعالیٰ اس کو احاطہ

اللّٰهُ بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿٢١﴾ وَلَوْ

میں لئے ہوئے ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور اگر

قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ

تم سے یہ کافر لڑتے تو ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگتے پھر نہ ان کو کوئی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri
Collection Of Adovcate Showkat

وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ

یار ملتا اور نہ مددگار۔ اللہ تعالیٰ نے (کفار کیلئے) یہی دستور کر رکھا ہے جو پہلے سے

مِنْ قَبْلُ ۚۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ وَهُوَ

چلا آتا ہے۔ اورآپ خدا کے دستور میں ردّو بدل نہ پاویں گے۔ اور وہ ایسا ہے کہ

الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ

اُس نے ان کے ہاتھ تم سے (یعنی تمہارے قتل سے) اور تمہارے ہاتھ ان (کے قتل) سے عین مکہ

مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا

(کے قرب) میں روک دیئے بعد اس کے کہ تم کو ان پر قابو دے دیا تھا۔ اور اللہ تعالیٰ

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾ هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ

تمہارے کاموں کو دیکھ رہا تھا۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تم کو

عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ

مسجد حرام سے روکا۔ اور (نیز) قربانی کے جانور کو جورُکا ہوا رہ گیا اس کے موقع میں پہنچنے

مَحِلَّهٗ ؕ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ

سے روکا۔ اور اگر (مکہ میں اس وقت) بہت سے مسلمان مرد اور بہت سی مسلمان عورتیں نہ ہوتیں

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَــُٔوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ

جنکی تمکو خبر بھی نہ تھی یعنی اُنکے پس جانیکا احتمال نہ ہوتا جس پر اُنکی وجہ سے تمکو بھی بے خبری سے ضرر پہنچتا

بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ

تو سب قصہ طے کر دیا جاتا لیکن ایسا اسلئے نہیں کیا گیا تا کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت میں جس کو چاہے

لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا

داخل کر دے۔ اگر یہ ٹل گئے ہوتے تو ان میں جو کافر تھے ہم ان کو دردناک

اَلِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ

سزا دیتے۔ جبکہ ان کافروں نے اپنے دِلوں میں عار کو

الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى

جگہ دی۔ اور عار بھی جاہلیت کی سو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اور مومنین

رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ

کو اپنی طرف سے تحمل عطا کیا اور اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو تقویٰ کی بات پر

التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

جمائے رکھا۔ اور وہ اس کے زیادہ مستحق ہیں اور وہ اس کے اہل ہیں اور اللہ تعالیٰ

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ع ۳ ۹ ۱۱

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿٢٦﴾ ع لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ

ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو سچا

رَسُولَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ

خواب دکھلایا جو مطابق واقع کے ہے کہ تم لوگ مسجد حرام (یعنی مکہ) میں

الْحَرَامَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ آمِنِينَ ۙ مُحَلِّقِينَ

انشاء اللہ ضرور جاؤ گے۔ امن وامان کے ساتھ کہ تم میں کوئی

رُءُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ ۙ لَا تَخَافُونَ ۖ فَعَلِمَ مَا لَمْ

سر منڈاتا ہوگا اور کوئی بال کتراتا ہوگا تم کو کسی طرح کا اندیشہ نہ ہوگا۔ سو اللہ تعالیٰ کو

تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِنْ دُونِ ذَٰلِكَ فَتْحًا قَرِيبًا ﴿٢٧﴾

وہ باتیں معلوم ہیں جو تم کو معلوم نہیں۔ پھر اس سے پہلے ایک فتح دے دی ہے۔

هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ

وہ اللہ ایسا ہے کہ اُس نے اپنے رسولؐ کو ہدایت دی اور سچا دین (یعنی اسلام)

الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللّٰهِ

دیکر (دنیا میں) بھیجا ہے تاکہ اس کو تمام دینوں پر غالب کرے۔ اور اللہ کافی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

شَهِيدًا ﴿٢٨﴾ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ ۚ وَالَّذِينَ مَعَهُ

گواہ ہے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ اور جو لوگ آپ کی صحبت یافتہ ہیں

أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ ۖ تَرَاهُمْ رُكَّعًا

وہ کافروں کے مقابلہ میں تیز ہیں۔ اور آپس میں مہربان ہیں۔ اے مخاطب تو ان کو دیکھے گا کہ کبھی

سُجَّدًا يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا ۖ سِيمَاهُمْ

رکوع کر رہے ہیں کبھی سجدہ کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور رضامندی کی جستجو میں لگے ہیں۔

فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ۚ ذَٰلِكَ مَثَلُهُمْ

ان کے آثار بوجہ تاثیر سجدہ کے ان کے چہروں پر نمایاں ہیں۔ یہ اُن کے اوصاف

فِي التَّوْرَاةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ ۚ كَزَرْعٍ معانقة ۱۵

توریت میں ہیں اور انجیل میں اُن کا یہ وصف ہے کہ جیسے کھیتی کہ

أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ عَلَىٰ

اس نے اپنی سوئی نکالی۔ پھر اُس نے اس کو قوی کیا۔ پھر وہ اور موٹی ہوئی پھر اپنے تنے پر سیدھی

سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۗ

کھڑی ہوگئی۔ کہ کسانوں کو بھلی معلوم ہونے لگی۔ تاکہ ان سے کافروں کو جلاوے،

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri
Collection Of Adovcate Showkat

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ

اللہ تعالیٰ نے ان صاحبوں سے جو کہ ایمان لائے ہیں اور نیک کام کر رہے ہیں

مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾

☆☆☆ مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ کر رکھا ہے۔ ☆☆☆

دعا برائے ہدایت

شروع میں گیارہ ۱۱ دفعہ درود شریف پھر تین ۳ مرتبہ سورۂ جمعہ اور اس کے بعد:

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ط لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ

اور ان کے قلوب میں اتفاق پیدا کر دیا۔ اگر آپ دنیا بھر کا مال خرچ

جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ

کرتے تب بھی اُن کے قلوب میں اتفاق پیدا نہ کر سکتے لیکن اللہ ہی نے ان میں باہم اتفاق

بَيْنَهُمْ ط اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۳﴾

پیدا کر دیا۔ بیشک وہ زبردست ہیں حکمت والے ہیں۔ (سورۂ انفال ۶۳)

پھر گیارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں، اس کے بعد ہدایت کی دُعا مانگیں۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اٰیاتها ۴۵ ۵۰ سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ ۳۴ رکوعاتها ۳

سورۂ قٓ مکہ میں نازل ہوئی اس میں پینتالیس آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ① بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ

قٓ قسم ہے قرآن مجید کی۔ بلکہ انکو اس بات پر تعجب ہوا کہ اُنکے پاس انہی (کی جنس) میں سے (کہ

مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ②

بشر ہیں) ایک ڈرانے والا (پیغمبر) آ گیا۔ سو کافر لوگ کہنے لگے کہ یہ (ایک) عجیب بات ہے۔

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌ ۢ بَعِيْدٌ ③ قَدْ

جب ہم مرگئے اور مٹی ہوگئے تو کیا دوبارہ زندہ ہونگے۔ یہ دوبارہ زندہ ہونا (امکان سے) بہت ہی بعید بات

عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ

ہے۔ ہم انکے ان اجزاء کو جانتے ہیں جن کو مٹی (کھاتی اور) کم کرتی ہے۔ اور ہمارے پاس (وہ)

حَفِيْظٌ ④ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ

کتاب (یعنی لوح) محفوظ (موجود) ہے۔ بلکہ سچی بات کو جبکہ وہ انکو پہنچتی ہے جھٹلاتے ہیں۔ غرض یہ کہ وہ ایک

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adbvcate Showkat

اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ۝۵ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ

متزلزل حالت میں ہیں۔ کیا اُن لوگوں نے اپنے اوپر کی طرف آسمان کو نہیں دیکھا کہ ہمنے اسکو کیسا (اونچا

بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۝۶ وَالْاَرْضَ

اور بڑا) بنایا اور (ستاروں سے) اس کو آراستہ کیا۔ اور اس میں کوئی رخنہ تک نہیں۔ اور زمین کو

مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ

ہم نے پھیلایا۔ اور اس میں پہاڑوں کو جمایا اور اس میں ہر قسم کی خوشنما چیزیں

كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝۷ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ

اُگائیں۔ جو ذریعہ ہے بینائی اور دانائی کا ہر رجوع ہونے والے بندے

مُّنِيْبٍ ۝۸ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ

کے لئے۔ اور ہم نے آسمان سے برکت (یعنی نفع) والا پانی برسایا۔ پھر اس سے بہت

جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ۝۹ وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ

سے باغ اُگائے اور کھیتی کا غلہ۔ اور لمبی لمبی کھجور کے درخت جن کے گچھے خوب گوندھے ہوئے

نَّضِيْدٌ ۝۱۰ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ؕ

ہوتے ہیں۔ بندوں کے رزق دینے کے لئے اور ہم نے اس (بارش) کے ذریعہ سے مردہ زمین کو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ﴿۱۱﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّ

زندہ کیا (پس) اسی طرح زمین سے نکلنا ہوگا۔ اس سے پہلے قوم نوحؑ اور

اَصْحٰبُ الرَّسِّ وَ ثَمُوْدُ ﴿۱۲﴾ وَ عَادٌ وَّ فِرْعَوْنُ وَ اِخْوَانُ

اصحاب الرّس اور ثمود اور عاد اور فرعون اور قوم

لُوْطٍ ﴿۱۳﴾ وَّ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَ قَوْمُ تُبَّعٍ ؕ كُلٌّ كَذَّبَ

لوطؑ۔ اور اصحاب ایکہ و قوم تبع تکذیب کرچکے ہیں۔ (یعنی سب نے پیغمبروں

الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ

کو جھٹلایا۔ سو میری وعید (ان پر) محقق ہوگئی کیا ہم پہلی بار کے پیدا کرنے میں تھک گئے۔

بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۵﴾ ع وَ لَقَدْ خَلَقْنَا

بلکہ یہ لوگ از سر نو پیدا کرنیکی طرف سے (محض بے دلیل) شبہ میں ہیں۔ اور ہم نے انسان کو پیدا کیا ہے

الْاِنْسَانَ وَ نَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚۖ وَ نَحْنُ

اور اس کے جی میں جو خیالات آتے ہیں ہم ان کو جانتے ہیں۔ اور ہم انسان کے

اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿۱۶﴾ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ

اس قدر قریب ہیں کہ اسکی رگ گردن سے بھی زیادہ۔ جب دو اخذ کرنے والے فرشتے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿۱۷﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ

اخذ کرتے رہتے ہیں جو کہ دائیں اور بائیں طرف بیٹھے رہتے ہیں۔ وہ کوئی لفظ منہ سے نکالنے

قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿۱۸﴾ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ

نہیں پاتا۔ مگر اس کے پاس ہی ایک تاک لگانے والا تیار ہے۔ اور موت کی سختی (قریب) آ پہنچی۔

الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ط ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿۱۹﴾ وَنُفِخَ

یہ (موت) وہ چیز ہے، جس سے تو بدکتا تھا۔ اور (قیامت کے دِن دوبارہ) صُور

فِي الصُّوْرِ ط ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿۲۰﴾ وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ

پھونکا جاوے گا۔ یہی دین ہوگا وعید کا۔ اور ہر شخص اس طرح (میدان قیامت میں) آویگا کہ

مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ﴿۲۱﴾ لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ

اسکے ساتھ ایک اس کو اپنے ہمراہ لاوے گا اور ایک (اسکے اعمال کا) گواہ ہوگا۔ تو اس دن سے

مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ

بے خبر تھا سو اب ہم نے تجھ پر سے تیرا پردہ (غفلت کا) ہٹادیا۔ سو آج (تو) تیری نگاہ بڑی تیز

حَدِيْدٌ ﴿۲۲﴾ وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ط ﴿۲۳﴾

ہے۔ اور (اسکے بعد) فرشتہ جو اس کیساتھ رہتا تھا عرض کریگا کہ یہ وہ (روزنامچہ) ہے جو میرے پاس تیار ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ ﴿٢٤﴾ لا مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ

ایسے شخص کو جہنم میں ڈال دو جو کفر کرنیوالا ہو اور (حق سے) ضد رکھتا ہو۔ اور نیک کام سے روکتا ہو اور حد

مُعْتَدٍ مُّرِيبٍ ﴿٢٥﴾ لا الَّذِي جَعَلَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَأَلْقِيَاهُ

(عبودیت) سے باہر ہو جانیوالا ہو (اور دین میں) شبہ پیدا کرنیوالا ہو جسنے خدا کیساتھ دوسرا معبود تجویز کیا ہو

فِي الْعَذَابِ الشَّدِيدِ ﴿٢٦﴾ قَالَ قَرِينُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ

سو ایسے شخص کو سخت عذاب میں ڈال دو۔ وہ شیطان جو اسکے ساتھ رہتا تھا کہے گا کہ اے ہمارے پروردگار میں نے

وَلَٰكِن كَانَ فِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ ﴿٢٧﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوا

اسکو جبراً گمراہ نہیں کیا تھا۔ لیکن یہ خود دور دراز کی گمراہی میں تھا۔ ارشاد ہوگا میرے سامنے جھگڑے کی

لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ إِلَيْكُم بِالْوَعِيدِ ﴿٢٨﴾ مَا يُبَدَّلُ

باتیں مت کرو (کہ بے سود ہیں) اور میں تو پہلے ہی تمہارے پاس وعید بھیج چکا تھا۔ میرے ہاں (وہ) بات

الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَا أَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٢٩﴾ ع يَوْمَ نَقُولُ ع ٢ ١٤ ١٦

(وعید مذکور کی) نہیں بدلی جاویگی۔ اور میں (اس تجویز میں) بندوں پر ظلم کرنیوالا نہیں ہوں۔ جس دن کہ ہم

لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُولُ هَلْ مِن مَّزِيدٍ ﴿٣٠﴾

دوزخ سے کہیں گے کہ تو بھر بھی گئی۔ وہ کہے گی کہ کچھ اور بھی ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَ اُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿٣١﴾ هٰذَا مَا

اور جنت متقیوں کے قریب لائی جاویگی۔ کہ کچھ دُور نہ رہے گی۔ یہ ہے وہ چیز جس کا تم سے وعدہ

تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿٣٢﴾ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ

کیا جاتا تھا کہ وہ ہر ایسے شخص کیلئے ہے جو رجوع ہونیوالا پابندی کرنیوالا ہو۔ جو شخص خدا سے بے دیکھے

بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِ ﴿٣٣﴾ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ط

ڈرتا ہو اور رجوع ہونے والا دل لیکر آوے گا۔ اس جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ۔

ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿٣٤﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا

یہ دن ہے ہمیشہ رہنے کا ان کو بہشت میں سب کچھ ملے گا جو جو چاہیں گے اور ہمارے پاس اور بھی

مَزِيْدٌ ﴿٣٥﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ

زیادہ (نعمت) ہے اور ہم ان (اہل مکہ) سے پہلے بہت سی اُمتوں کو ہلاک کر چکے ہیں جو قوت میں

مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ ط هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿٣٦﴾

ان سے (کہیں) زیادہ تھے اور تمام شہروں کو چھانتے پھرتے تھے (لیکن جب ہمارا عذاب نازل ہوا تو انکو)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى

کہیں بھاگنے کی جگہ نہ ملی۔ اسمیں اس شخص کیلئے بڑی عبرت ہے جسکے پاس (فہیم) دل ہو یا وہ (کم از کم

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ

دل سے) متوجہ ہوکر (بات کیطرف) کان ہی لگادیتا ہو۔ اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا

جو کچھ ان کے درمیان میں ہے اس سب کو چھ دن میں پیدا کیا۔ اور ہم کو تکان نے چھوا

مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ

تک نہیں۔ سو ان کی باتوں پر صبر کیجئے۔ اور اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے رہیئے (اس میں

رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿۳۹﴾ ج

نماز بھی داخل ہے) آفتاب نکلنے سے پہلے (مثلاً صبح کی نماز) اور چھپنے سے پہلے (مثلاً ظہر و عصر)

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿۴۰﴾ وَاسْتَمِعْ يَوْمَ

اور رات میں بھی اسکی تسبیح کیا کیجئے (اس میں مغرب اور عشا آ گئی) اور (فرض) نمازوں کے بعد بھی اور سن

يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۴۱﴾ لا يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ

رکھو کہ جسدن ایک پکارنے والا پاس ہی سے پکارے گا۔ جس روز اس چیخنے کو بالیقین

الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحْنُ

سب سن لیں گے۔ یہ دن ہوگا۔ (قبروں سے) نکلنے کا۔ ہم ہی (اب بھی) جلاتے ہیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

نُحْيِ وَنُمِيتُ وَإِلَيْنَا الْمَصِيرُ ﴿٤٣﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ

اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہماری ہی طرف پھر لوٹ کر آنا ہے۔ جس روز زمین ان (مردوں) پر سے کھل

عَنْهُمْ سِرَاعًا ۚ ذَٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ ﴿٤٤﴾ نَحْنُ

جائیگی۔ جب کہ وہ دوڑتے ہونگے۔ یہ ہمارے نزدیک ایک آسان جمع کرلینا ہے۔ جو جو کچھ یہ لوگ

أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ قف فَذَكِّرْ

کہہ رہے ہیں ہم خوب جانتے ہیں۔ اور آپ ان پر جبر کرنیوالے نہیں ہیں۔ تو آپ

ع ۳ ۱۶ ۱۷ بِالْقُرْآنِ مَنْ يَخَافُ وَعِيدِ ﴿٤٥﴾

قرآن کے ذریعے سے ایسے شخص کو نصیحت کرتے رہیے جو میری وعید سے ڈرتا ہو۔

ادائیگی قرض کی دعا

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِي بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِي

اے اللہ حرام کے بدلے تو مجھے میری ضرورت کے مناسب حلال روزی عطا فرما

بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ط

اور اپنے فضل سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کردے۔ (ترمذی شریف)

حدیث شریف میں آتا ہے کہ اس دعا کے پڑھنے سے اگر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو اللہ پاک ادا فرمادینگے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

آیاتها ۷۸ ۵۵ سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ ۹۷ رکوعاتها ۳

سورۂ رحمٰن مدینہ میں نازل ہوئی اس میں اٹھہتر آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

اَلرَّحْمٰنُ ۙ﴿۱﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ﴿۲﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ﴿۳﴾

رحمٰن نے قرآن کی تعلیم دی۔ اُس نے انسان کو پیدا کیا۔

عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿۴﴾ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۪﴿۵﴾

(پھر) اس کو گویائی سکھائی۔ سورج اور چاند حساب کے ساتھ (چلتے) ہیں۔

وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا

اور بے تنے کے درخت اور تنے دار درخت (اللہ کے) مطیع ہیں۔ اور اسی نے آسمان کو اُونچا کیا

وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ۙ﴿۷﴾ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ﴿۸﴾

اور اُسی نے (دُنیا میں) ترازو رکھ دی۔ تاکہ تم تولنے میں کمی بیشی نہ کرو۔

وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ﴿۹﴾

اور انصاف (اور حق رسانی) کے ساتھ وزن کو ٹھیک رکھو اور تول کو گھٹاؤ مت۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ﴿۱۰﴾ فِيْهَا فَاكِهَةٌ

اور اُسی نے خلقت کے واسطے زمین کو (اس کی جگہ) رکھ دیا۔ کہ اس میں میوے ہیں۔

وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿۱۱﴾ وَالْحَبُّ ذُوالْعَصْفِ

اور کھجور کے درخت ہیں جن (کے پھل) پر غلاف ہوتا ہے اور (انہیں) غلہ ہے جن میں بھوسا (بھی) ہوتا ہے

وَالرَّيْحَانُ ﴿۱۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۳﴾

اور (انہیں) غذا کی چیز (بھی) ہے سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿۱۴﴾ وَخَلَقَ

اسی نے انسان (کی اصل یعنی آدمؑ) کو ایسی مٹی سے جو ٹھیکرے کی طرح بجتی تھی پیدا کیا

الْجَاۗنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿۱۵﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا

اور جنات کو خالص آگ سے پیدا کیا۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے

تُكَذِّبٰنِ ﴿۱٦﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿۱۷﴾

منکر ہو جاؤ گے۔ وہ دونوں مشرق اور دونوں مغرب کا مالک ہے۔

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۸﴾ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ

سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ اسی نے دو دریاؤں کو (صورۃً) ملایا کہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

يَلْتَقِيٰنِ ﴿۱۹﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿۲۰﴾

(ظاہر میں) باہم ملے ہوئے ہیں (اور حقیقۃً) ان دونوں کے درمیان میں ایک حجاب (قدرتی) ہے کہ دونوں بڑھ

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۱﴾ يَخْرُجُ مِنْهُمَا

نہیں سکتے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ ان دونوں

اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۳﴾

سے موتی اور مونگا برآمد ہوتا ہے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۲۴﴾

اسی کے (اختیار اور ملک میں) ہیں جہاز جو پہاڑوں کی طرح اُونچے کھڑے (نظر آتے) ہیں۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۵﴾ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا ع ۲۵

سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ جتنے (ذی روح) روئے زمین پر موجود

فَانٍ ﴿۲۶﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۲۷﴾

ہیں سب فنا ہو جائینگے اور (صرف) آپکے پروردگار کی ذات جو کہ عظمت (والی) اور احسان والی ہے باقی رہ

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۸﴾ يَسْئَلُهُ مَنْ فِي

جائیگی۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ اسی سے (اپنی اپنی حاجتیں)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿۲۹﴾ ج

سب آسمان اور زمین والے مانگتے ہیں۔ وہ ہر وقت کسی نہ کسی کام میں رہتا ہے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۰﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ

سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ اے جن وانس ہم عنقریب تمہارے (حساب

الثَّقَلٰنِ ﴿۳۱﴾ ج فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾

وکتاب کے) لئے خالی ہوئے جاتے ہیں۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ

اے گروہ جن اور انسان کے اگر تم کو یہ قدرت ہے کہ

تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

آسمان اور زمین کی حدود سے کہیں باہر نکل جاؤ تو (ہم بھی دیکھیں) نکلو مگر بدون

فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ ج فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

زور کے نہیں نکل سکتے (اور زور ہے نہیں پس نکلنے کا وقوع بھی محتمل نہیں) سوائے جن وانس تم اپنے

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ

رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ تم دونوں پر (قیامت کے روز) آگ کا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

نَّارٍ ۙ۬ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

شعلہ اور دُھواں چھوڑا جائیگا۔ پھر تم (اسکو) ہٹا نہ سکو گے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی

تُكَذِّبٰنِ ﴿۳٦﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً

نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ غرض جب (قیامت آئیگی جس میں) آسمان پھٹ جاویگا اور ایسا سُرخ ہو جاویگا

كَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾

جیسے سُرخ نری (یعنی چمڑا) سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾

تو اس روز (اللہ تعالیٰ کے معلوم کرنے کیلئے) کسی اِنسان اور جن سے اسکے جرم کے متعلق نہ پوچھا جائیگا۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ

سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ مجرم لوگ اپنے حلیہ سے (کہ سیاہی

بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ وَ الْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾

چہرہ و نیلگونی چشم ہے) پہچانے جاویں گے۔ سو (ان کے) سر کے بال اور پاؤں پکڑ لیے جائیں گے۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ

سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ یہ ہے وہ جہنم جس کو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وقف لازم

يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٤٣﴾ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَ بَيْنَ

مجرم لوگ جھٹلاتے تھے۔ وہ لوگ دوزخ کے ارد گرد کھولتے ہوئے پانی کے درمیان

ع ٢ ٢٠ ١٢

حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿٤٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٥﴾ ع

دورہ کرتے ہوں گے۔ سوائے جن و انس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

وَ لِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿٤٦﴾ فَبِاَيِّ

اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے (ہر وقت) ڈرتا رہتا ہے اس کیلئے (جنت میں) دو باغ ہونگے۔ سو

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٧﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿٤٨﴾

اے جن و انس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ (اور وہ) دونوں باغ کثیر شاخوں والے ہونگے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٩﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ

سوائے جن و انس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ ان دونوں باغوں میں دو چشمے

تَجْرِيٰنِ ﴿٥٠﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥١﴾

ہونگے کہ بہتے چلے جاوینگے۔ سوائے جن و انس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿٥٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

ان دونوں باغوں میں ہر میوے کی دو دو قسمیں ہوں گی۔ سوائے جن و انس تم اپنے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآئِنُهَا

رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ وہ لوگ تکیہ لگائے ایسے فرشوں پر بیٹھے ہوں گے

مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَ جَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾ ج

جن کے استر دبیز ریشم کے ہوں گے اور ان دونوں باغوں کا پھل بہت نزدیک ہوگا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ

سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ ان میں نیچی نگاہ والیاں (یعنی حوریں)

الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾ ج

ہونگی کہ ان (جنتی) لوگوں سے پہلے ان پر نہ تو کسی آدمی نے تصرف کیا ہوگا اور نہ کسی جن نے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾ ج كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ

سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ گویا وہ یاقوت

وَ الْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾ ج فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾

اور مرجان ہیں۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾ ج

بھلا غایت اطاعت کا بدلہ بجز عنایت کے اور بھی کچھ ہو سکتا ہے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾ وَ مِنْ دُوْنِهِمَا

سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ اور ان دونوں باغوں سے کم درجہ

جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾

میں دو باغ اور ہیں۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾

وہ دونوں باغ گہرے سبز ہونگے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

فِیْهِمَا عَیْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا

ان دونوں باغوں میں دو چشمے ہونگے کہ جوش مارتے ہوں گے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی

تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾ فِیْهِمَا فَاکِهَةٌ وَّ نَخْلٌ وَّ رُمَّانٌ ﴿۶۸﴾

کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ ان دونوں باغوں میں میوے اور کھجوریں اور انار ہوں گے۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۹﴾ فِیْهِنَّ خَیْرٰتٌ

سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ ان میں خوب سیرت خوبصورت

حِسَانٌ ﴿۷۰﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾

عورتیں ہونگی (یعنی حوریں) سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِیَامِ ﴿۷۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

وہ عورتیں گوری رنگت کی ہونگی (اور) خیموں میں محفوظ ہونگی۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی

رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ

کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ (اور) اِن (جنتی) لوگوں سے پہلے ان پر نہ تو کسی آدمی نے تصرف

وَلَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾

کیا ہوگا اور نہ کسی جن نے۔ سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

مُتَّکِـِٕیْنَ عَلٰی رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِیٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾

وہ لوگ سبز مشجر اور عجیب خوبصورت کپڑوں (کے فرشوں) پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ تَبٰرَکَ اسْمُ رَبِّکَ

سوائے جن وانس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ بڑا بابرکت نام ہے آپکے رب کا

ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ ﴿۷۸﴾ ع ۳ ۱۳

جو عظمت والا اور احسان والا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

أياتها ۹۶ ۵۶ سُورَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ ۴۶ رکوعاتها ۳

سورۂ واقعہ مکہ میں نازل ہوئی۔ اس میں چھیانوے آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝۱ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۝۲

وقف لازم

جب قیامت واقع ہوگی جس کے واقع ہونے میں کوئی خلاف نہیں ہے۔

خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۝۳ إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا ۝۴

تو وہ (بعض کو) پست کردیگی (اور بعض کو) بلند کردیگی۔ جب کہ زمین کو سخت زلزلہ آوے گا

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝۵ فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا ۝۶

اور پہاڑ بالکل ریزہ ریزہ ہوجائیں گے۔ پھر وہ پراگندہ غبار ہوجائیں گے۔

وَّكُنْتُمْ أَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ۝۷ فَأَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ

اور تم تین قسم کے ہوجاؤ گے۔ سو جو داہنے والے ہیں

مَا أَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۝۸ وَأَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ

وہ داہنے والے کیسے اچھے ہیں۔ اور جو بائیں والے ہیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مَآ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَةِ ۝٩ وَالسّٰبِقُوۡنَ السّٰبِقُوۡنَ ۝١٠

وہ بائیں والے کیسے بُرے ہیں۔ اور جو اعلٰی درجہ کے ہیں وہ تو اعلٰی ہی درجہ کے ہیں

اُولٰٓئِكَ الۡمُقَرَّبُوۡنَ ۝١١ فِیۡ جَنّٰتِ النَّعِیۡمِ ۝١٢ ثُلَّةٌ مِّنَ

(اور) وہ (خدائے تعالیٰ کیساتھ) خاص قرب رکھنے والے ہیں۔ یہ (مقرب) لوگ آرام کے باغوں میں ہونگے۔

الۡاَوَّلِیۡنَ ۝١٣ وَقَلِیۡلٌ مِّنَ الۡاٰخِرِیۡنَ ۝١٤ عَلٰی سُرُرٍ

انکا ایک بڑا گروہ تو اگلے لوگوں میں سے ہوگا۔ اور تھوڑے پچھلے لوگوں میں سے ہوں گے (وہ لوگ)

مَّوۡضُوۡنَةٍ ۝١٥ مُّتَّكِـِٕیۡنَ عَلَیۡهَا مُتَقٰبِلِیۡنَ ۝١٦ یَطُوۡفُ

سونے کے تاروں سے بنے ہوئے تختوں پر تکیہ لگائے آمنے سامنے بیٹھے ہونگے۔ اُنکے آس پاس ایسے

عَلَیۡهِمۡ وِلۡدَانٌ مُّخَلَّدُوۡنَ ۝١٧ بِاَكۡوَابٍ وَّاَبَارِیۡقَ ۙ

لڑکے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے یہ چیزیں لیکر آمد و رفت کیا کریں گے آبخورے اور آفتابے

وَكَاۡسٍ مِّنۡ مَّعِیۡنٍ ۝١٨ لَّا یُصَدَّعُوۡنَ عَنۡهَا وَلَا

اور ایسا جام شراب جو بہتی ہوئی شراب سے بھرا جائیگا۔ نہ اس سے ان کو درد سر ہوگا۔ اور نہ اس سے

یُنۡزِفُوۡنَ ۝١٩ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا یَتَخَیَّرُوۡنَ ۝٢٠ وَلَحۡمِ

عقل میں فتور آئیگا۔ اور میوے جن کو وہ پسند کریں گے۔ اور پرندوں کا گوشت

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَطَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٢١﴾ وَ حُوْرٌ عِيْنٌ ﴿٢٢﴾ كَاَمْثَالِ

جواُن کو مرغوب ہوگا۔ اور (اُن کیلئے) گوری گوری بڑی بڑی آنکھوں والی عورتیں ہونگی (مراد حوریں ہیں) جیسے

اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿٢٣﴾ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾

(حفاظت سے) پوشیدہ رکھا ہوا موتی۔ یہ اُن کے اعمال کے صلہ میں ملے گا۔

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿٢٥﴾ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا

(اور) وہاں نہ بک بک سنیں گے اور نہ کوئی (اور) بیہودہ بات بس (ہر طرف سے) سلام ہی سلام

سَلٰمًا ﴿٢٦﴾ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿٢٧﴾

کی آواز آئیگی۔ اور جو داہنے والے ہیں، وہ داہنے والے کیسے اچھے ہیں۔

فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ﴿٢٨﴾ وَّ طَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿٢٩﴾ وَّ ظِلٍّ

وہ ان باغوں میں ہوں گے جہاں بے خار بیریاں ہوں گی اور تہہ بتہہ کیلے ہوں گے، اور لمبا لمبا

مَّمْدُوْدٍ ﴿٣٠﴾ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ﴿٣١﴾ وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ﴿٣٢﴾

سایہ ہوگا۔ اور چلتا ہوا پانی ہوگا۔ اور کثرت سے میوے ہوں گے۔

لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ﴿٣٣﴾ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ﴿٣٤﴾

جو نہ ختم ہوں گے اور نہ اُن کی روک ٹوک ہوگی اور اُونچے اُونچے فرش ہوں گے،

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ﴿۳۵﴾ فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ﴿۳۶﴾ عُرُبًا

ہمنے (وہاں کی) اُن عورتوں کو خاص طور پر بنایا ہے۔ یعنی ہمنے انکو ایسا بنایا کہ وہ کنواریاں ہیں محبوبہ ہیں

اَتْرَابًا ﴿۳۷﴾ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۳۸﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۹﴾ ع

ہم عمر ہیں۔ یہ سب چیزیں داہنے والوں کیلیے ہیں ان (اصحاب الیمین) کا ایک بڑا گروہ اگلے لوگوں میں ہوگا۔

وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ

اور ایک بڑا گروہ پچھلے لوگوں میں ہوگا ۔ اور جو بائیں والے ہیں وہ بائیں والے کیسے

الشِّمَالِ ﴿۴۱﴾ فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ﴿۴۲﴾ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ﴿۴۳﴾

بُرے ہیں۔ وہ لوگ آگ میں ہونگے اور کھولتے ہوئے پانی میں اور سیاہ دھوئیں کے سایہ میں

لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿۴۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ

جو نہ ٹھنڈا ہوگا اور نہ فرحت بخش ہوگا۔ وہ لوگ اس کے قبل (یعنی دنیا میں)

مُتْرَفِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ

بڑی خوشحالی میں رہتے تھے۔ اور بڑے بھاری گناہ (یعنی شرک وکفر) پر اصرار کیا

الْعَظِيْمِ ﴿۴۶﴾ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا

کرتے تھے۔ اور یوں کہا کرتے تھے کہ جب ہم مرگئے اور مٹی اور ہڈیاں (ہوکر) رہ گئے تو کیا

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ﴿۴۷﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الۡاَوَّلُوۡنَ ﴿۴۸﴾

(اسکے بعد) ہم دوبارہ زندہ کئے جائینگے۔ اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی (زندہ کئے جاوینگے)

قُلۡ اِنَّ الۡاَوَّلِیۡنَ وَ الۡاٰخِرِیۡنَ ﴿۴۹﴾ لَمَجۡمُوۡعُوۡنَ

آپ کہہ دیجئے کہ سب اگلے اور پچھلے جمع کئے جاویں گے۔

اِلٰی مِیۡقَاتِ یَوۡمٍ مَّعۡلُوۡمٍ ﴿۵۰﴾ ثُمَّ اِنَّکُمۡ اَیُّهَا الضَّآلُّوۡنَ

ایک معین تاریخ کے وقت پر پھر (جمع ہونے کے بعد) تم کو اے گمراہو

الۡمُکَذِّبُوۡنَ ﴿۵۱﴾ لَاٰکِلُوۡنَ مِنۡ شَجَرٍ مِّنۡ زَقُّوۡمٍ ﴿۵۲﴾

جھٹلانے والو! درختِ زقوم سے کھانا ہوگا۔

فَمَالِـُٔوۡنَ مِنۡهَا الۡبُطُوۡنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوۡنَ عَلَیۡهِ مِنَ

پھر اس سے پیٹ بھرنا ہوگا۔ پھر اس پر کھولتا ہوا پانی

الۡحَمِیۡمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوۡنَ شُرۡبَ الۡهِیۡمِ ﴿۵۵﴾ هٰذَا نُزُلُهُمۡ

پینا ہوگا۔ پھر پینا بھی پیاسے اونٹوں کا سا۔ (غرض) ان لوگوں کی قیامت کے روز یہ دعوت

یَوۡمَ الدِّیۡنِ ﴿۵۶﴾ نَحۡنُ خَلَقۡنٰکُمۡ فَلَوۡ لَا تُصَدِّقُوۡنَ ﴿۵۷﴾

ہوگی۔ ہم نے تمکو (اول بار) پیدا کیا ہے (جسکو تم بھی تسلیم کرتے ہو) پھر تم تصدیق کیوں نہیں کرتے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

إِنَّآ أَنشَأْنَٰهُنَّ إِنشَآءً ﴿٣٥﴾ فَجَعَلْنَٰهُنَّ أَبْكَارًا ﴿٣٦﴾ عُرُبًا

ہمنے (وہاں کی) اُن عورتوں کو خاص طور پر بنایا ہے۔ یعنی ہمنے انکو ایسا بنایا کہ وہ کنواریاں ہیں محبوبہ ہیں

أَتْرَابًا ﴿٣٧﴾ لِّأَصْحَٰبِ ٱلْيَمِينِ ﴿٣٨﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ ٱلْأَوَّلِينَ ﴿٣٩﴾ ع ١٤

ہم عمر ہیں۔ یہ سب چیزیں داہنے والوں کیلئے ہیں ان (اصحاب الیمین) کا ایک بڑا گروہ اگلے لوگوں میں ہوگا۔

وَثُلَّةٌ مِّنَ ٱلْـَٔاخِرِينَ ﴿٤٠﴾ وَأَصْحَٰبُ ٱلشِّمَالِ مَآ أَصْحَٰبُ

اور ایک بڑا گروہ پچھلے لوگوں میں ہوگا ۔ اور جو بائیں والے ہیں وہ بائیں والے کیسے

ٱلشِّمَالِ ﴿٤١﴾ فِى سَمُومٍ وَحَمِيمٍ ﴿٤٢﴾ وَظِلٍّ مِّن يَحْمُومٍ ﴿٤٣﴾

بُرے ہیں۔ وہ لوگ آگ میں ہونگے اور کھولتے ہوئے پانی میں اور سیاہ دھوئیں کے سایہ میں

لَّا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ ﴿٤٤﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا۟ قَبْلَ ذَٰلِكَ

جو نہ ٹھنڈا ہوگا اور نہ فرحت بخش ہوگا۔ وہ لوگ اس کے قبل (یعنی دنیا میں)

مُتْرَفِينَ ﴿٤٥﴾ وَكَانُوا۟ يُصِرُّونَ عَلَى ٱلْحِنثِ

بڑی خوشحالی میں رہتے تھے۔ اور بڑے بھاری گناہ (یعنی شرک وکفر) پر اصرار کیا

ٱلْعَظِيمِ ﴿٤٦﴾ وَكَانُوا۟ يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا

کرتے تھے۔ اور یوں کہا کرتے تھے کہ جب ہم مرگئے اور مٹی اور ہڈیاں (ہوکر) رہ گئے تو کیا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۴۷﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۴۸﴾

(اسکے بعد) ہم دوبارہ زندہ کئے جائینگے۔ اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی (زندہ کئے جاوینگے)

قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ لَمَجْمُوْعُوْنَ

آپ کہہ دیجئے کہ سب اگلے اور پچھلے جمع کئے جاویں گے۔

اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۵۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ

ایک معین تاریخ کے وقت پر پھر (جمع ہونے کے بعد) تم کو اے گمراہو

الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿۵۱﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿۵۲﴾

جھٹلانے والو! درخت زقوم سے کھانا ہوگا۔

فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ

پھر اس سے پیٹ بھرنا ہوگا۔ پھر اس پر کھولتا ہوا پانی

الْحَمِيْمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿۵۵﴾ هٰذَا نُزُلُهُمْ

پینا ہوگا۔ پھر پینا بھی پیاسے اونٹوں کا سا۔ (غرض) ان لوگوں کی قیامت کے روز یہ دعوت

يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۵۶﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿۵۷﴾

ہوگی۔ ہم نے تمکو (اول بار) پیدا کیا ہے (جسکو تم بھی تسلیم کرتے ہو) پھر تم تصدیق کیوں نہیں کرتے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

أَفَرَءَيْتُم مَّا تُمْنُونَ ﴿٥٨﴾ ءَأَنتُمْ تَخْلُقُونَهُۥٓ أَمْ نَحْنُ

(اچھا پھر یہ بتاؤ تم جو (عورتوں کے رحم میں) منی پہنچاتے ہو۔ اس کو تم آدمی بناتے ہو یا ہم بنانے

ٱلْخَٰلِقُونَ ﴿٥٩﴾ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ ٱلْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ

والے ہیں۔ ہم ہی نے تمہارے درمیان موت کو (معین وقت پر) ٹھہرا رکھا ہے اور ہم

بِمَسْبُوقِينَ ﴿٦٠﴾ عَلَىٰٓ أَن نُّبَدِّلَ أَمْثَٰلَكُمْ وَنُنشِئَكُمْ

اس سے عاجز نہیں ہیں کہ تمہاری جگہ تمہارے جیسے اور (آدمی) پیدا کر دیں اور تم کو ایسی صورت میں

فِى مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ ٱلنَّشْأَةَ ٱلْأُولَىٰ

بنادیں جس کو تم جانتے ہی نہیں۔ اور تم کو اوّل پیدائش کا علم حاصل ہے

فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٦٢﴾ أَفَرَءَيْتُم مَّا تَحْرُثُونَ ﴿٦٣﴾

پھر تم کیوں نہیں سمجھتے۔ اچھا پھر یہ بتاؤ کہ تم جو کچھ (تخم وغیرہ) بوتے ہو

ءَأَنتُمْ تَزْرَعُونَهُۥٓ أَمْ نَحْنُ ٱلزَّٰرِعُونَ ﴿٦٤﴾ لَوْ نَشَآءُ

اس کو تم اگاتے ہو یا ہم اگانے والے ہیں۔ اگر ہم چاہیں

لَجَعَلْنَٰهُ حُطَٰمًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ ﴿٦٥﴾ إِنَّا

تو اس (پیداوار) کو چورا چورا کردیں پھر تم تعجب ہو کر رہ جاؤ گے۔ کہ (اب کے تو) ہم پر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

لَمُغْرَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَرَءَيْتُمُ

تاوان ہی پڑ گیا۔ بلکہ ہم بالکل ہی محروم رہ گئے (یعنی سارا ہی سرمایہ گیا گذرا) اچھا پھر یہ بتلاؤ کہ

الْمَآءَ الَّذِىْ تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ

جس پانی کو تم پیتے ہو۔ اس کو بادل سے تم برساتے ہو

الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ

یا ہم برسانے والے ہیں۔ اگر ہم چاہیں تو اس کو کڑوا

اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِىْ

کر ڈالیں سو تم شکر کیوں نہیں کرتے۔ اچھا پھر یہ بتلاؤ جس آگ کو تم

تُوْرُوْنَ ﴿٧١﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ

سلگاتے ہو اس کے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے یا ہم پیدا

الْمُنْشِئُوْنَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّ مَتَاعًا

کرنے والے ہیں۔ ہم نے اس کو یاد دہانی کی چیز اور مسافروں کے فائدہ

لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾ فَلَآ

کی چیز بنایا ہے۔ سو آپ عظیم الشان پروردگار کے نام کی تسبیح کیجئے۔ سو میں

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿٥٨﴾ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ

(اچھا پھر یہ بتلاؤ تم جو (عورتوں کے رحم میں) منی پہنچاتے ہو۔ اس کو تم آدمی بناتے ہو یا ہم بنانے

الْخٰلِقُوْنَ ﴿٥٩﴾ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ ع

والے ہیں۔ ہم ہی نے تمہارے درمیان موت کو (معیّن وقت پر) ٹھہرا رکھا ہے اور ہم

بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿٦٠﴾ عَلٰۤى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ

اس سے عاجز نہیں ہیں کہ تمہاری جگہ تمہارے جیسے اور (آدمی) پیدا کر دیں اور تم کو ایسی صورت میں

فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى

بنا دیں جن کو تم جانتے ہی نہیں۔ اور تم کو اوّل پیدائش کا علم حاصل ہے

فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿٦٣﴾

پھر تم کیوں نہیں سمجھتے۔ اچھا پھر یہ بتلاؤ کہ تم جو کچھ (تخم وغیرہ) بوتے ہو

ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَوْ نَشَآءُ

اس کو تم اُگاتے ہو یا ہم اُگانے والے ہیں۔ اگر ہم چاہیں

لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اِنَّا

تو اس (پیداوار) کو چورا چورا کر دیں پھر تم متعجب ہو کر رہ جاؤ گے۔ کہ (اب کے تو) ہم پر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

لَمُغْرَمُونَ ﴿٦٦﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ ﴿٦٧﴾ أَفَرَءَيْتُمُ

تاوان ہی پڑ گیا۔ بلکہ ہم بالکل ہی محروم رہ گئے (یعنی سارا ہی سرمایہ گیا گذرا) اچھا پھر یہ بتلاؤ کہ

الْمَآءَ الَّذِي تَشْرَبُونَ ﴿٦٨﴾ ءَأَنتُمْ أَنزَلْتُمُوهُ مِنَ

جس پانی کو تم پیتے ہو۔ اس کو بادل سے تم برساتے ہو

الْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ الْمُنزِلُونَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنَٰهُ

یا ہم برسانے والے ہیں۔ اگر ہم چاہیں تو اس کو کڑوا

أُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُونَ ﴿٧٠﴾ أَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي

کر ڈالیں سو تم شکر کیوں نہیں کرتے۔ اچھا پھر یہ بتلاؤ جس آگ کو تم

تُورُونَ ﴿٧١﴾ ءَأَنتُمْ أَنشَأْتُمْ شَجَرَتَهَآ أَمْ نَحْنُ

سلگاتے ہو اس کے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے یا ہم پیدا

الْمُنشِـُٔونَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنَٰهَا تَذْكِرَةً وَمَتَٰعًا

کرنے والے ہیں۔ ہم نے اس کو یاد دہانی کی چیز اور مسافروں کے فائدہ

لِّلْمُقْوِينَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿٧٤﴾ فَلَآ ع

کی چیز بنایا ہے۔ سو آپ عظیم الشان پروردگار کے نام کی تسبیح کیجئے۔ سو میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

أُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿۷۵﴾ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ

قسم کھاتا ہوں ستاروں کے چھپنے کی۔ اور اگر تم غور کرو تو یہ ایک

عَظِيْمٌ ﴿۷٦﴾ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۷﴾ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿۷۸﴾

بڑی قسم ہے۔ کہ یہ ایک مکرم قرآن ہے۔ جو ایک محفوظ کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں درج ہے کہ

لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿۷۹﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ

اس کو بجز پاک فرشتوں کے کوئی ہاتھ نہیں لگانے پاتا۔ یہ ربّ العالمین کی طرف سے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿۸۱﴾

بھیجا ہوا ہے۔ سو کیا تم لوگ اس کلام کو سرسری بات سمجھتے ہو۔

وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَوْلَآ اِذَا

اور تکذیب کو اپنی غذا بنا رہے ہو۔ سو جس وقت روح

بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿۸۴﴾

حلق تک آ پہنچتی ہے۔ اور تم اس وقت تکا کرتے ہو۔

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

اور ہم (اس وقت) اس (مرنے والے) شخص کے تم سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں لیکن تم سمجھتے نہیں

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿۸۶﴾ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ

ہو۔ تو (فی الواقع) اگر تمہارا حساب کتاب ہونے والا نہیں ہے۔ تو تم اس روح کو (بدن کی طرف) پھر کیوں

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۸۸﴾

نہیں لوٹا لاتے اگر تم سچے ہو۔ پھر (جب قیامت واقع ہوگی تو) جو شخص مقربین میں سے ہوگا

فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿۸۹﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ

اس کیلئے تو راحت ہے۔ اور (فراغت کی) غذائیں ہیں اور آرام کی جنت ہے۔ اور جو شخص

اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۹۰﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۹۱﴾

داہنے والوں میں سے ہوگا۔ تو اس سے کہا جاویگا کہ تیرے لئے امن وامان ہے کہ تو داہنے والوں میں سے ہے۔

وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۹۲﴾ فَنُزُلٌ

اور جو شخص جھٹلانے والوں (اور) گمراہوں میں سے ہوگا تو کھولتے ہوئے پانی سے

مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۹۳﴾ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿۹۴﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ

اس کی دعوت ہوگی۔ اور دوزخ میں داخل ہونا ہوگا۔ بیشک یہ (جو کچھ مذکور ہوا) تحقیقی

ع ۳ ۲۲ ۱۶ الْيَقِيْنِ ﴿۹۵﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۹۶﴾

یقینی بات ہے۔ سو اپنے (اس) عظیم الشان پروردگار کے نام کی تسبیح کیجئے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اٰیاتہا ۲۹ ۵۷ سُوْرَۃُ الْحَدِیْدِ مَدَنِیَّۃٌ ۹۴ رکوعاتہا ۴

سورۂ حدید مدینہ میں نازل ہوئی اس میں اُنتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَھُوَ الْعَزِیْزُ

اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں سب جو کچھ کہ آسمانوں اور زمین میں ہیں۔ اور وہ زبردست

الْحَکِیْمُ ① لَہٗ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

(اور) حکمت والا ہے۔ اُسی کی سلطنت ہے آسمانوں کی اور زمین کی۔

یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ۚ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ② ھُوَ

وہی حیات دیتا ہے اور (وہی) موت دیتا ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے (سب مخلوق سے) وہی

الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ

پہلے ہے اور وہی پیچھے اور وہی ظاہر ہے اور وہی مخفی ہے۔ اور وہ ہر چیز کا خوب

عَلِیْمٌ ③ ھُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ

جاننے والا ہے۔ وہ ایسا ہے کہ اس نے آسمانوں اور زمین کو چھ روز (کی مقدار) میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ

پیدا کیا پھر تخت پر قائم ہوا وہ سب کچھ جانتا ہے جو چیز زمین کے اندر داخل ہوتی ہے

فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ

(مثلاً (بارش) اور جو چیز اس میں سے نکلتی ہے (مثلاً نباتات) اور جو چیز آسمان سے اترتی ہے

وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ؕ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ؕ

اور جو چیز اس میں چڑھتی ہے۔ اور وہ تمہارے ساتھ رہتا ہے خواہ تم لوگ کہیں بھی ہو۔

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴﴾ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

اور وہ تمہارے سب اعمال کو بھی دیکھتا ہے۔ اسی کی سلطنت ہے آسمانوں کی

وَالْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۵﴾ يُوْلِجُ

اور زمین کی۔ اور اللہ ہی کی طرف سب اُمور لوٹ جاوینگے۔ وہی رات کو دن میں داخل

الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ؕ وَهُوَ

کرتا ہے۔ (جس سے دن بڑا ہو جاتا ہے) اور وہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے (جس سے رات

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۶﴾ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

بڑی ہو جاتی ہے) اور وہ دل کی باتوں (تک) کو جانتا ہے۔ تم لوگ اللہ پر اور اسکے رسول ﷺ پر ایمان لاؤ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ فَالَّذِيْنَ

اور (ایمان لاکر) جس مال میں تمکو اس نے قائم مقام کیا ہے اسمیں سے (اسکی راہ میں) خرچ کرو۔ سو جو لوگ

اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿۷﴾ وَمَا لَكُمْ لَا

تم میں سے ایمان لے آئیں اور خرچ کریں ان کو بڑا ثواب ہوگا۔ اور تمہارے لئے اس کا کون سبب

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ

ہے کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے حالانکہ رسولؐ تمکو اس باتکی طرف بلارہے ہیں کہ تم اپنے رب پر ایمان لاؤ

وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸﴾ هُوَ

اور خود خدا نے تم سے عہد لیا تھا اگر تم کو ایمان لانا ہو۔ وہ (رحیم) ایسا ہے کہ

الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ

اپنے بندہ (خاص محمد ﷺ) پر صاف صاف آیتیں بھیجتا ہے تاکہ وہ تم کو (کفر و جہل کی)

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹﴾

تاریکیوں سے روشنی کیطرف لاوے۔ اور بیشک اللہ تعالیٰ تمہارے حال پر بڑا شفیق بڑا مہربان ہے۔

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ

اور تمہارے لئے اس کا کون سبب ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے۔ حالانکہ سب

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ

آسمان اور زمین اخیر میں اللہ ہی کا رہ جائے گا۔ تم میں سے جو لوگ فتح مکہ سے پہلے (فی سبیل اللہ)

مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ

خرچ کر چکے اور لڑ چکے برابر نہیں۔ وہ لوگ درجہ میں ان لوگوں سے بڑے ہیں

الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ۭ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ

جنہوں نے (فتح مکہ کے) بعد میں خرچ کیا اور لڑے۔ اور (یوں) اللہ تعالیٰ نے بھلائی (یعنی ثواب)

ع ۱ ۱۰ ۱۷ الْحُسْنٰى ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ۧ۱۰ مَنْ ذَا الَّذِيْ

کا وعدہ سب سے کر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے۔ کوئی شخص ہے جو اللہ تعالیٰ

يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ

کو اچھی طرح قرض کے طور پر دے پھر خدا تعالیٰ اس (دیئے ہوئے کے ثواب) کو اس شخص کیلئے بڑھاتا چلا

كَرِيْمٌ ۝۱۱ۚ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

جاوے اور اس کیلئے اجر پسندیدہ ہے۔ جس دن آپ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو دیکھیں گے کہ

يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ

اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کی داہنی طرف دوڑتا ہوگا آج تم کو بشارت

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

ہے ایسے باغوں کی جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ

فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ يَقُوْلُ

رہیں گے۔ (اور) یہ بڑی کامیابی ہے۔ (اور یہ وہ دن ہوگا) جس روز

الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا

منافق مرد اور منافق عورتیں مسلمانوں سے (پل صراط پر) کہیں گے کہ (ذرا) ہمارا انتظار کرلو

نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا

ہم بھی تمہارے نور سے کچھ روشنی حاصل کرلیں انکو جواب دیا جائیگا کہ تم اپنے پیچھے لوٹ جاؤ پھر (وہاں سے)

نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيْهِ

روشنی تلاش کرو پھران (فریقین) کے درمیان میں ایک دیوار قائم کردی جائیگی جسمیں ایک دروازہ (بھی) ہوگا (جسکی

الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ﴿۱۳﴾ يُنَادُوْنَهُمْ

کیفیت یہ ہیکہ) اسکے اندرونی جانب میں رحمت ہوگی اور بیرونی جانب کیطرف عذاب ہوگا۔ یہ (منافق) انکو پکارینگے

اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ

کہ کیا (دنیا میں) ہم تمہارے ساتھ نہ تھے (مسلمان) کہینگے کہ ہاں (تھے تو سہی) لیکن تم نے اپنے کو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ

گمراہی میں پھنسا رکھا تھا اور تم منتظر رہا کرتے تھے اور (اسلام کے حق ہونے میں) تم شک رکھتے تھے اور تمکو تمہاری

حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾ فَالْيَوْمَ

بیہودہ تمناؤں نے دھوکہ میں ڈال رکھا تھا یہانتک کہ تم پر خدا کا حکم آ پہنچا اور تمکو دھوکہ دینے والے (یعنی

لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ط

شیطان) نے اللہ کیساتھ دھوکہ میں ڈال رکھا تھا۔ غرض آج نہ تم سے کوئی معاوضہ لیا جائیگا اور نہ کافروں سے

مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ط هِيَ مَوْلٰىكُمْ ط وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾

تم سب کا ٹھکانہ دوزخ ہے وہی تمہارا رفیق ہے اور وہ (واقعی) برا ٹھکانہ ہے۔

اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ

کیا ایمان والوں کیلئے اس بات کا وقت نہیں آیا کہ اُن کے دِل خدا کی نصیحت کے اور جو دین حق

اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ لا وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا

(منجانب اللہ) نازل ہوا ہے اسکے سامنے جھک جاویں۔ اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جاویں جن کو اُن کے

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ

قبل کتاب (آسمانی) ملی تھی (یعنی یہود و نصاریٰ) پھر (اسی حالت میں) ان پر زمانہ دراز گذر گیا (اور توبہ نہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

قُلُوبُهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿١٦﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ

کی) پھر اُنکے دِل (خوب ہی) سخت ہو گئے۔ اور بہت سے آدمی ان میں کے (آج) کافر ہیں۔ یہ بات

اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۖ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ

جان لو کہ اللہ تعالیٰ زمین کو اس کے خشک ہوئے پیچھے زندہ کر دیتا ہے۔ ہم نے تم سے اس کے نظائر

الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿١٧﴾ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ

بیان کر دیئے ہیں۔ تاکہ تم سمجھو۔ بلاشبہ صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں

وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ

اور یہ (صدقہ دینے والے) اللہ کو خلوص کیساتھ قرض دے رہے ہیں وہ صدقہ (باعتبار ثواب کے)

لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿١٨﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ

ان کے لئے بڑھا دیا جائے گا اور ان کیلئے اجر پسندیدہ ہے۔ اور جو لوگ اللہ پر اور اسکے رسولوں پر

وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ

ایمان رکھتے ہیں۔ ایسے ہی لوگ اپنے رب کے نزدیک صدّیق اور شہید ہیں۔ ان کیلئے (جنت میں)

رَبِّهِمْ ۖ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ۖ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ان کا اجر (خاص) اور (پل صراط پر) ان کا نور (خاص) ہوگا۔ اور جو لوگ کافر ہوئے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ع ۲ ۵ ۱۶

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۹﴾ ع

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا یہی لوگ دوزخی ہیں۔

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ

تم خوب جان لو کہ (آخرت کے مقابلہ میں) دُنیوی حیات محض لہو ولعب اور (ایک ظاہری) زینت

وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ط

اور باہم ایک دُوسرے پر فخر کرنا اور اموال اور اولاد میں ایک کا دُوسرے سے اپنے کو زیادہ بتلانا ہے۔

كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ

جیسے مینہ (برستا) ہے کہ اس کی پیداوار (کھیتی) کاشتکاروں کو اچھی معلوم ہوتی ہے پھر وہ خشک

فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ط وَفِي الْاٰخِرَةِ

ہو جاتی ہے سو اس کو تو زرد دیکھتا ہے۔ پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے اور آخرت (کی کیفیت یہ ہے

عَذَابٌ شَدِيْدٌ لا وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ط

کہ اس) میں عذاب شدید ہے اور خدا کی طرف سے مغفرت اور رضامندی ہے۔

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۲۰﴾ سَابِقُوْٓا

اور دُنیوی زندگی محض دھوکے کا اسباب ہے۔ تم اپنے پروردگار کی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ

مغفرت کی طرف دوڑو اور (نیز) ایسی جنت کی طرف جس کی وسعت آسمان اور زمین

السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ

کی وسعت کے برابر ہے، وہ ان لوگوں کے واسطے تیار کی گئی ہے جو اللہ پر

وَرُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

اور اُس کے رسُولوں پر ایمان رکھتے ہیں یہ اللہ کا فضل ہے وہ اپنا فضل جس کو چاہیں عنایت کریں۔

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۱﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ

اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ کوئی مصیبت نہ دنیا میں آتی ہے

فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ

اور نہ خاص تمہاری جانوں میں مگر وہ ایک خاص کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں لکھی ہے قبل اسکے کہ

اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۲۲﴾ ۚ لِّكَيْلَا

ہم ان جانوں کو پیدا کریں۔ یہ اللہ کے نزدیک آسان کام ہے (یہ بات بتلا اس واسطے دی ہے) تا کہ جو

تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

چیز تم سے جاتی رہے تم اس پر رنج (اتنا) نہ کرو اور تاکہ جو چیز تمکو عطا فرمائی ہے اس پر اتراؤ نہیں۔ اور اللہ تعالیٰ

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adevcate Showkat

لَا یُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ﴿۲۳﴾ الَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ

کسی اترانے والے شیخی باز کو پسند نہیں کرتا۔ جو ایسے ہیں کہ (حُبِّ دُنیا کی وجہ سے) خود بھی بُخل کرتے ہیں

وَیَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ یَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ

اور دُوسرے لوگوں کو بھی بخل کی تعلیم کرتے ہیں۔ اور جو شخص اعراض کریگا (دینِ حق سے) تو اللہ تعالیٰ

هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۲۴﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ

بے نیاز ہیں سزاوارِ حمد ہیں۔ ہم نے (اسی اصلاحِ آخرت کیلئے) اپنے پیغمبروں کو کھلے کھلے احکام دیکر بھیجا۔

وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ

اور ہم نے اُن کیساتھ کتاب کو اور انصاف کرنے (کے حکم) کو نازل فرمایا تاکہ لوگ (حقوق اللہ اور حقوق العباد

بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْهِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ وَّ

میں) اعتدال پر قائم رہیں، اور ہمنے لوہے کو پیدا کیا جسمیں شدید ہیبت ہے اور (اسکے علاوہ) لوگوں کے

مَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِیَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ یَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ

اور بھی طرح طرح کے فائدے ہیں اور (اسلئے لوہا پیدا کیا) تاکہ اللہ تعالیٰ جان لے کہ بے دیکھے اسکی

بِالْغَیْبِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا ع ۳ ۶ ۱۹

اور اسکے رسُولوں کی (یعنی دینِ حق کی) کون مدد کرتا ہے اللہ تعالیٰ قوی اور زبردست ہے۔ اور ہم نے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

نُوحًا وَّ اِبْرٰهِيْمَ وَ جَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ

نوحؑ اور ابراہیمؑ کو پیغمبر بنا کر بھیجا اور ہم نے ان کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب

وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۶﴾

جاری رکھی سو ان لوگوں میں بعضے تو ہدایت یافتہ ہوئے اور بہت سے ان میں نافرمان تھے۔

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ

پھر اُنکے بعد اور رسولوں کو (جو کہ صاحب شریعت مستقلہ نہ تھے) یکے بعد دیگرے بھیجتے رہے اور انکے بعد عیسیٰ

مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ

ابن مریمؑ کو بھیجا اور ہم نے انکو انجیل دی اور جن لوگوں نے اُنکا اتباع کیا تھا ہم نے اُنکے دلوں

اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَرَهْبَانِيَّةَ ۨ ابْتَدَعُوْهَا

میں شفقت اور ترحم پیدا کیا۔ اور اُنہوں نے رہبانیت کو خود ایجاد کرلیا۔

مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا

ہم نے اسکو ان پر واجب نہ کیا تھا لیکن انہوں نے حق تعالیٰ کی رضا کے واسطے اسکو اختیار کیا تھا سو

رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ

اُنہوں نے اس (رہبانیت) کی پوری رعایت نہ کی۔ سو ان میں سے جو لوگ ایمان لائے ہم نے انکو

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٢٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

ان کا اجر (موعود) دیا۔ اور زیادہ اُن میں نافرمان ہیں۔ اے (عیسیٰ پر) ایمان رکھنے والو

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ

تم اللہ سے ڈرو اور اسکے رسُول پر ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ تم کو اپنی رحمت سے (ثواب کے)

مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ

دوحصے دے گا۔ اور تم کو ایسا نُور عنایت کرے گا کہ تم اس کو لئے ہوئے چلتے پھرتے ہوگے

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٨﴾ لِّئَلَّا يَعْلَمَ

اور تم کو بخش دے گا۔ اور اللہ غفور رحیم ہے (اور یہ دولتیں تم کو اس لئے عنایت کرے گا)

اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ

تاکہ اہلِ کتاب کو یہ بات معلوم ہوجائے کہ ان لوگوں کو اللہ کے فضل کے کسی جزو پر (بھی) دسترس

اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۗ

نہیں اور یہ کہ فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ جس کو چاہے دے دے۔

ع ۴ ۲۰

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢٩﴾ ع

اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ایاتها ۲۴ ۵۹ سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۱ رکوعاتها ۳

سورۂ حشر مدینہ میں نازل ہوئی۔ اس میں چوبیس آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ

اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں سب جو کچھ کہ آسمانوں اور زمین میں (مخلوقات) ہیں (خواہ زبانِ حال

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ① هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

سے یا قال سے) اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ وہی ہے جس نے (ان) کفار

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا

اہل کتاب (یعنی بنونضیر) کو ان کے گھروں سے پہلی ہی بار اکٹھا کر کے نکال دیا۔ تمہارا

ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ

گمان بھی نہ تھا کہ وہ (کبھی اپنے گھروں سے) نکلیں گے اور (خود) انہوں نے یہ گمان کر رکھا تھا کہ انکے قلعے

مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۖ

انکو اللہ سے بچالینگے۔ سو ان پر خدا (کا عتاب) ایسی جگہ سے پہنچا کہ ان کو خیال بھی نہ تھا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وَ قَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ

اور اُن کے دلوں میں رُعب ڈال دیا کہ اپنے گھروں کو خود اپنے

بِاَيْدِيْهِمْ وَ اَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ فَاعْتَبِرُوْا يٰۤاُولِي

ہاتھوں سے اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے بھی اجاڑ رہے تھے۔ سوائے دانش مندو (اس حالت کو دیکھ کر)

الْاَبْصَارِ ۝۲ وَ لَوْلَاۤ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ

عبرت حاصل کرو۔ اور اگر اللہ تعالیٰ اُن کی قسمت میں جلا وطن ہونا نہ لکھ چکتا تو اُن کو

لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ؕ وَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ۝۳

دُنیا ہی میں (قتل کی) سزا دیتا اور ان کیلئے آخرت میں دوزخ کا عذاب (تیار) ہے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ۚ وَ مَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ

یہ اس سبب سے ہےکہ ان لوگوں نے اللہ کی اور اُسکے رسول کی مخالفت کی ہے اور جو شخص اللہ کی مخالفت کرتا

فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۴ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ

ہے تو اللہ تعالیٰ اسکو سخت سزا دینے والا ہے۔ جو کھجوروں کے درخت کے تنے تم نے کاٹ ڈالے یا

تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰۤى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَ لِيُخْزِيَ

اُنکو اُنکی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا سو (دونوں باتیں) خدا ہی کے حکم (اور رضا) کے موافق ہیں اور تا کہ

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

الْفٰسِقِيْنَ ۞ وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ

کافروں کو ذلیل کرے۔ اور جو کچھ اللہ نے اپنے رسولؐ کو اُن سے دلوایا سو

اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ

تم نے اس پر نہ گھوڑے دوڑائے اور نہ اونٹ لیکن اللہ تعالیٰ (کی عادت ہے کہ)

يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ

اپنے رسولوں کو جس پر چاہے (خاص طور پر) مسلط فرما دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر پوری قدرت

قَدِيْرٌ ۞ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى

ہے۔ جو کچھ اللہ تعالیٰ (اس طور پر) اپنے رسولؐ کو دوسری بستیوں کے (کافر) لوگوں سے دلوا دے (جیسے

فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ

فدک اور ایک حصہ خیبر کا) سو وہ (بھی) اللہ کا حق ہے اور رسولؐ کا اور (آپ کے) قرابت داروں کا اور یتیموں

وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَیْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ

کا اور غریبوں کا اور مسافروں کا تاکہ وہ (مالِ فئے) تمہارے تونگروں کے قبضہ میں نہ

مِنْكُمْ ۚ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ

آ جائے اور رسولؐ تمکو جو کچھ دے دیا کریں وہ لے لیا کرو اور جس چیز (کے لینے) سے تم کو روک دیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وقف لازم

فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۘ ۝۷

(اور بعموم الفاظ یہی حکم ہے افعال اور احکام میں بھی) تم رک جایا کرو اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ تعالیٰ (مخالفت

لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

کرنے پر) سخت سزا دینے والا ہے۔ (اور) ان حاجتمند مہاجرین کا (بالخصوص) حق ہے جو اپنے گھروں سے

وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا

اور اپنے مالوں سے (جبراً ظلماً) جُدا کر دیئے گئے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل (یعنی جنت) اور رضامندی کے طالب

وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۚ ۝۸

ہیں اور وہ اللہ اور اُسکے رسولؐ (کے دین) کی مدد کرتے ہیں (اور) یہی لوگ (ایمان کے) سچے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ

اور (نیز) ان لوگوں کا (بھی حق ہے) جو دارالاسلام (یعنی مدینہ) میں ان (مہاجرین) کے (آنیکے) قبل سے

مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً

قرار پکڑے ہوئے ہیں جو اُنکے پاس ہجرت کر کے آتا ہے اس سے یہ لوگ محبت کرتے ہیں اور مہاجرین کو

مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ

جو کچھ ملتا ہے اُس سے یہ (انصار) اپنے دلوں میں کوئی رشک نہیں پاتے اور اپنے سے مقدم رکھتے ہیں اگرچہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

خَصَاصَةٌ ؕ قف وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

ان پر فاقہ ہی ہو۔ اور (واقعی) جو شخص اپنی طبیعت کے بخل سے محفوظ رکھا جاوے ایسے ہی لوگ فلاح

الْمُفْلِحُوْنَ ۚ ﴿۹﴾ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ

پانیوالے ہیں۔ اور ان لوگوں کا (بھی اس مال فئے میں حق ہے) جو اُنکے بعد آئے۔ جو (ان مذکورین کے

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ

حق میں) دُعا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو بخشدے اور ہمارے ان بھائیوں کو (بھی) جو ہم سے

وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ

پہلے ایمان لاچکے ہیں اور ہمارے دِلوں میں ایمان والوں کیطرف سے کینہ نہ ہونے دیجئے اے ہمارے

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۚ ﴿۱۰﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ع

رب آپ بڑے شفیق (اور) رحیم ہیں۔ کیا آپ نے ان منافقین (یعنی عبداللہ بن اُبی وغیرہ)

يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

کی حالت نہیں دیکھی کہ اپنے (ہم مذہب) بھائیوں سے کہ کفار اہل کتاب ہیں (یعنی بنی نضیر سے)

لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ

کہتے ہیں کہ واللہ! اگر تم نکالے گئے تو ہم تمہارے ساتھ نکل جاویں گے اور تمہارے معاملہ میں ہم کسی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّ اِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

کا کبھی کہنا نہ مانیں گے اور اگر تم سے کسی کی لڑائی ہو تو ہم تمہاری مدد کریں گے۔ اور اللہ

يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ⑪ لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ

گواہ ہے کہ وہ بالکل جھوٹے ہیں۔ واللہ! اگر اہلِ کتاب نکالے گئے تو یہ (منافقین) ان کے ساتھ

مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ

نہیں نکلیں گے۔ اور اگر اُن سے لڑائی ہوئی تو یہ ان کی مدد نہ کریں گے۔ اور اگر (بفرض محال)

نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۙ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ⑫

ان کی مدد بھی کی تو پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے پھر اُن کی کوئی مدد نہ ہوگی۔ بیشک تم لوگوں کا

لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ

خوف ان (منافقین) کے دلوں میں اللہ سے بھی زیادہ ہے (اور) یہ (ان کا تم سے ڈرنا خدا سے نہ ڈرنا)

بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ⑬ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا

اس سبب سے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ سمجھتے نہیں۔ یہ لوگ (تو) سب مل کر بھی تم سے نہ لڑیں گے مگر

فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ؕ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ

حفاظت والی بستیوں میں یا دیوار (کی آڑ) سے (چھپ کر) اُن کی لڑائی آپس (ہی) میں

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

شَدِيدٌ ۚ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَّقُلُوبُهُمْ شَتّٰى ۚ ذٰلِكَ

بڑی تیز ہے اے مخاطب تو اُنکو (ظاہر میں) متفق خیال کرتا ہے حالانکہ اُنکے قلوب غیر متفق ہیں یہ اس وجہ

بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ

سے ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو (دین کی) عقل نہیں رکھتے۔ ان لوگوں کی سی مثال ہے جو ان سے کچھ ہی

قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

پہلے ہوئے ہیں جو (دُنیا میں بھی) اپنے کردار کا مزہ چکھ چکے ہیں اور (آخرت میں بھی) ان کیلئے

اَلِيْمٌ ﴿۱۵﴾ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ

دردناک عذاب (ہونیوالا) ہے۔ شیطان کی سی مثال ہے کہ (اوّل تو) انسان سے کہتا ہے کہ تو کافر ہو جا

فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ

پھر جب وہ کافر ہو جاتا ہے تو (اُس وقت صاف) کہہ دیتا ہے کہ میرا تجھ سے کوئی واسطہ نہیں، میں تو اللہ

رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ

ربّ العالمین سے ڈرتا ہوں۔ سو آخری انجام دونوں کا یہ ہوا کہ دونوں دوزخ میں گئے

خَالِدَيْنِ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ ع ۲/۵

جہاں ہمیشہ رہیں گے (ایک گمراہ کرنیکی وجہ سے دوسرا ہونیکی وجہ سے) اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا

اے ایمان والو اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص دیکھ بھال لے کہ کل (قیامت) کے واسطے

قَدَّمَتْ لِغَدٍ ج وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا

اُس نے کیا ذخیرہ بھیجا ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال کی سب

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ

خبر ہے۔ اور تم اُن لوگوں کی طرح مت ہو جیو جنہوں نے اللہ (کے احکام) سے بے پروائی کی سو

اَنْفُسَهُمْ ط اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ

اللہ تعالیٰ نے خود اُن کی جان سے اُن کو بے پروا بنا دیا یہی لوگ نافرمان ہیں۔ اہلِ نار اور اہلِ جنت

النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ط اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾

باہم برابر نہیں۔ جو اہلِ جنت ہیں وہ کامیاب لوگ ہیں (اور اہلِ نار ناکام ہیں)۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا

اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو (اے مخاطب) تو اُس کو دیکھتا کہ

مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ط وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا

خدا کے خوف سے دب جاتا اور پھٹ جاتا اور ان مضامین عجیبہ کو ہم لوگوں کے (نفع کے) لئے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢١﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سوچیں۔ وہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی اور معبود (بننے کے لائق)

هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿٢٢﴾

نہیں وہ جاننے والا ہے پوشیدہ چیزوں کا اور ظاہر چیزوں کا وہی بڑا مہربان رحم والا ہے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ

وہ ایسا معبود ہے کہ اسکے سوا کوئی اور معبود نہیں وہ بادشاہ ہے (سب عیبوں سے) پاک ہے سالم ہے۔

الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ

امن دینے والا ہے نگہبانی کرنیوالا ہے، زبردست ہے خرابی کا درست کردینے والا ہے بڑی عظمت والا ہے۔

اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٢٣﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ

اللہ تعالیٰ (جسکی شان یہ ہے) لوگوں کے شرک سے پاک ہے۔ وہ معبود (برحق) ہے پیدا کرنیوالا ہے۔ ٹھیک

الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي

ٹھیک بنانیوالا ہے (یعنی ہر چیز کو حکمت کے موافق بناتا ہے) صورت بنانیوالا ہے اُسکے اچھے اچھے نام ہیں سب چیزیں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢٤﴾ ع ع ۳ / ۷ / ۶

اسکی تسبیح کرتی ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اٰیاتھا ۱۴ ٦١ سُوْرَۃُ الصَّفِّ مَدَنِیَّۃٌ ۱۰۹ رکوعاتھا ۲

سورۂ صف مدینہ میں نازل ہوئی اس میں چودہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ج

سب چیزیں اللہ ہی کی پاکی بیان کرتی ہیں (قالاً یا حالاً) جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ① یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔ اے ایمان والو!

لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ② کَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰہِ

ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو۔ خدا کے نزدیک یہ بات بہت ناراضی کی ہے

اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ③ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ

کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں ۔اللہ تعالیٰ تو ان لوگوں کو (خاص طور پر) پسند کرتا ہے

الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِہٖ صَفًّا کَاَنَّھُمْ بُنْیَانٌ

جو اس کے رستہ میں اس طرح مل کر لڑتے ہیں کہ گویا وہ ایک عمارت ہے کہ جس میں سیسہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مَّرْصُوْصٌ ﴿۴﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ

بلایا گیا ہے۔ اور (وہ وقت قابل ذکر ہے) جب کہ موسیٰؑ نے اپنی قوم سے فرمایا کہ اے میری قوم

تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ

مجھ کو کیوں ایذا پہنچاتے ہو۔ حالانکہ تمکو معلوم ہے کہ میں تمہارے پاس اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں پھر جب

فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي

(اس فہمائش پر بھی) وہ لوگ ٹیڑھے ہی رہے تو اللہ تعالیٰ نے اُنکے دلوں کو اور (زیادہ) ٹیڑھا کر دیا۔ اور اللہ تعالیٰ

الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۵﴾ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

(کا معمول ہے کہ وہ) ایسے نافرمانوں کو ہدایت (کی توفیق) نہیں دیتا۔ اور (اسی طرح وہ وقت بھی قابل ذکر ہے)

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا

جبکہ عیسیٰؑ ابنِ مریم نے فرمایا کہ اے بنی اسرائیل میں تمہارے پاس اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں کہ مجھ سے پہلے

لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ

جو توراۃ (آچکی) ہے میں اسکی تصدیق کرنیوالا ہوں اور میرے بعد جو ایک رسول آنیوالے ہیں جنکا نام

مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

(مبارک) احمد ہوگا میں اُنکی بشارت دینے والا ہوں پھر جب وہ اُن لوگوں کے پاس کھلی دلیلیں لائے تو وہ لوگ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٦ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى

(ان دلائل یعنی معجزات کی نسبت) کہنے لگے یہ صریح جادو ہے۔ اور (واقعی) اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہوگا

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ

جو اللہ پر جھوٹ باندھے حالانکہ وہ اسلام کی طرف بلایا جاتا ہو۔

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٧ يُرِيْدُوْنَ

اور اللہ ایسے ظالم لوگوں کو ہدایت (کی توفیق) نہیں دیا کرتا۔ یہ لوگ چاہتے ہیں کہ

لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ

اللہ کے نور (یعنی دین اسلام) کو اپنے منہ سے (پھونک مار کر) بجھادیں۔ حالانکہ اللہ اپنے نور کو کمال تک

وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝٨ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ

پہنچا کر رہیگا گو کافر لوگ کیسے ہی ناخوش ہوں۔ (چنانچہ) وہ اللہ ایسا ہے جسنے (اس اتمام نور کیلئے) اپنے رسول کو

بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ

ہدایت (کا سامان یعنی قرآن) اور سچا دین (یعنی اسلام) دیکر بھیجا ہے تاکہ اس (دین) کو تمام

وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝٩ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ ع ١ ٩ ٩

(بقیہ) دینوں پر غالب کردے (کہ یہی اتمام ہے) گو مشرک کیسے ہی ناخوش ہوں۔ اے ایمان والو! کیا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿١٠﴾

میں تم کو ایسی سوداگری بتلاؤں جو تم کو ایک دردناک عذاب سے بچالے (وہ یہ ہے کہ)

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ

تم لوگ اللہ پر اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ۔ اور اللہ کی راہ میں

اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ

اپنے مال اور جان سے جہاد کرو یہ تمہارے لئے بہت ہی بہتر ہے اگر

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿١١﴾ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ

تم کچھ سمجھ رکھتے ہو۔ (جب ایسا کروگے تو) اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ معاف کریگا اور تم کو (جنت کے)

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً

ایسے باغوں میں داخل کریگا جنکے نیچے نہریں جاری ہونگی اور عمدہ مکانوں میں (داخل کریگا) جو ہمیشہ

فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٢﴾

رہنے کے باغوں میں (بنے) ہونگے۔ یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور (اس ثمرۂ اُخرویہ کے علاوہ) ایک اور (ثمرۂ

وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ

دُنیویہ) بھی ہیکہ تم اسکو (بھی خاص طور پر) پسند کرتے ہو (یعنی) اللہ کیطرف سے مدد اور جلدی فتحیابی۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور (اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) آپ مومنین کو بشارت دے دیجئے۔ اے ایمان والو

كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

تم اللہ کے (دین کے) مددگار ہوجاؤ جیسا کہ عیسیٰ ابن مریم نے (اُن)

لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ

حواریین سے فرمایا کہ اللہ کے واسطے میرا کون مددگار ہوتا ہے وہ حواری

الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ

بولے ہم اللہ (کے دین) کے مددگار ہیں سو (اس کوشش کے بعد) بنی اسرائیل

مِّنْ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَ كَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا

میں سے کچھ لوگ ایمان لائے اور کچھ لوگ منکر رہے۔ سو ہم نے

ع ٢ / ١٠ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿١٤﴾ ع

ایمان والوں کی ان کے دشمنوں کے مقابلہ میں تائید کی سو وہ غالب ہوگئے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اٰیاتها ١١ ٦٢ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ ١١٠ رکوعاتها ٢

سورۂ جمعہ مدینہ میں نازل ہوئی اس میں گیارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ

سب چیزیں جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں (قالاً یا حالاً) اللہ کی پاکی بیان کرتی ہیں جو کہ

الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ① هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي

بادشاہ ہے (عیبوں سے) پاک ہے زبردست ہے حکمت والا ہے۔ وہی ہے جسنے (عرب کے) ناخواندہ

الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ

لوگوں میں ان ہی (کی قوم) میں سے (یعنی عرب میں سے) ایک پیغمبر بھیجا جو انکو اللہ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر

وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ

سناتے ہیں اور انکو (عقائد باطلہ و اخلاقِ ذمیمہ سے) پاک کرتے ہیں اور انکو کتاب اور دانشمندی (کی باتیں)

كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ ② وَّاٰخَرِيْنَ

سکھلاتے ہیں۔ اور یہ لوگ (آپکی بعثت کے) پہلے سے کھلی گمراہی میں تھے۔ اور (علاوہ ان موجودین کے)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ③

دوسروں کیلئے بھی ان میں سے جو ہنوز اُن میں شامل نہیں ہوئے۔ اور وہ زبردست حکمت والا ہے۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ

یہ (رسول کے ذریعہ سے گمراہی سے نکل کر ہدایت کیطرف آنا) خدا کا فضل ہے وہ فضل جسکو چاہتا ہے دیتا ہے

الْعَظِيْمِ ④ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ

اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ جن لوگوں کو تورات پر عمل کرنیکا حکم دیا گیا پھر انہوں نے اس پر عمل نہیں

يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ

کیا اُن کی حالت اس گدھے کی سی حالت ہے جو بہت سی کتابیں لادے ہوئے ہے۔ (غرض) اُن لوگوں

مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا

کی بُری حالت ہے، جنہوں نے خدا تعالیٰ کی آیتوں کو جھٹلایا (جیسے یہود ہیں) اور اللہ تعالیٰ ایسے ظالموں کو

يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ⑤ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

(توفیق) ہدایت (کی) نہیں دیا کرتا (اور اگر یہ لوگ یہ کہیں کہ ہم باوجود اس حالت کے بھی اللہ کے مقبول ہیں

هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ

تو) آپ (اُنسے) کہہ دیجئے کہ اے یہود یو اگر تمہارا یہ دعویٰ ہے کہ تم بلا شرکت غیرے اللہ کے مقبول

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٦

(ومحبوب) ہو تو تم اسکی تصدیق کیلئے موت کی تمنا کر (کے دکھلا) دو اگر تم (اس دعوے میں) سچے ہو۔

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ

اور وہ کبھی اسکی تمنا نہ کرینگے بوجہ (خوف سزا) ان اعمال (کفریہ) کے جو اپنے ہاتھوں سمیٹتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کو

عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝٧ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ

خوب اطلاع ہے ان ظالموں (کے حال) کی۔ آپ (اُن سے یہ بھی) کہہ دیجئے کہ جس موت سے تم

مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ

بھاگتے ہو وہ (موت ایک روز) تم کو آ پکڑے گی۔ پھر تم پوشیدہ اور ظاہر جاننے والے (خدا) کے

وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٨ ع ۸/١ ١١

پاس لے جائے جاؤ گے۔ پھر وہ تم کو تمہارے سب کئے ہوئے کام بتلا دے گا (اور سزا دے گا)۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ

اے ایمان والو! جب جمعہ کے روز نماز (جمعہ) کیلئے اذان کہی جایا کرے تو تم اللہ کی یاد (یعنی نماز و خطبہ)

الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ؕ

کیطرف (فوراً) چل پڑا کرو اور خرید و فروخت (اور ایسے ہی دوسرے مشاغل جو چلنے سے مانع ہوں) چھوڑ دیا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ⑨ فَاِذَا قُضِيَتِ

کرو یہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے اگر تمکو کچھ سمجھ ہو (کیونکہ اسکا نفع باقی ہے اور بیع وغیرہ کا فانی)۔ پھر جب

الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِى الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ

نماز (جمعہ) پوری ہو چکے تو (اس وقت تمکو اجازت ہے کہ) تم زمین پر چلو پھرو اور خدا کی روزی

اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ⑩

تلاش کرو اور (اسمیں بھی) اللہ کو بکثرت یاد کرتے رہو تاکہ تم کو فلاح ہو اور (بعضے لوگوں کا یہ حال ہے کہ)

وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا

وہ لوگ جب کسی تجارت یا مشغولی کی چیز کو دیکھتے ہیں تو وہ اسکی طرف دوڑنے کیلئے بکھر جاتے ہیں

وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ط قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ

اور آپکو کھڑا ہوا چھوڑ جاتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ جو چیز (از قسم قرب و ثواب) خدا کے پاس ہے

وَمِنَ التِّجَارَةِ ط وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ⑪ ع ٢ ع ١٢

وہ ایسے مشغلہ اور تجارت سے بدرجہا بہتر ہے اور اللہ سب سے اچھا روزی پہنچانے والا ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اٰیاتھا ۱۸ ۶۴ سُوْرَۃُ التَّغَابُنِ مَدَنِیَّۃٌ ۱۰۸ رکوعاتھا ۲

سورۂ تغابن مدینہ میں نازل ہوئی اس میں اٹھارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑے رحم والے ہیں۔

یُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ

سب چیزیں جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں اللہ کی پاکی (قالاً یا حالاً) بیان کرتی ہیں۔

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۫ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۱

اسی کی سلطنت ہے اور وہی تعریف کے لائق ہے اور وہ ہر شئے پر قادر ہے۔

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ

وہی ہے جس نے تم کو پیدا کیا سو (باوجود اس کے بھی) تم میں بعضے کافر ہیں اور بعضے مومن ہیں۔

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۲ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

اور اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال (ایمانیہ و کفریہ) کو دیکھ رہا ہے۔ اسی نے آسمانوں

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ

اور زمین کو ٹھیک طور پر پیدا کیا اور تمہارا نقشہ بنایا سو عمدہ نقشہ بنایا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۳ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور اسی کے پاس (سب کو) لوٹنا ہے۔ وہ سب چیزوں کو جانتا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہیں

وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

اور سب چیزوں کو جانتا ہے جو تم پوشیدہ کرتے ہو اور جو علانیہ کرتے ہو اور اللہ تعالیٰ دِلوں تک

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۴ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ

کی باتوں کا جاننے والا ہے۔ کیا تم کو ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جنہوں نے (تم سے)

كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ز فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ

پہلے کفر کیا۔ پھر اُنہوں نے اپنے (ان) اعمال کا وبال (دُنیا میں بھی) چکھا اور (اسکے علاوہ آخرت میں بھی)

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۵ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ

ان کیلئے عذاب دردناک ہونیوالا ہے۔ یہ اس سبب سے ہیکہ ان لوگوں کے پاس انکے پیغمبر دلائل واضحہ لیکر آئے

بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ز فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا

تو ان لوگوں نے (ان رسولوں کی نسبت) کہا کہ کیا آدمی ہمکو ہدایت کرینگے۔ غرض انہوں نے کفر کیا اور اعراض کیا

وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۶ زَعَمَ الَّذِيْنَ

اور خدا نے (بھی انکی کچھ) پروا نہ کی اور اللہ (سب سے) بے نیاز (اور) ستودہ صفات ہے۔ یہ کافر (مضمون عذاب

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّىْ لَتُبْعَثُنَّ

آخرت کو منکر) یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ ہرگز ہرگز دوبارہ زندہ نہ کئے جاوینگے۔ آپ کہہ دیجئے کیوں نہیں واللہ ضرور دوبارہ زندہ

ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٧﴾

کئے جاؤگے پھر جو جو کچھ تم نے کیا ہے تمکو سب بتلادیا جاویگا (اور اس پر سزا دیجاویگی) اور یہ بعث (وجزا) اللہ تعالیٰ

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِىْٓ اَنْزَلْنَا ؕ

کو بالکل آسان ہے۔ سو تم (کو چاہئے کہ) اللہ پر اور اُسکے رسول پر اور اس نور پر (یعنی قرآن پر) کہ ہم نے نازل کیا

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿٨﴾ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ

ہے ایمان لاؤ۔ اور اللہ تمہارے سب اعمال کی پوری خبر رکھتا ہے۔ (اور اس دن کو یاد کرو) کہ جس دن تم

الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ

سب کو ایک جمع ہونے کے دن جمع کریگا۔ یہی دن ہے سود و زیاں کا اور (بیان اسکا یہ ہے کہ) جو شخص اللہ پر

وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ

ایمان رکھتا ہوگا اور نیک کام کرتا ہوگا اللہ تعالیٰ اس کے گناہ دور کردے گا۔ اور اس کو (جنت کے)

جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ

ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہونگی جس میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri
Collection Of Adovcate Showkat

اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۹﴾ وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

رہیں گے (اور) یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ہوگا

وَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِیْنَ

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہوگا یہ لوگ دوزخی ہیں اس میں ہمیشہ

ع ۱۵ فِیْهَا ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِیْرُ ﴿۱۰﴾ ع مَاۤ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ

رہیں گے اور وہ بُرا ٹھکانہ ہے۔ کوئی مصیبت بدون حکم خدا کے

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ یُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ یَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ

نہیں آتی اور جو شخص اللہ پر (پورا) ایمان رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اسکے قلب کو (صبر و رضا کی) راہ دکھا دیتا

وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۱﴾ وَ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا

ہے اور اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔ اور (خلاصہ کلام یہ ہے کہ ہر امر میں جسمیں مصائب بھی داخل ہیں) اللہ کا کہنا مانو

الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ

اور رسول کا کہنا مانو اور اگر تم (اطاعت سے) اعراض کرو گے تو (یاد رکھو کہ) ہمارے رسول کے ذمہ تو صاف

الْمُبِیْنُ ﴿۱۲﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَ عَلَى اللّٰهِ

صاف پہنچا دینا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود (بننے کے قابل) نہیں اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر (مصائب

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ⑬ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ

وغیرہ میں) توکل رکھنا چاہئے۔ اے ایمان والو تمہاری بعض بیبیاں

مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ

اور اولاد تمہارے (دین کی) دشمن ہیں سو تم ان سے ہوشیار رہو (اور انکے ایسے امر پر عمل مت کرو)

وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اور اگر تم معاف کردو اور درگذر کر جاؤ اور بخش دو تو اللہ تعالیٰ (تمہارے گناہوں کا) بخشنے والا (اور تمہارے

رَّحِيْمٌ ⑭ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۭ

حال پر) رحم کرنیوالا ہے۔ تمہارے اموال اور اولاد بس تمہارے لئے ایک آزمائش کی چیز ہے اور (جو شخص ان

وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ⑮ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا

میں پڑکر اللہ کو یاد رکھے گا تو) اللہ کے پاس (اس کیلئے) بڑا اجر ہے۔ تو جہاں تک تم سے ہو سکے اللہ

اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا

سے ڈرتے رہو اور (اسکے احکام کو) سنو اور مانو اور (بالخصوص مواقع حکم میں) خرچ (بھی) کیا کرو

لِّاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

یہ تمہارے لئے بہتر ہوگا اور جو شخص نفسانی حرص سے محفوظ رہا ایسے ہی لوگ (آخرت میں)

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿١٦﴾ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

فلاح پانے والے ہیں۔ اگر تم اللہ کو اچھی طرح (یعنی خلوص کیساتھ) قرض دو گے تو وہ اسکو تمہارے

يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿١٧﴾ لا

لئے بڑھاتا چلا جاویگا اور تمہارے گناہ بخش دیگا۔ اور اللہ بڑا قدر دان ہے (کہ عمل صالح کو قبول فرماتا ہے اور)

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١٨﴾ ع ۲/۸/۱۶

بڑا بردبار ہے۔ پوشیدہ اور ظاہر (اعمال) کا جاننے والا ہے (اور) زبردست ہے (اور) حکمت والا ہے۔

توفیق عمل صالح اور اطمینان قلب کی دعاء

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ

اے ہمارے پروردگار ہم کو ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک

وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿٧٤﴾

(یعنی راحت) عطا فرما اور ہم کو متقیوں کا افسر بنادے۔ (الفرقان: ٧٤)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

آیاتها ١٢ ٦٦ سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ ١٠٧ رکوعاتها ٢

سورۂ تحریم مدینہ میں نازل ہوئی اس میں بارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ

اے نبی جس چیز کو اللہ نے آپ کیلئے حلال کیا ہے آپ (قسم کھا کر) اس کو (اپنے اوپر) کیوں حرام

مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ①

فرماتے ہیں (پھر وہ بھی) اپنی بیبیوں کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔

قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ

اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کیلئے تمہاری قسموں کا کھولنا (یعنی قسم توڑنے کے بعد اسکے کفارہ کا طریقہ) مقرر فرمادیا ہے۔ اور اللہ

وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ② وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى

تعالیٰ تمہارا کارساز ہے۔ اور وہ بڑا جاننے والا بڑی حکمت والا ہے۔ اور جبکہ پیغمبر (ﷺ) نے اپنی کسی بی بی سے

بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ

ایک بات چپکے سے فرمائی۔ پھر جب اس بی بی نے وہ بات (دوسری بی بی کو) بتلادی اور پیغمبر کو اللہ تعالیٰ نے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ

(بذریعہ وحی) اسکی خبر کردی تو پیغمبر نے (اس ظاہر کردینے والی بی بی کو) تھوڑی سی بات تو جتلادی اور تھوڑی سی

فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ قَالَ نَبَّاَنِيَ

بات کو ٹال گئے۔ سو جب پیغمبر نے اس بی بی کو وہ بات جتلائی۔ وہ کہنے لگی کہ آپ کو اسکی کس نے خبر دی۔ آپ نے

الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ③ اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ

فرمایا کہ مجھکو بڑے جاننے والے خبر رکھنے والے (یعنی خدا) نے خبر کردی۔ اے (پیغمبر کی) دونوں بیبیوں!

صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ

اگر تم اللہ کیسامنے توبہ کرلو تو تمہارے دل مائل ہو رہے ہیں۔ اور اگر (اسی طرح) پیغمبر کے مقابلہ میں تم دونوں

مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

کارروائیاں کرتی رہیں تو یاد رکھو پیغمبر کا رفیق اللہ ہے اور جبرئیل ہے اور نیک مسلمان ہیں اور انکے علاوہ فرشتے

بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ④ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ

(آپکے) مددگار ہیں۔ اگر پیغمبر تم عورتوں کو طلاق دے دیں تو اُنکا پروردگار بہت جلد تمہارے

يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ

بدلے ان کو تم سے اچھی بیبیاں دے دیگا جو اسلام والیاں ایمان والیاں

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝٥

فرمانبرداری کرنیوالیاں توبہ کرنیوالیاں عبادت کرنیوالیاں روزہ رکھنے والیاں ہونگی کچھ بیوہ اور کچھ کنواریاں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا

اے ایمان والو تم اپنے کو اور اپنے گھر والوں کو (دوزخ کی) اس آگ سے بچاؤ

وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ

جس کا ایندھن (اور سوختہ) آدمی اور پتھر ہیں۔ جس پر تندخو (اور) مضبوط فرشتے (متعین) ہیں

شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ

جو خدا کی (ذرا) نافرمانی نہیں کرتے کسی بات میں جو انکو حکم دیتا ہے اور جو کچھ انکو حکم دیا جاتا ہے اسکو (فوراً)

مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝٦ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا

بجالاتے ہیں۔ (اور کافروں کو دوزخ میں داخل کرتے وقت اُنسے کہا جائیگا کہ) اے کافرو تم آج عذر (و معذرت)

الْيَوْمَ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٧ ع ١/١٩

مت کرو (کہ بے سود ہے) بس تمکو تو اسی کی سزا مل رہی ہے جو کچھ تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ

اے ایمان والو تم اللہ کے آگے سچی توبہ کرو (توبہ کا ثمرہ فرماتے ہیں کہ)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ

اُمید (یعنی وعدہ) ہے کہ تمہارا رب (اس توبہ کی بدولت) تمہارے گناہ معاف کردیگا اور تم کو (جنت کے)

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِي

ایسے باغوں میں داخل کریگا جنکے نیچے نہریں جاری ہونگی (اور یہ اس روز ہوگا) جس دن کہ اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى

نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو اور جو مسلمان (دین کی رو سے) ان کیساتھ ہیں انکو رسوا نہ کریگا۔ انکا نور ان کے داہنے

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ

اور اُنکے سامنے دوڑتا ہوگا (اور یوں) دُعا کرتے ہونگے کہ اے ہمارے ربّ ہمارے لئے ہمارے

لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٨﴾

اس نور کو اخیر تک رکھیئے (یعنی راہ میں گُل نہ ہوجائے) اور ہماری مغفرت فرمادیجئے آپ ہر شئے پر قادر ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ

اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کفار سے (باللسان) اور منافقین سے (باللسان) جہاد کیجئے اور ان پر سختی کیجئے

عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿٩﴾

(دنیا میں تو یہ اسکے مستحق ہیں) اور (آخرت میں ان کا ٹھکانا دوزخ) ہے۔ اور وہ بری جگہ ہے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ

اللہ تعالیٰ کافروں کے لئے نوح (علیہ السلام) کی بی بی اور لُوط (علیہ السلام) کی بی بی

وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا

کا حال بیان فرماتا ہے۔ وہ دونوں ہمارے خاص بندوں میں سے دو بندوں کے نکاح میں تھیں۔

صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ

سوان عورتوں نے ان دونوں بندوں کا حق ضائع کیا۔ تو وہ دونوں نیک بندے اللہ کے مقابلہ میں انکے ذرا کام

شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ﴿١٠﴾

نہ آسکے اور ان دونوں عورتوں کو (بوجہ کافرہ ہونیکے) حکم ہوگیا کہ اور جانیوالوں کیساتھ تم دونوں بھی دوزخ میں جاؤ۔

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ وقف الزم

اور اللہ تعالیٰ مسلمانوں (کی تسلی) کیلئے فرعون کی بی بی (حضرت آسیہؓ) کا حال بیان فرماتا ہے۔

اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

جبکہ اسکی بی بی نے دُعا کی کہ اے میرے پروردگار میرے واسطے جنت میں اپنے قُرب میں مکان بنائیے

وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ

اور مجھ کو فرعون (کے شر) سے اور اسکے (کفر کے) عمل (کے اثر) سے محفوظ رکھیئے۔ اور مجھکو تمام ظالم (یعنی کافر)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

الظّٰلِمِيْنَ ﴿١١﴾ وَ مَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ

لوگوں سے محفوظ رکھیئے، (اور نیز مسلمانوں کی تسلی کیلئے) عمران کی بیٹی (حضرت) مریم (علیہا السلام) کا حال بیان کرتا ہے

اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا

جنہوں نے اپنے ناموس کو (حرام اور حلال دونوں سے) محفوظ رکھا سو ہمنے انکے چاک گریبان میں اپنی رُوح پھونک دی

وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَ كُتُبِهٖ

اور انھوں نے اپنے پروردگار کے پیغاموں کی (جو ان کو ملائکہ کے ذریعہ پہنچے تھے) اور اسکی کتابوں کی تصدیق کی

ع ٢ ٥ ٢٠ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿١٢﴾ ع

اور وہ اطاعت والوں میں سے تھیں۔

قبر پر مٹی ڈالتے وقت

قبر پر مٹی ڈالتے وقت مستحب یہ ہے کہ سرہانے کی طرف سے ابتداء کیجائے اور ہر شخص اپنے دونوں ہاتھوں میں مٹی بھر کر قبر پر ڈال دے۔ پہلی مرتبہ کہے

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ (اسی زمین سے ہم نے تم کو پیدا کیا) دوسری مرتبہ کہے:

وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ (اور اسی میں تم کو لوٹا کر لائیں گے) اور تیسری مرتبہ کہے:

وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿٥٥﴾ (سورۂ طٰہٰ: آیت ۵۵)

(اور اسی سے دوبارہ تم کو دوبارہ نکال کھڑا کریں گے)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

آیاتها ۳۰ ۶۷ سُوْرَۃُ الْمُلْکِ مَکِّیَّۃٌ ۷۷ رکوعاتها ۲

سورۂ مُلک مکہ میں نازل ہوئی اس میں تیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ ز وَ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ

وہ (خدا) بڑا عالی شان ہے جس کے قبضہ میں تمام سلطنت ہے اور وہ ہر چیز پر

قَدِیْرُ ۙ ① الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوةَ لِیَبْلُوَكُمْ

قادر ہے۔ جس نے موت اور حیات کو پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے

اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ط وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ ۙ ②

کہ تم میں کون شخص عمل میں زیادہ اچھا ہے۔ اور وہ زبردست (اور) بخشنے والا ہے۔

الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ط مَا تَرٰی فِیْ

جس نے سات آسمان اُوپر تلے پیدا کیے۔ تُو خدا کی اس صنعت

خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ط فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ

میں کوئی خلل نہ دیکھے گا سو تو (اب کی بار) پھر نگاہ ڈال کر دیکھ لے۔ کہیں تجھ کو کوئی خلل نظر آتا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

تَرٰی مِنۡ فُطُوۡرٍ ﴿۳﴾ ثُمَّ ارۡجِعِ الۡبَصَرَ کَرَّتَیۡنِ یَنۡقَلِبۡ

ہے (یعنی بلا تامل تو نے بہت بار دیکھا ہوگا اب کی بار تامل سے نگاہ کر) پھر بار بار نگاہ ڈال کر دیکھ

اِلَیۡکَ الۡبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ حَسِیۡرٌ ﴿۴﴾ وَ لَقَدۡ زَیَّنَّا

(آخر کار) نگاہ ذلیل اور درماندہ ہو کر تیری طرف لوٹ آوے گی۔ اور ہم نے قریب کے آسمانوں کو

السَّمَآءَ الدُّنۡیَا بِمَصَابِیۡحَ وَ جَعَلۡنٰهَا رُجُوۡمًا

چراغوں (یعنی ستاروں) سے آراستہ کر رکھا ہے۔ اور ہم نے ان (ستاروں) کو شیطان کو مارنے کا

لِّلشَّیٰطِیۡنِ وَ اَعۡتَدۡنَا لَهُمۡ عَذَابَ السَّعِیۡرِ ﴿۵﴾

ذریعہ بھی بنادیا ہے اور ہم نے ان (شیاطین) کیلئے (بوجہ اُنکے کُفر کے) دوزخ کا عذاب (بھی) تیار کر رکھا ہے۔

وَ لِلَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِرَبِّهِمۡ عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ وَ بِئۡسَ

اور جو لوگ اپنے رب (کی توحید) کا انکار کرتے ہیں ان کے لئے دوزخ کا عذاب ہے۔ اور وہ

الۡمَصِیۡرُ ﴿۶﴾ اِذَاۤ اُلۡقُوۡا فِیۡهَا سَمِعُوۡا لَهَا شَهِیۡقًا

بُری جگہ ہے۔ جب یہ لوگ اس میں ڈالے جاوینگے تو اس کی بڑے زور کی آواز سنیں گے

وَّ هِیَ تَفُوۡرُ ﴿۷﴾ لا تَکَادُ تَمَیَّزُ مِنَ الۡغَیۡظِ ؕ کُلَّمَاۤ اُلۡقِیَ

اور وہ اسطرح جوش مارتی ہوگی۔ جیسے معلوم ہوتا ہے کہ (ابھی) غصے کے مارے پھٹ پڑیگی۔ (اور) جب اسمیں

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Addvcate Showkat

فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ۝٨

کوئی گروہ (کافروں کا) ڈالا جاویگا تو اسکے محافظ ان لوگوں سے پوچھیں گے کہ کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانیوالا (پیغمبر)

قَالُوا بَلَىٰ قَدْ جَآءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ

نہیں آیا تھا وہ کافر (بطور اعتراف کے) کہیں گے کہ واقعی ہمارے پاس ڈرانیوالا (پیغمبر) آیا تھا۔ سو (یہ ہماری شامت تھی

اللَّهُ مِن شَيْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَٰلٍ كَبِيرٍ ۝٩

کہ) ہمنے (اسکو) جھٹلا دیا اور کہہ دیا کہ اللہ نے (از قبیل احکام و کتب) کچھ نازل نہیں کیا۔ (اور) تم بڑی

وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيٓ أَصْحَٰبِ

غلطی میں پڑے ہو۔ اور (کافر فرشتوں سے یہ بھی) کہیں گے کہ ہم اگر سنتے یا سمجھتے تو ہم اہل دوزخ میں

السَّعِيرِ ۝١٠ فَاعْتَرَفُوا بِذَنۢبِهِمْ فَسُحْقًا لِّأَصْحَٰبِ

(شامل) نہ ہوتے۔ غرض اپنے جرم کا اقرار کریں گے سو اہل دوزخ

السَّعِيرِ ۝١١ إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ

پر لعنت ہے۔ بیشک جو لوگ اپنے پروردگار سے بے دیکھے ڈرتے ہیں

لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ۝١٢ وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ

ان کیلئے مغفرت اور اجر عظیم (مقرر) ہے۔ اور تم لوگ خواہ چھپا کر بات کہو یا پکار کر کہو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑬

(اس کو سب خبر ہے کیونکہ) وہ دلوں تک کی باتوں سے خوب واقف ہے۔

اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ⑭ ع

(اور بھلا) کیا وہ نہ جانیگا جس نے پیدا کیا ہے۔ اور وہ باریک بیں (اور) پورا باخبر ہے۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ

وہ ایسا (منعم) ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو مسخر کردیا سو تم اس کے رستوں میں چلو (پھرو)

مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ⑮

اور خدا کی روزی میں سے (جو زمین میں پیدا کی ہے) کھاؤ (پیو) اور (کھا پی کر اسکو بھی یاد رکھنا کہ) اسی کے پاس

ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ

دوبارہ زندہ ہو کر جانا ہے۔ کیا تم لوگ اس سے بیخوف ہو گئے ہو جو کہ آسمان میں (بھی اپنا حکم و تصرف رکھتا) ہے کہ وہ

فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ⑯ لا اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ

تمکو زمین میں دھنسادے پھر وہ زمین تھرتھرا (کر الٹ پلٹ) ہونے لگے۔ یا تم لوگ اس سے بیخوف ہو گئے ہو جو کہ آسمان

يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ⑰

میں (بھی اپنا حکم و تصرف رکھتا) ہے کہ وہ تم پر (مثل عاد کے) ایک ہوا پتھر برسانے والی بھیجدے۔ (جس سے تم ہلاک ہو جاؤ)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ

سو عنقریب (مرتے ہی) تمکو معلوم ہو جاویگا کہ میرا ڈرانا (عذاب سے) کیسا (صحیح) تھا۔ اور ان سے پہلے جو لوگ ہو گذرے ہیں

نَكِيْرِ ﴿١٨﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ

انہوں نے (دین حق کو) جھٹلایا تھا۔ سو (دیکھ لو انپر) میرا عذاب کیسا (واقع) ہوا۔ کیا ان لوگوں نے اپنے اوپر پرندوں کیطرف

وَّيَقْبِضْنَ ؔ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ۭ اِنَّهٗ بِكُلِّ

نظر نہیں کی۔ کہ پر پھیلائے ہوئے (اڑتے پھرتے) ہیں اور (کبھی اسی حالت میں) پر سمیٹ لیتے ہیں۔ بجز (خدائے) رحمن کے

شَيْءٍۢ بَصِيْرٌ ﴿١٩﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ

انکو کوئی تھامے ہوئے نہیں ہے۔ بیشک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے (اور جسطرح چاہے اسمیں تصرف کر رہا ہے)۔ ہاں رحمن کے

يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ۭ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ

سوا وہ کون ہے کہ وہ تمہارا لشکر بنکر (آفت سے) تمہاری حفاظت کر سکے (اور) کافر (جو اپنے معبودوں کی نسبت ایسا خیال رکھتے ہیں)

غُرُوْرٍ ﴿٢٠﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ

تو (وہ) نرے دھوکے میں ہیں (اور) ہاں (یہ بھی بتلاؤ کہ) وہ کون ہے جو تمکو روزی پہنچادے اگر اللہ تعالیٰ اپنی روزی

رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ﴿٢١﴾ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ

بند کرلے (مگر یہ لوگ اس سے بھی متاثر نہیں ہوتے) بلکہ سرکشی اور نفرت (عن الحق) پر جم رہے ہیں۔ سو (جس کافر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤى اَمَّنْ يَّمْشِىْ سَوِيًّا عَلٰى

کا حال اُوپر سنا ہے اسکو سنکر سوچو کہ) کیا جو شخص منہ کے بَل گرتا ہوا چل رہا ہو وہ منزلِ مقصود پر زیادہ

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٢٢﴾ قُلْ هُوَ الَّذِىْۤ اَنْشَاَكُمْ

پہنچنے والا ہوگا یا وہ شخص جو سیدھا ایک ہموار سڑک پر چلا جارہا ہو۔ آپ (اُن سے) کہیئے کہ وہی (ایسا

وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا

قادر و منعم) ہے جس نے تم کو پیدا کیا۔ اور تم کو کان اور آنکھیں اور دِل دیئے۔ (مگر) تم لوگ بہت

مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٣﴾ قُلْ هُوَ الَّذِىْ ذَرَاَكُمْ فِى الْاَرْضِ

کم شکر کرتے ہو۔ (اور) آپ (یہ بھی) کہیئے کہ وہی ہے جس نے تم کو روئے زمین پر پھیلایا

وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

اور تم اسی کے پاس (قیامت کے روز) اکٹھے کئے جاؤ گے۔ اور یہ لوگ (جب قیامت کا ذکر سنتے ہیں تو) کہتے

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪

ہیں کہ یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو۔ (تو بتلاؤ) آپ (جواب میں) کہہ دیجئے کہ یہ (تعین کا علم)

وَاِنَّمَاۤ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢٦﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً

تو خدا ہی کو ہے اور میں تو محض (علی الاجمال مگر) صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ پھر جب اس (عذاب موعود)

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ

کو پاس آتا ہوا دیکھیں گے تو (اس وقت مارے غم کے) کافروں کے منہ بگڑ جاوینگے اور (اُن سے) کہا جاوے گا

كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿٢٧﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ

یہی ہے وہ جسکو تم مانگا کرتے تھے (کہ عذاب لاؤ عذاب لاؤ)۔ آپ (اُن سے) کہیئے کہ تم یہ بتلاؤ کہ اگر خدا تعالیٰ مجھ کو

اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ

اور میرے ساتھ والوں کو (موافق تمہاری تمنا کے) ہلاک کردے یا (موافق ہماری اُمید اور اپنے وعدے کے) ہم پر رحمت

مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢٨﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ

فرمادے تو کافروں کو عذاب دردناک سے کون بچالے گا۔ (اور) آپ (اُن سے یہ بھی) کہیئے کہ وہ بڑا مہربان ہے ہم اس پر ایمان

تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٩﴾

لائے اور ہم اسی پر توکل کرتے ہیں۔ سو عنقریب تمکو معلوم ہوجائے گا کہ صریح گمراہی میں کون ہے (یعنی تم جیسا کہ ہم کہتے

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ

ہیں یا ہم جیسا کہ تم کہتے ہو)۔ آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ اچھا یہ بتلاؤ کہ اگر تمہارا پانی (جو کنوؤں میں ہے) نیچے کو اتر کر

يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿٣٠﴾ ع

ع ١٦ ٢ ٢

غائب ہوجائے۔ سو وہ کون ہے جو تمہارے پاس سوت کا پانی لے آئے (یعنی کنوئیں کی سوت کو جاری کردے)۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ایاتھا ۲۸ ۷۱ سُوْرَۃُ نُوْحٍ مَکِّیَّۃٌ ۷۱ رکوعاتھا ۲

سورۂ نوح مکہ میں نازل ہوئی اسمیں اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

اِنَّاۤ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖۤ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ

ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کے پاس (پیغمبر بنا کر) بھیجا تھا کہ تم اپنی قوم کو (وبال کفر سے) ڈراؤ

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱﴾ قَالَ يٰقَوْمِ

قبل اس کے کہ ان پر دردناک عذاب آئے۔ انہوں نے (اپنی قوم سے) کہا کہ اے میری قوم میں

اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲﴾ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ

تمہارے لئے صاف صاف ڈرانیوالا ہوں۔ (اور کہتا ہوں) کہ تم اللہ کی عبادت (یعنی توحید اختیار) کرو اور

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۳﴾ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ

اس سے ڈرو اور میرا کہنا مانو۔ تو وہ تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور تم کو وقت مقرر (یعنی وقت موت) تک

اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ

(بلا عقوبت) مہلت دے گا۔ اللہ کا مقرر کیا ہوا وقت (ہے) جب (وہ) آجائے گا تو ٹلے گا نہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ دَعَوْتُ

کیا خوب ہوتا اگر تم (ان باتوں کو) سمجھتے۔ (جب مدت ہائے دراز تک ان نصائح کا کچھ اثر قوم پر نہ ہوا تو) نوح نے

قَوْمِیْ لَیْلًا وَّ نَهَارًا ﴿۵﴾ فَلَمْ یَزِدْهُمْ دُعَآءِیْۤ اِلَّا

(حق تعالیٰ) سے دعا کی کہ اے میرے پروردگار میں نے اپنی قوم کو رات کو بھی اور دن کو بھی (دین حق کیطرف) بلایا سو میرے

فِرَارًا ﴿۶﴾ وَ اِنِّیْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْۤا

بلانے پر (دین سے) اور زیادہ بھاگتے رہے اور (وہ بھاگنا یہ ہوا کہ) میں نے جب کبھی انکو (دین حق کیطرف) بلایا تاکہ (ایمان کے

اَصَابِعَهُمْ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَ اسْتَغْشَوْا ثِیَابَهُمْ وَ اَصَرُّوْا

سبب) آپ انکو بخش دیں تو ان لوگوں نے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں دے لیں (تاکہ حق بات کو سنیں بھی نہیں) اور (نیز زیادتی

وَ اسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ﴿۷﴾ ثُمَّ اِنِّیْ دَعَوْتُهُمْ

کراہت سے) اپنے کپڑے (اپنے اوپر) لپیٹ لئے اور اصرار کیا اور (میری اطاعت سے) غایت درجہ کا تکبر کیا۔ پھر (بھی)

جِهَارًا ﴿۸﴾ ثُمَّ اِنِّیْۤ اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَ اَسْرَرْتُ لَهُمْ

میں نے انکو بآوازِ بلند بلایا۔ پھر میں نے انکو (خطاب خاص کے طور پر) علانیہ بھی سمجھایا۔ اور انکو بالکل خفیہ بھی

اِسْرَارًا ﴿۹﴾ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ

سمجھایا۔ اور (اس سمجھانے میں) میں نے (اُن سے یہ) کہا کہ تم اپنے پروردگار سے گناہ بخشواؤ بیشک وہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

غَفَّارًا ۙ﴿١٠﴾ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ﴿١١﴾ۙ

بڑا بخشنے والا ہے۔ کثرت سے تم پر بارش بھیجے گا،

وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ

اور تمہارے مال اور اولاد میں ترقی دے گا۔ اور تمہارے لئے باغ لگادے گا

وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿١٢﴾ؕ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ

اور تمہارے لئے نہریں بہادے گا۔ (میں نے اُن سے یہ بھی کہا کہ) تم کو کیا ہوا کہ تم اللہ کی عظمت

وَقَارًا ﴿١٣﴾ۚ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿١٤﴾ اَلَمْ تَرَوْا

کے معتقد نہیں ہو (ورنہ شرک نہ کرتے) حالانکہ اُس نے تم کو طرح طرح سے بنایا۔ کیا تم کو معلوم

كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ﴿١٥﴾ۙ وَّجَعَلَ

نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح سات آسمان اُوپر تلے پیدا کئے۔ اور ان میں

الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿١٦﴾

چاند کو نور (کی چیز) بنایا اور سورج کو (مثل) چراغ (روشن کے) بنایا۔

وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا ﴿١٧﴾ۙ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ

اور اللہ نے تم کو زمین سے ایک خاص طور پر پیدا کیا پھر تم کو (بعد مرگ) زمین ہی میں لے جائے گا

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

فِيهَا وَ يُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ﴿۱۸﴾ وَ اللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ

اور (قیامت میں پھر اسی زمین سے) تمکو باہر لے آوے گا۔ اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے زمین

الْاَرْضَ بِسَاطًا ﴿۱۹﴾ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿۲۰﴾ ع ۲۰ ۹

کو (مثل) فرش (کے) بنایا تاکہ تم اس کے کھلے رستوں میں چلو۔ (اور یہ سب حکایت عرض کر کے)

قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِیْ وَ اتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ

نوح (علیہ السلام) نے (یہ) کہا کہ اے میرے پروردگار ان لوگوں نے میرا کہنا نہیں مانا اور ایسے شخصوں

يَزِدْهُ مَالُهٗ وَ وَلَدُهٗۤ اِلَّا خَسَارًا ﴿۲۱﴾ وَ مَكَرُوْا

کی پیروی کی کہ جنکے مال اور اولاد نے ان کو نقصان ہی زیادہ پہنچایا۔ اور (انہوں نے جنکا اتباع کیا ہے

مَكْرًا كُبَّارًا ﴿۲۲﴾ وَ قَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَ لَا

وہ ایسے ہیں کہ) جنہوں نے (حق مٹانے میں) بڑی بڑی تدبیریں کیں۔ اور جنہوں نے (اپنے تابعین سے)

تَذَرُنَّ وَدًّا وَّ لَا سُوَاعًا ۙ وَّ لَا يَغُوْثَ وَ يَعُوْقَ

کہا تم اپنے معبودوں کو ہرگز نہ چھوڑنا اور (بالخصوص) ودّ کو اور نہ سواع کو اور نہ یغوث کو اور یعوق کو

وَ نَسْرًا ﴿۲۳﴾ وَ قَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَ لَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ

اور نسر کو چھوڑنا۔ اور ان (رئیس) لوگوں نے بہتوں کو (بہکا بہکا کر) گمراہ کر دیا۔ اور (اب آپ) ان ظالموں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اِلَّا ضَلٰلًا ﴿٢٤﴾ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا

کی گمراہی اور بڑھا دیجئے۔ (ان لوگوں کا انجام یہ ہوا کہ) اپنے ان ہی گناہوں کے سبب وہ غرق کئے گئے

نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿٢٥﴾

پھر (بعد غرق) دوزخ میں داخل کئے گئے۔ اور خدا کے سوا اُن کو کوئی حمایتی میسّر نہ ہوئے۔

وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ

اور نوح (علیہ السلام) نے (یہ بھی) کہا کہ اے میرے پروردگار کافروں میں سے زمین پر ایک باشندہ

الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿٢٦﴾ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا

بھی مت چھوڑ۔ (کیونکہ) اگر آپ ان کو روئے زمین پر رہنے دینگے تو آپ کے بندوں کو گمراہ ہی کردینگے

عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿٢٧﴾ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ

اور (آگے بھی) اُن کے محض فاجر اور کافر ہی اولاد پیدا ہوگی۔ اے میرے رب مجھ کو اور میرے

وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ

ماں باپ کو اور جو مومن ہونیکی حالت میں میرے گھر میں داخل ہیں ان کو (یعنی اہل و عیال باستثناء زوجہ

وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿٢٨﴾ ع

وکنعان) اور تمام مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بخش دیجئے۔ اور ان ظالموں کی ہلاکت اور بڑھائیے۔

ع ۲ ۲۸ ۱۰

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ایاتہا ۲۸ ۷۲ سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ ۴۰ رکوعاتہا ۲

سورۂ جن مکہ میں نازل ہوئی اس میں اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا

آپ (ان لوگوں سے) کہئے کہ میرے پاس اس بات کی وحی آئی ہے کہ جنات میں سے ایک جماعت نے قرآن

اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝١ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ

سُنا پھر (اپنی قوم میں واپس جا کر) اُنہوں نے کہا کہ ہم نے ایک عجیب قرآن سُنا ہے جو راہِ راست بتلاتا ہے

فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝٢ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى

سو ہم تو اس پر ایمان لے آئے۔ اور ہم اپنے رب کیساتھ کسی کو شریک نہ بنائینگے۔ اور (اُنہوں نے یہ بھی

جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝٣ وَّاَنَّهٗ

بیان کیا کہ) ہمارے پروردگار کی بڑی شان ہے اُس نے نہ کسی کو بیوی بنایا اور نہ اولاد۔ اور ہم میں جو

كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝٤ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ

احمق ہوئے ہیں وہ اللہ کی شان میں حد سے بڑھی ہوئی باتیں کہتے تھے۔ اور ہمارا (پہلے) یہ خیال

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adevcate Showkat

أَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۙ ﴿٥﴾

تھا کہ انسان اور جنات کبھی خدا کی شان میں جھوٹ بات نہ کہیں گے۔

وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ

اور بہت سے لوگ آدمیوں میں ایسے تھے کہ وہ جنات میں سے بعضے لوگوں کی پناہ لیا

مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۙ ﴿٦﴾ وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا

کرتے تھے۔سوان آدمیوں نے اِن جنات کی بددماغی اور بڑھادی۔اور جیسا تم نے خیال کرر کھا تھا

ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۙ ﴿٧﴾ وَّاَنَّا لَمَسْنَا

ویسا ہی آدمیوں نے بھی خیال کرر کھا تھا کہ اللہ تعالیٰ کسی کو دوبارہ زندہ نہ کریگا۔اور ہمنے آسمان (کی خبروں) کی

السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۙ ﴿٨﴾

تلاشی (موافق عادت سابقہ کے) لینا چاہا سو ہمنے اسکو سخت پہروں (یعنی محافظ فرشتوں) اور شعلوں سے بھرا ہوا پایا

وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۭ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ

اور (اسکے قبل) ہم آسمان (کی خبریں سننے) کے موقعوں میں (خبر) سننے کیلئے جابیٹھا کرتے تھے۔سو جو کوئی

الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۙ ﴿٩﴾ وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْٓ

اب سننا چاہتا ہے تو اپنے لئے ایک تیار شعلہ پاتا ہے اور ہم نہیں جانتے کہ (ان جدید پیغمبر علیہ السلام کے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ

مبعوث فرمانے سے) زمین والوں کو کوئی تکلیف پہنچانا مقصود ہے یا اُنکے رب نے اُن کو ہدایت کرنیکا

رَشَدًا ﴿١٠﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ

قصد فرمایا ہے۔ اور ہم میں (پہلے سے بھی) بعضے نیک (ہوتے آئے) ہیں اور بعضے اور طرح کے (ہوتے

كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ﴿١١﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ

آئے) ہیں ہم مختلف طریقوں پر تھے اور (ہمارا طریقہ تو یہ ہے کہ) ہمنے سمجھ لیا ہے کہ ہم زمین (کے کسی

فِي الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ﴿١٢﴾ وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا

حصہ) میں (جا کر) اللہ تعالیٰ کو ہرا نہیں سکتے اور نہ (اور کہیں) بھاگ کر اسکو ہرا سکتے ہیں۔ اور ہمنے جب

الْهُدٰٓى اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ يُّؤْمِنْ بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ

ہدایت کی بات سُن لی تو ہمنے اسکا یقین کر لیا۔ سو (ہماری طرح) جو شخص اپنے رب پر ایمان لے آویگا تو

بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿١٣﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا

اسکو نہ کسی کمی کا اندیشہ ہوگا اور نہ زیادتی کا۔ اور ہم میں بعضے تو مسلمان (ہو گئے) ہیں اور بعضے ہم

الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿١٤﴾

میں (بدستور سابق) بے راہ ہیں۔ سو جو شخص مسلمان ہو گیا اُنہوں نے تو بھلائی کا رستہ ڈھونڈ لیا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَ اَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾ لا وَّ اَنْ لَّوِ

اور جو بے راہ ہیں دوزخ کے ایندھن ہیں۔ اور (مجھ کو ان مضامین کی بھی وحی ہوئی کہ) اگر یہ (مکہ والے)

اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾ لا

لوگ (سیدھے) رستہ پر قائم ہوجاتے تو ہم ان کو فراغت کے پانی سے سیراب کرتے۔

لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ

تاکہ اس میں اُنکا امتحان کریں۔ اور جو شخص اپنے پروردگار کی یاد (یعنی ایمان و طاعت) سے روگردانی کریگا۔ اللہ تعالیٰ

عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ لا وَّ اَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ

اسکو سخت عذاب میں مبتلا کریگا۔ اور (ان وحی شدہ مضامین سے ایک یہ ہے کہ) جتنے سجدے ہیں وہ سب اللہ کا حق ہیں

اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾ لا وَّ اَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ

سو اللہ تعالیٰ کیساتھ کسی کی عبادت مت کرو۔ اور جب خدا کا خاص بندہ (مراد رسول اللہ ﷺ ہیں) خدا کی عبادت کرنے

ع ۱ ۱۹ ۱۱ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾ ط ع قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ

کھڑا ہوتا ہے تو یہ (کافر) لوگ اس بندہ پر بھیڑ لگانے کو ہوجاتے ہیں۔ آپ (اُن سے) کہہ دیجئے کہ میں تو صرف اپنے

وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۰﴾ قُلْ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ

پروردگار کی عبادت کرتا ہوں اور اس کیساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔ آپ (یہ بھی) کہہ دیجئے کہ میں تمہارے نہ کسی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾ قُلْ اِنِّیْ لَنْ یُّجِیْرَنِیْ مِنَ اللّٰهِ

ضرر کا اختیار رکھتا ہوں اور نہ کسی بھلائی کا۔ آپ کہہ دیجئے کہ (اگر خدانخواستہ میں ایسا کروں تو) مجھ کو خدا (کے

اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾ ۙ اِلَّا بَلٰغًا

غضب) سے کوئی نہیں بچا سکتا۔ اور نہ میں اسکے سوا کوئی پناہ (کی جگہ) پا سکتا ہوں۔ لیکن خدا کی طرف سے

مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

پہنچانا اور اسکے پیغاموں کا ادا کرنا یہ میرا کام ہے۔ اور جو لوگ اللہ اور اُسکے رسول کا کہنا نہیں مانتے تو یقیناً ان

فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ﴿۲۳﴾ ؕ حَتّٰٓی اِذَا

لوگوں کیلئے آتش دوزخ ہے جسمیں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہینگے (لیکن یہ کفار اس جہالت سے باز نہ آئینگے) یہاں تک

رَاَوْا مَا یُوْعَدُوْنَ فَسَیَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا

کہ جب اس چیز کو دیکھ لینگے جسکا اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ اس وقت جانیں گے کہ کس کے مددگار کمزور ہیں

وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾ قُلْ اِنْ اَدْرِیْٓ اَقَرِیْبٌ مَّا

اور کس کی جماعت کم ہے۔ آپ (ان سے) کہہ دیجئے کہ مجھ کو معلوم نہیں کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے

تُوْعَدُوْنَ اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْٓ اَمَدًا ﴿۲۵﴾ عٰلِمُ الْغَیْبِ

آیا وہ نزدیک (آنیوالی) ہے یا میرے پروردگار نے اس کیلئے کوئی مدت دراز مقرر کر رکھی ہے (اور) غیب کا جاننے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ

والا وہی ہے سو وہ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا۔ ہاں مگر اپنے کسی برگزیدہ پیغمبر کو تو (اس طرح

رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ

اطلاع دیتا ہے کہ) اس پیغمبر کے آگے اور پیچھے محافظ فرشتے بھیج دیتا ہے (اور یہ انتظام اسلئے کیا جاتا ہے)

رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ

تاکہ (ظاہری طور پر) اللہ تعالیٰ کو معلوم ہو جاوے کہ ان فرشتوں نے اپنے پروردگار کے پیغام (رسول تک بحفاظت)

ع ۲ ۹ ۱۲ وَ اَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَ اَحْصٰى كُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾

پہنچادیئے اور اللہ تعالیٰ ان (پہرہ داروں) کے تمام احوال کا احاطہ کئے ہوئے ہے اور اسکو ہر چیز کی گنتی معلوم ہے۔

استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

میں اللہ سے معافی چاہتا ہوں جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے

هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ

وہی زندہ ہے ہمیشہ رہنے والا ہے اور اسکی طرف رجوع کرتا ہوں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ایاتها ۲۰ ۷۳ سُورَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ ۳ رکوعاتها ۲

سورۂ مزمل مکہ میں نازل ہوئی اس میں بیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ ① قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ ② نِّصْفَهٗٓ

اے کپڑوں میں لپٹنے والے رات کو (نماز میں) کھڑے رہا کرو۔ مگر تھوڑی سی رات یعنی نصف رات

اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ ③ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ

(کہ اس میں قیام نہ کرو بلکہ آرام کرو) یا اس نصف سے۔ کسی قدر کم کردو یا نصف سے کچھ بڑھادو اور قرآن

الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۭ ④ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا

کو خوب صاف صاف پڑھو (کہ ایک ایک حرف الگ الگ ہو) ہم تم پر ایک بھاری کلام ڈالنے کو ہیں (مراد

ثَقِيْلًا ⑤ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ

قرآن مجید ہے)۔ بیشک رات کے اُٹھنے میں دل اور زبان کا خوب میل ہوتا ہے اور (دعا یا قرأت پر)

قِيْلًا ۭ ⑥ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۭ ⑦

بات خوب ٹھیک نکلتی ہے۔ بیشک تم کو دن میں بہت کام رہتا ہے۔ (دنیوی بھی اور دینی بھی)۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ۸ رَبُّ

اور اپنے رب کا نام یاد کرتے رہو اور سب سے قطع کر کے اسی کی طرف متوجہ رہو۔ وہ مشرق

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ۹

اور مغرب کا مالک ہے۔ اسکے سوا کوئی قابل عبادت نہیں تو اُسی کو اپنے کام سپرد کردینے کیلئے قرار

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيلًا ۱۰

دیئے رہو۔ اور یہ لوگ جو باتیں کرتے ہیں ان پر صبر کرو اور خوبصورتی کیساتھ ان سے الگ رہو۔

وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ

اور مجھکو اوران جھٹلانے والوں نازونعمت میں رہنے والوں کو (حالتِ موجودہ پر) چھوڑ دو (یعنی رہنے دو) اوران

قَلِيلًا ۱۱ إِنَّ لَدَيْنَا أَنْكَالًا وَجَحِيمًا ۱۲ وَطَعَامًا

لوگوں کو تھوڑے دنوں اور مہلت دیدو۔ ہمارے یہاں بیڑیاں ہیں اور دوزخ ہے، اور گلے میں

ذَا غُصَّةٍ وَعَذَابًا أَلِيمًا ۱۳ يَوْمَ تَرْجُفُ الْأَرْضُ

پھنس جانے والا کھانا ہے اور دردناک عذاب ہے۔ جس روز کہ زمین اور پہاڑ

وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا مَّهِيلًا ۱۴

ہلنے لگیں گے۔ اور پہاڑ (ریزہ ریزہ ہوکر) ریگ رواں ہوجاویں گے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ

بیشک ہم نے تمہارے پاس ایک ایسا رسول بھیجا ہے جو تم پر (قیامت کے روز) گواہی دیں گے

كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ فَعَصٰى

جیسا ہم نے فرعون کے پاس ایک رسول بھیجا ہے۔ پھر فرعون نے

فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿۱۶﴾ فَكَيْفَ

اس رسول کا کہنا نہ مانا تو ہم نے اس کو سخت پکڑنا پکڑا سو اگر تم (بھی بعد بھیجنے رسول کے نافرمانی اور)

تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ

کفر کرو گے تو اُس دِن سے کیسے بچو گے جو (غایت درجہ اشتداد و امتداد سے) بچوں کو بھی بُوڑھا

شِيْبًا ﴿۱۷﴾ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ۭ كَانَ وَعْدُهٗ

کر دیگا۔ جس میں آسمان پھٹ جاویگا بیشک اس کا وعدہ ضرور

مَفْعُوْلًا ﴿۱۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ

ہو کر رہے گا۔ یہ (تمام مضمون) ایک (بلیغ) نصیحت ہے سو جس کا جی چاہے اپنے پروردگار

اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۱۹﴾ ع اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ ع ۱۹ ۱۲

کی طرف رستہ اختیار کر لے۔ آپ کے رب کو معلوم ہے کہ آپ اور آپ کے ساتھ والوں میں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اَدۡنٰى مِنۡ ثُلُثَیِ الَّیۡلِ وَ نِصۡفَهٗ وَ ثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ

سے بعضے آدمی (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات

الَّذِیۡنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیۡلَ وَ النَّهَارَ ؕ

(نماز میں) کھڑے رہتے ہیں۔ اور رات اور دن کا پورا اندازہ اللہ ہی کرسکتا ہے۔

عَلِمَ اَنۡ لَّنۡ تُحۡصُوۡهُ فَتَابَ عَلَیۡكُمۡ فَاقۡرَءُوۡا

اسکو معلوم ہے کہ تم اس (تقدیر وقت) کو ضبط نہیں کر سکتے تو (ان وجوہ سے) اُس نے تمہارے حال پر

مَا تَیَسَّرَ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنۡ سَیَكُوۡنُ مِنۡكُمۡ

عنایت کی سو (اب) تم لوگ جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جاسکے پڑھ لیا کرو۔ اسکو (یہ بھی) معلوم ہے

مَّرۡضٰى ۙ وَ اٰخَرُوۡنَ یَضۡرِبُوۡنَ فِی الۡاَرۡضِ یَبۡتَغُوۡنَ

کہ بعضے آدمی تم میں بیمار ہونگے اور بعضے تلاش معاش کیلئے مُلک میں سفر کریں گے۔ اور بعضے اللہ

مِنۡ فَضۡلِ اللّٰهِ ۙ وَ اٰخَرُوۡنَ یُقَاتِلُوۡنَ فِیۡ سَبِیۡلِ

کی راہ میں جہاد کریں گے (اسلئے بھی اس حکم کو منسوخ کر دیا) سو (اسلئے بھی تم کو اجازت ہے کہ اب) تم

اللّٰهِ ۫ۖ فَاقۡرَءُوۡا مَا تَیَسَّرَ مِنۡهُ ۙ وَ اَقِیۡمُوا الصَّلٰوةَ

لوگ جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جاسکے پڑھ لیا کرو اور نماز (فرض) کی پابندی رکھو

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ط وَ مَا

اور زکوٰۃ دیتے رہو۔ اور اللہ کو اچھی طرح (یعنی اخلاص سے) قرض دو۔ اور جو نیک عمل

تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ

اپنے لئے آگے (ذخیرۂ آخرت بنا کر) بھیج دو گے اس کو اللہ کے پاس پہنچ کر

هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا ط وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط

اس سے اچھا اور ثواب میں بڑا پاؤ گے۔ اور اللہ سے گناہ معاف کراتے رہو۔

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ع (۲۰) ع ۲

★★★ بے شک اللہ غفور رحیم ہے۔ ★★★

درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ

اے اللہ سیّدنا و مولانا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو نبیٔ امی ہیں دُرود نازل فرما۔

الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

اور آپ ﷺ کی اولاد پر (بھی) اور برکت و سلام نازل فرما۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ایاتہا ۴۰ ۷۵ سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ مَكِّيَّةٌ ۳۱ رکوعاتہا ۲

سورۂ قیامت مکہ میں نازل ہوئی اکتیس چالیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ﴿۱﴾ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ

میں قسم کھاتا ہوں قیامت کے دن کی۔ اور قسم کھاتا ہوں ایسے نفس کی جو اپنے اُوپر ملامت کرے۔

اللَّوَّامَةِ ؕ﴿۲﴾ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ؕ﴿۳﴾

(آگے منکرین بعث پر رد ہے یعنی) کیا انسان خیال کرتا ہے کہ ہم اسکی ہڈیاں ہرگز جمع نہ کرینگے۔ ہم ضرور

بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ﴿۴﴾ بَلْ يُرِيْدُ

جمع کرینگے (اور یہ جمع کرنا ہمکو کچھ دشوار نہیں) کیونکہ ہم اس پر قادر ہیں کہ اسکی انگلیوں کی پوریوں تک درست کردیں۔

الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۚ﴿۵﴾ يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ

بلکہ بعضا آدمی (قیامت کا منکر ہوکر) یوں چاہتا ہے کہ اپنی آئندہ زندگی میں بھی (بیخوف وخطر ہوکر) فسق وفجور کرتا رہے۔ (اسلئے

الْقِيٰمَةِ ؕ﴿۶﴾ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۙ﴿۷﴾ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۙ﴿۸﴾

بطور انکار کے) پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب آئیگا۔ سو جس وقت (مارے حیرت کے) آنکھیں خیرہ ہوجاوینگی اور چاند بے نور

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ﴿٩﴾ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ

ہو جائیگا۔ اور (چاند کی کیا تخصیص ہے بلکہ) سورج اور چاند (دونوں) ایک حالت کے ہو جاوینگے (یعنی دونوں بے نور ہو جاوینگے)۔

اَيْنَ الْمَفَرُّ ﴿١٠﴾ كَلَّا لَا وَزَرَ ﴿١١﴾ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِنِ

اس روز انسان کہے گا کہ اب کدھر بھاگوں۔ (ارشاد ہوتا ہے) ہرگز (بھاگنا ممکن) نہیں (کیونکہ) کہیں پناہ کی جگہ نہیں۔ اس دن

الْمُسْتَقَرُّ ﴿١٢﴾ يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ

صرف آپ ہی کے رب کے پاس ٹھکانا (جانیکا) ہے اس روز انسان کو اسکا سب اگلا پچھلا کیا ہوا جتلا دیا جائیگا۔ (اور انسان کا اپنے

وَاَخَّرَ ﴿١٣﴾ بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ﴿١٤﴾ وَّلَوْ

اعمال سے آگاہ ہونا کچھ اس جتلانے پر موقوف نہ ہوگا) بلکہ انسان خود اپنی حالت پر خوب مطلع ہوگا۔ گو (باقتضائے طبیعت اسوقت بھی)

اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ﴿١٥﴾ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ

اپنے حیلے (حوالے) پیش لاوے۔ (اور) اے پیغمبر آپ (قبل وحی کے ختم ہو چکنے کے) قرآن پر اپنی زبان نہ ہلایا کیجئے تاکہ

بِهٖ ﴿١٦﴾ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ﴿١٧﴾ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ

آپ اسکو جلدی جلدی لیں (کیونکہ) ہمارے ذمہ ہے (آپکے قلب میں) اسکا جمع کر دینا (اور آپکی زبان سے) اسکا پڑھوا دینا۔

فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ﴿١٨﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿١٩﴾

(جب یہ ہمارے ذمہ ہے) تو جب ہم اسکو پڑھنے لگا کریں (یعنی ہمارا فرشتہ پڑھنے لگا کرے) تو آپ اسکے تابع ہو جایا کیجئے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

كَلَّا بَلْ تُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ ﴿٢٠﴾ لا وَتَذَرُونَ

پھر اسکا بیان کرا دینا (بھی) ہمارے ذمہ ہے۔ (اے منکرو قیامت کی بابت جیسا کہ تم سمجھ رہے ہو) ہرگز ایسا نہیں بلکہ (صرف بات یہ ہے)

الْاٰخِرَةَ ﴿٢١﴾ ط وُجُوهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿٢٢﴾ لا اِلٰى رَبِّهَا

کہ تم دُنیا سے محبت رکھتے ہو اور آخرت کو چھوڑ بیٹھے ہو۔ بہت سے چہرے اس روز بارونق ہونگے۔ اپنے رب کیطرف دیکھ

نَاظِرَةٌ ﴿٢٣﴾ ج وَوُجُوهٌ يَّوْمَئِذٍۢ بَاسِرَةٌ ﴿٢٤﴾ لا تَظُنُّ اَنْ

رہے ہونگے (یہ تو مومنین کا حال ہوا) اور بہت سے چہرے اس روز بد رونق ہونگے (اور وہ لوگ) خیال کر رہے ہونگے کہ انکے

يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿٢٥﴾ ط كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿٢٦﴾ لا

ساتھ کمر توڑ دینے والا معاملہ کیا جائیگا۔ (یعنی انکو عذاب شدید ہوگا) ہرگز ایسا نہیں جب جان ہنسلی تک پہنچ جاتی ہے

وَقِيْلَ مَنْ سکتة رَاقٍ ﴿٢٧﴾ لا وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ﴿٢٨﴾ لا

اور (نہایت حسرت سے اس وقت) کہا جاتا ہے کہ کوئی جھاڑنیوالا ہے اور (اسوقت) وہ (مردہ) یقین کر لیتا ہے کہ یہ

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿٢٩﴾ لا اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِنِ

مفارقت (دُنیا) کا وقت ہے اور (شدتِ سکرات موت سے) ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے لپٹ جاتی ہے اس روز تیرے

ع ۱ ۲۰ ۱۷ الْمَسَاقُ ﴿٣٠﴾ طع فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿٣١﴾ لا وَلٰكِنْ كَذَّبَ

رب کی طرف جانا ہوتا ہے۔ تو اس نے نہ تو (خدا اور رسول کی) تصدیق کی تھی اور نہ نماز پڑھی تھی۔ (لیکن خدا اور رسول کی)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَتَوَلّٰى ﴿۳۲﴾ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿۳۳﴾ اَوْلٰى

تکذیب کی تھی اور (احکام سے) منہ موڑا تھا۔ پھر ناز کرتا ہوا اپنے گھر چل دیتا ہے۔ تیری کم بختی پر

لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۴﴾ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۵﴾ اَيَحْسَبُ

کم بختی آنیوالی ہے۔ پھر (مکرر سن لے کہ) تیری کم بختی پر کم بختی آنیوالی ہے کیا انسان یہ خیال

الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿۳۶﴾ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ

کرتا ہے کہ یُوں ہی مہمل چھوڑ دیا جائیگا۔ کیا یہ شخص (ابتداء ہی میں محض) ایک قطرۂ منی نہ تھا جو (عورت کے رحم

مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ﴿۳۷﴾ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۳۸﴾

میں) ٹپکایا گیا تھا۔ پھر وہ خون کا لوتھڑا ہو گیا پھر اللہ تعالیٰ نے (اسکو انسان) بنایا پھر اعضاء درست کیئے۔

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۳۹﴾

پھر اسکی دو قسمیں کر دیں مرد اور عورت (تو) کیا وہ (خدا جس نے ابتداء میں اپنی قدرت سے یہ سب کچھ کیا)

اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿۴۰﴾ ع ۲ / ۱۰ / ۱۸

اس بات پر قدرت نہیں رکھتا کہ (قیامت میں) مُردوں کو زندہ کرے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اٰیاتھا ۳۱ ۷۶ سُوْرَۃُ الدَّھْرِ مَدَنِیَّۃٌ ۹۸ رکوعاتھا ۲

سورۂ دہر مکہ میں نازل ہوئی اس میں اکتیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَكُنْ شَیْـًٔا

بیشک انسان پر زمانہ میں ایک ایسا وقت بھی آچکا ہے جس میں وہ کوئی چیز قابل تذکرہ نہ تھا۔ (یعنی

مَّذْكُوْرًا ﴿۱﴾ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ

انسان نہ تھا بلکہ نطفہ تھا) ہمنے اُس کو مخلوط نطفہ سے پیدا کیا اس طور پر کہ ہم اس کو مکلف بنائیں تو (اسی واسطے)

نَّبْتَلِیْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِیْعًۢا بَصِیْرًا ﴿۲﴾ اِنَّا هَدَیْنٰهُ السَّبِیْلَ

ہمنے اسکو سنتا دیکھتا (سمجھتا) بنایا۔ ہمنے اسکو (بھلائی برائی پر مطلع کرکے) رستہ بتلایا (یعنی احکام کا مخاطب بنایا پھر)

اِمَّا شَاكِرًا وَّ اِمَّا كَفُوْرًا ﴿۳﴾ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِیْنَ

یا تو وہ شکر گزار (اور مومن) ہوگیا یا ناشکر (اور کافر) ہوگیا۔ ہم نے کافروں کے لئے زنجیریں اور طوق اور آتش

سَلٰسِلَاۡ وَ اَغْلٰلًا وَّ سَعِیْرًا ﴿۴﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ یَشْرَبُوْنَ

سوزاں تیار کر رکھی ہے۔ (اور) جو نیک (لوگ) ہیں وہ ایسے جام شراب سے (شرابیں) پیویں گے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝٥ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا

جس میں کافور کی آمیزش ہوگی۔ یعنی ایسے چشمہ سے (پیویں گے) جس سے خدا کے خاص بندے پئیں گے

عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ۝٦ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ

(اور) جس کو وہ (خاص بندے جہاں چاہیں گے) بہا کر لے جائیں گے۔ وہ لوگ واجبات کو پورا کرتے

وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝٧ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ

ہیں اور ایسے دن سے ڈرتے ہیں جسکی سختی عام ہوگی۔ اور وہ لوگ (محض) خدا کی محبت سے غریب

عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ۝٨ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ

اور یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں۔ ہم تم کو محض خدا کی رضامندی کیلئے کھانا کھلاتے ہیں

اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ۝٩ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا

نہ ہم تم سے (اس کا فعلی) بدلہ چاہیں اور نہ (اس کا قولی) شکریہ (چاہیں)۔ ہم اپنے رب کیطرف سے ایک سخت اور

يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۝١٠ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

تلخ دن کا اندیشہ رکھتے ہیں۔ سو اللہ تعالیٰ انکو (اس اطاعت و اخلاص کی برکت سے) اُس دن کی سختی سے محفوظ رکھے گا اور انکو تازگی

وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ۝١١ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً

اور خوشی عطا فرماویگا (یعنی چہروں پر تازگی اور قلوب میں خوشی دیگا) اور انکی پختگی (یعنی استقامت فی الدین) کے بدلہ

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

وَحَرِيرًا ﴿١٢﴾ مُّتَّكِـِٔينَ فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ لَا يَرَوْنَ فِيهَا

میں انکو جنت اور ریشمی لباس دیگا اسحالت میں کہ وہ وہاں (جنت میں) مسہریوں پر (آرام اور عزت سے) تکیہ لگائے ہونگے

شَمْسًا وَلَا زَمْهَرِيرًا ﴿١٣﴾ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا وَذُلِّلَتْ

نہ وہاں تپش (اور گرمی) پاوینگے اور نہ جاڑا (بلکہ فرحت بخش اعتدال ہوگا) اور یہ حالت ہوگی کہ (وہاں کے یعنی جنت کے)

قُطُوفُهَا تَذْلِيلًا ﴿١٤﴾ وَيُطَافُ عَلَيْهِم بِآنِيَةٍ مِّن فِضَّةٍ

درختوں کے سائے ان پر جھکے ہونگے اور انکے میوے اُنکے اختیار میں ہونگے (کہ ہر وقت ہر طرح بلا مشقت لے سکیں گے)

وَأَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا ﴿١٥﴾ قَوَارِيرَا مِن فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا

اور انکے پاس چاندی کے برتن لائے جاوینگے۔ اور آبخورے جو شیشے کے ہونگے۔ (اور) وہ شیشے چاندی کے ہونگے۔

تَقْدِيرًا ﴿١٦﴾ وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنجَبِيلًا ﴿١٧﴾

جنکو بھرنے والوں نے مناسب انداز سے بھرا ہوگا۔ اور وہاں انکو (علاوہ جام شراب مذکور کے) ایسا جام شراب پلایا جاویگا

عَيْنًا فِيهَا تُسَمَّىٰ سَلْسَبِيلًا ﴿١٨﴾ وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ

جسمیں سونٹھ کی آمیزش ہوگی۔ یعنی ایسے چشمے سے (انکو پلایا جاویگا) جو وہاں ہوگا۔ جسکا نام (وہاں) سلسبیل (مشہور) ہوگا۔

مُّخَلَّدُونَ إِذَا رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنثُورًا ﴿١٩﴾

اور انکے پاس (یہ چیزیں لیکر) ایسے لڑکے آمدورفت کیا کرینگے (اور اس قدر حسین ہیں کہ اے مخاطب

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَإِذَا رَأَيْتَ ثَمَّ رَأَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ﴿٢٠﴾ عٰلِيَهُمْ

اگر تو انکو (چلتے پھرتے) دیکھے تو یوں سمجھے کہ موتی ہیں جو بکھر گئے ہیں۔ اور اے مخاطب اگر تو اس جگہ کو دیکھے تو تجھ کو بڑی

ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ز وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ

نعمت اور بڑی سلطنت دکھائی دے۔ (اور) ان جنتیوں پر باریک ریشم کے سبز کپڑے ہونگے اور دبیز ریشم کے کپڑے بھی

فِضَّةٍ ج وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ﴿٢١﴾ اِنَّ هٰذَا كَانَ

(کیونکہ ہر لباس میں جدا لطف ہے) اور انکو چاندی کے کنگن پہنائے جائینگے۔ اور اُنکا رب انکو پاکیزہ شراب پینے کو دیگا

لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿٢٢﴾ ع اِنَّا نَحْنُ ع ۲

(جسمیں نہ نجاست ہوگی نہ کدُورت)۔ یہ تمہارا صلہ ہے اور تمہاری کوشش (جو دُنیا میں کرتے تھے) مقبول ہوئی۔ ہم نے

نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ﴿٢٣﴾ ج فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ

آپ پر قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارا ہے سو آپ اپنے پروردگار کے حکم پر (کہ اسمیں تبلیغ بھی داخل ہے) مستقل رہیئے

وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿٢٤﴾ ج وَاذْكُرِ اسْمَ

اور ان میں سے کسی فاسق یا کافر کے کہنے میں نہ آیئے اور (آگے عبادت لازمہ کا امر ہے) یعنی اپنے پروردگار کا

رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿٢٥﴾ صلے وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ

صبح وشام نام لیا کیجئے۔ اور کسی قدر رات کے حصہ میں بھی اس کو سجدہ کیا کیجئے (یعنی نماز فرض پڑھا کیجئے) اور رات

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿٢٦﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ

کے بڑے حصہ میں اسکی تسبیح کیا کیجئے (مراد اس سے تہجد ہے علاوہ فرائض کے) یہ لوگ دُنیا سے محبت رکھتے ہیں

وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ﴿٢٧﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ

اور اپنے آگے (آنیوالے) ایک بھاری دن کو چھوڑ بیٹھے ہیں۔ ہم ہی نے ان کو پیدا کیا ہے

وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ

اور ہم ہی نے ان کے جوڑ بند مضبوط کئے اور (نیز) جب ہم چاہیں انہی جیسے لوگ اُن کی

تَبْدِيْلًا ﴿٢٨﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى

جگہ بدل دیں۔ یہ (سب جو کچھ مذکور ہوا کافی) نصیحت ہے۔ سو جو شخص چاہے اپنے رب کی طرف رستہ

رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿٢٩﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ

اختیار کر لے اور بدون خدا کے چاہے تم لوگ کوئی بات چاہ نہیں سکتے۔ (اور بعض لوگوں کیلئے خدا کے نہ

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿٣٠﴾ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ

چاہنے میں بعض حکمتیں ہوتی ہیں کیونکہ) خدا تعالیٰ بڑا علم و حکمت والا ہے۔ وہ جسکو چاہے اپنی رحمت میں داخل

فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿٣١﴾ ع ۲ / ۹ / ۲۰

کر لیتا ہے اور (جسکو چاہے کفر اور ظلم میں مبتلا رکھتا ہے پھر) ظالموں کیلئے اُس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

ایاتها ۴۰ ۷۸ سُوْرَةُ النَّبَإِ مَكِّيَّةٌ ۸۰ رکوعاتها ۲

سورۂ نبا مکہ میں نازل ہوئی۔ اس میں چالیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝١ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝٢ الَّذِيْ هُمْ

یہ (قیامت کا انکار کرنیوالے) لوگ کس چیز کا حال دریافت کرتے ہیں۔ اس بڑے واقعہ کا حال دریافت کرتے ہیں۔

فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۝٣ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝٤ ثُمَّ كَلَّا

جسمیں یہ لوگ (اہل حق کیساتھ) اختلاف کر رہے ہیں۔ ہرگز ایسا نہیں (بلکہ قیامت آویگی اور) انکو ابھی معلوم ہوا جاتا ہے

سَيَعْلَمُوْنَ ۝٥ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۝٦

(مکرر کہتے ہیں کہ جیسا یہ لوگ سمجھتے ہیں) ہرگز ایسا نہیں (بلکہ آویگی) انکو ابھی معلوم ہوا جاتا ہے۔ کیا ہمنے زمین کو فرش

وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۝٧ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۝٨ وَّجَعَلْنَا

اور پہاڑوں کو (زمین کی) میخیں نہیں بنایا اور (اسکے علاوہ ہم نے اور بھی قدرت ظاہر فرمائی، چنانچہ) ہم ہی نے تمکو جوڑا

نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۝٩ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۝١٠ وَّجَعَلْنَا

جوڑا (یعنی مرد و عورت) بنایا۔ اور ہم ہی نے تمہارے سونے کو راحت کی چیز بنایا۔ اور ہم ہی نے رات کو پردہ کی چیز بنایا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

النَّهَارَ مَعَاشًا ﴿۱۱﴾ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ﴿۱۲﴾

اور ہم ہی نے دن کو معاش کا وقت بنایا اور ہم ہی نے تمہارے اُوپر سات مضبوط آسمان بنائے۔

وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ﴿۱۳﴾ وَّأَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ

اور ہم ہی نے (آسمان میں) ایک روشن چراغ بنایا (مراد آفتاب ہے) اور ہم ہی نے پانی بھرے

مَآءً ثَجَّاجًا ﴿۱۴﴾ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ﴿۱۵﴾ وَّجَنّٰتٍ

بادلوں سے کثرت سے پانی برسایا۔ تاکہ ہم اس پانی کے ذریعہ سے غلہ اور سبزی اور گنجان باغ

اَلْفَافًا ﴿۱۶﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿۱۷﴾ يَّوْمَ

پیدا کریں۔ بیشک فیصلہ کا دن ایک معین وقت ہے۔ یعنی جس دن

يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَأْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿۱۸﴾ وَّفُتِحَتِ

صُور پھونکا جائے گا پھر تم لوگ گروہ گروہ ہوکر آؤگے۔ اور آسمان کھل

السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾ وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ

جاویگا پھر اسمیں دروازے ہی دروازے ہو جائینگے۔ اور پہاڑ (اپنی جگہ سے) ہٹادیئے جائینگے سو وہ ریت

سَرَابًا ﴿۲۰﴾ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿۲۱﴾ لِّلطَّاغِيْنَ

کی طرح ہو جاوینگے (آگے اس یوم الفصل میں جو فیصلہ ہوگا اس کا بیان ہے یعنی) بیشک دوزخ ایک گھات کی جگہ

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مَآبًا ﴿٢٢﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿٢٣﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا

ہے۔ سرکشوں کا ٹھکانہ (ہے) جسمیں وہ بے انتہا زمانوں (پڑے) رہیں گے (اور) اسمیں نہ تو وہ کسی ٹھنڈک (یعنی

بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿٢٤﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾ جَزَآءً

راحت) کا مزہ چکھیں گے اور نہ پینے کی چیز کا (جو کہ مسکن عطش ہو) بجز گرم پانی اور پیپ کے اور (اُنکو) پورا پورا

وِّفَاقًا ﴿٢٦﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَّكَذَّبُوْا

بدلہ ملے گا۔ (اور وہ اعمال جنکا یہ بدلہ ہے یہ ہیں کہ) وہ لوگ حساب (قیامت) کا اندیشہ نہ رکھتے تھے۔ اور ہماری

بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿٢٨﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿٢٩﴾

آیتوں کو خوب جھٹلاتے تھے۔ اور ہمنے (انکے اعمال میں سے) ہر چیز کو (انکے نامۂ اعمال میں) لکھ کر ضبط کر رکھا ہے۔

فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿٣٠﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ ع ۱

سو مزہ چکھو کہ ہم تمہاری سزا ہی بڑھاتے جاویں گے۔ خدا سے ڈرنے والوں کے لئے بیشک کامیابی ہے۔ یعنی

مَفَازًا ﴿٣١﴾ حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿٣٢﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿٣٣﴾

(کھانے اور سیر کو) باغ (جن میں طرح طرح کے میوے ہونگے) اور انگور۔ اور (دل بہلانے کو) نوخاستہ ہم عمر عورتیں

وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿٣٤﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿٣٥﴾

اور (پینے کو) لبالب بھرے ہوئے جام شراب (اور) وہاں نہ کوئی بیہودہ بات سنیں گے اور نہ جھوٹ (کیونکہ یہ باتیں وہاں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri
Collection Of Adovcate Showkat

جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ

محض معدوم ہیں) یہ (انکو انکی نیکیوں کا) بدلہ ملے گا جو کہ کافی انعام ہوگا (آپکے) رب کی طرف سے جو مالک ہے آسمانوں کا اور

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ

زمین کا اور ان چیزوں کا جو ان دونوں کے درمیان میں ہیں (اور جو) رحمٰن ہے (اور) کسی کو اسکی طرف سے (مستقل) اختیار

خِطَابًا ﴿۳۷﴾ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۖ لَّا

نہ ہوگا کہ (اسکے سامنے عرض و معروض کر سکے)۔ جس روز تمام ذی ارواح اور فرشتے (خدا کے روبرو) صف بستہ (خشوع و خضوع کیساتھ)

يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾

کھڑے ہونگے (اس روز) کوئی نہ بول سکے گا بجز اسکے جسکو رحمٰن (بولنے کی) اجازت دیدے اور وہ شخص بات بھی ٹھیک کہے۔

ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾

یہ (دن جسکا اوپر ذکر ہوا) یقینی دن ہے۔ سو جسکا جی چاہے (اسکے حالات سنکر) اپنے رب کے پاس (اپنا) ٹھکانا بنا رکھے۔

اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚۖ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا

ہمنے تمکو ایک نزدیک آنیوالے عذاب سے ڈرا دیا ہے (جو کہ ایسے دن میں واقع ہونیوالا ہے) جسدن ہر شخص ان اعمال کو (اپنے سامنے

ع ۲ ۱۰ ۲ قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾ ع

حاضر) دیکھ لیگا جو اسنے اپنے ہاتھوں کئے ہونگے اور کافر (حسرت سے) کہیگا کاش میں مٹی ہو جاتا (تا کہ عذاب سے بچتا)۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

أیاتها ۱۹ ۸۷ سُورَةُ الْاَعْلیٰ مَكِّيَّةٌ ۸ رکوعها ۱

سورۂ اعلیٰ مکہ میں نازل ہوئی اسمیں انیس آیتیں ہیں اور ایک رکوع۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ﴿۱﴾ الَّذِىْ خَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۲﴾

(اے پیغمبر ﷺ) آپ (اور جو مومن آپکے ساتھ ہیں) اپنے پروردگار عالیشان کے نام کی تسبیح کیجئے۔ جسنے (ہر شے کو)

وَالَّذِىْ قَدَّرَ فَهَدٰى ﴿۳﴾ وَالَّذِىْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ﴿۴﴾

بنایا۔ پھر (اسکو) ٹھیک بنایا اور جسنے تجویز کیا پھر راہ بتلائی۔ اور جسنے (زمین سے) چارہ نکالا پھر اسکو سیاہ کوڑا کردیا۔ (اس قرآن

فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ﴿۵﴾ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ﴿۶﴾

کی نسبت ہم وعدہ کرتے ہیں کہ) ہم (جتنا) قرآن (نازل کرتے جاوینگے) آپکو پڑھادیا کرینگے (یعنی یاد کرادیا کرینگے)

اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ﴿۷﴾

پھر آپ (اسمیں سے کوئی جزو) نہیں بھولینگے۔ مگر جسقدر (بھلانا) اللہ کو منظور ہو (کہ نسخ کا ایک طریقہ یہ بھی ہے) وہ

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ﴿۸﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ

ہر ظاہر اور مخفی کو جانتا ہے اور (اسی طرح) ہم اس شریعت کیلئے آپکو سہولت دینگے (یعنی سمجھنا بھی آسان ہوگا اور عمل بھی

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

الذِّكْرٰى ۝٩ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝١٠ وَيَتَجَنَّبُهَا

آسان ہوگا) تو آپ نصیحت کیا کیجئے۔ اگر نصیحت کرنا مفید ہوتا ہو۔ وہی شخص نصیحت مانتا ہے جو (خدا سے) ڈرتا ہے اور

الْاَشْقَى ۝١١ الَّذِىْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝١٢ ثُمَّ

جو شخص بدنصیب ہو وہ اس سے گریز کرتا ہے جو (آخرکار) بڑی آگ میں (یعنی آتش دوزخ میں) داخل ہوگا۔ پھر نہ اسمیں

لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝١٣ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝١٤

مرہی جاویگا اور نہ (آرام کی زندگی) جئے گا۔ بامراد ہوا جو شخص (قرآن سنکر خبائث عقائد و اخلاق سے) پاک ہوگیا۔

وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝١٥ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ

اور اپنے رب کا نام لیتا اور نماز پڑھتا رہا (مگر اے منکرو! تم آخرت کا سامان نہیں کرتے) بلکہ تم دنیوی زندگی کو مقدم

الدُّنْيَا ۝١٦ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝١٧ اِنَّ هٰذَا لَفِى

رکھتے ہو۔ حالانکہ آخرت (دنیا سے) بدرجہا بہتر اور پائدار ہے (اور یہ مضمون صرف قرآن ہی کا دعویٰ نہیں بلکہ)

الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝١٨ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝١٩ ع ۱۹ / ۱۲

یہ مضمون اگلے صحیفوں میں بھی ہے یعنی ابراہیم اور موسیٰ (علیہما السلام) کے صحیفوں میں (پس زیادہ تر مؤکد ہوا)۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

دعائے قنوت

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسۡتَعِیۡنُکَ وَنَسۡتَغۡفِرُکَ وَ

اے اللہ ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ ہی سے بخشش مانگتے ہیں اور

نُؤۡمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیۡکَ وَنُثۡنِیۡ عَلَیۡکَ

تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں اور تیری بہت اچھی تعریف کرتے ہیں۔

الۡخَیۡرَ وَنَشۡکُرُکَ وَلَا نَکۡفُرُکَ وَنَخۡلَعُ وَ

اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور الگ کرتے ہیں اور

نَتۡرُکُ مَنۡ یَّفۡجُرُکَ ط اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ

چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے۔ اے اللہ ہم تیری عبادت کرتے ہیں

وَلَکَ نُصَلِّیۡ وَنَسۡجُدُ وَاِلَیۡکَ نَسۡعٰی وَنَحۡفِدُ وَنَرۡجُوۡ

اور تیرے ہی لئے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری طرف دوڑتے ہیں اور خدمت کیلئے حاضر ہوتے ہیں اور ہم

رَحۡمَتَکَ وَنَخۡشٰی عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالۡکُفَّارِ مُلۡحِقٌ ط

تیری رحمت کے امیدوار ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں بیشک تیرا عذاب کافروں کا ملنے والا ہے۔ (طحاوی جلد ا ص ۱۳۲)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اسنادِ منزل

یہ منزل آسیب، سحر اور بعض دوسرے خطرات سے حفاظت کے لئے ایک مجرب عمل ہے۔ یہ آیات کسی قدر کمی بیشی کیساتھ ''القول الجمیل'' اور ''بہشتی زیور'' میں بھی لکھی ہیں۔ القول الجمیل میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں:

''یہ تینتیس ۳۳ آیات ہیں جو جادو کو دفع کرتی ہیں اور شیاطین اور چوروں اور درندے جانوروں سے پناہ ہو جاتی ہیں۔''

اور بہشتی زیور میں حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نوّر اللہ مرقدہٗ تحریر فرماتے ہیں:

''اگر کسی پر آسیب کا شبہ ہو تو آیاتِ ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پر دم کر کے مریض پر چھڑک دیں۔''

اور اگر گھر میں اثر ہو تو ان کو پانی پر پڑھ کر گھر کے چاروں گوشوں میں چھڑک دیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مَنزِل

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

سب تعریفیں اللہ کو لائق ہیں جو مربی ہیں ہر ہر عالم کے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○

جو مالک ہیں روزِ جزا کے۔ ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے درخواست اعانت کی کرتے ہیں۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

بتلا دیجئے ہم کو رستہ سیدھا۔ راستہ ان لوگوں کا جن پر آپ نے انعام

عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○ ع ۱

فرمایا ہے، نہ رستہ ان لوگوں کا جن پر آپ کا غضب کیا گیا اور نہ ان لوگوں کا جو رستہ سے گم ہو گئے۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

الٓمّٓ ۝١ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى

الٓمّٓ۔ یہ کتاب ایسی ہے جس میں کوئی شبہ نہیں۔ راہ بتلانے والی ہے خدا سے

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝٢ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ

ڈرنے والوں کو۔ وہ خدا سے ڈرنے والے لوگ ایسے ہیں جو یقین لاتے ہیں چھپی ہوئی چیزوں پر اور قائم رکھتے

الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ

ہیں نماز کو اور جو کچھ دیا ہے ہم نے ان کو اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور وہ لوگ ایسے ہیں کہ

يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

یقین رکھتے ہیں اس کتاب پر بھی جو آپ کی طرف اُتاری گئی ہے اور اُن کتابوں پر بھی جو آپ سے پہلے اُتاری جا چکی

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝٤ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ

ہیں اور آخرت پر بھی وہ لوگ یقین رکھتے ہیں۔ بس یہ لوگ ہیں ٹھیک راہ پر جو

رَّبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥

ان کے پروردگار کی طرف سے ملی ہے اور یہ لوگ ہیں پورے کامیاب۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

۱۹ ع ۱۱ ۳ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿١٦٣﴾ ع

اور (ایسا معبود) جو تم سب کے معبود بننے کا مستحق ہے، وہ تو ایک ہی معبود (حقیقی) ہے اسکے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں (وہی رحمٰن ہے اور رحیم ہے) (البقرہ ۱۶۳)

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ

اللہ تعالیٰ (ایسا ہے کہ) اسکے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں۔ زندہ ہے سنبھالنے والا ہے (تمام عالم کا)

وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ

نہ اسکو اونگھ دبا سکتی ہے اور نہ نیند۔ اسی کے مملوک ہیں سب جو کچھ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں۔ ایسا

ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ

کون شخص ہے جو اسکے پاس (کسی کی) سفارش کر سکے بدون اسکی اجازت کے۔ وہ جانتا ہے اُنکے تمام

اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ

حاضر و غائب حالات کو اور وہ موجودات اسکے معلومات میں سے کسی چیز کو اپنے احاطہ علمی میں نہیں لا سکتے

اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ

مگر جس قدر (علم دینا) وہی چاہے۔ اسکی کرسی نے سب آسمانوں اور زمین کو اپنے اندر لے رکھا ہے۔

وَلَا يَـــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿٢٥٥﴾

اور اللہ کو اُن دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گزرتی اور وہ عالیشان اور عظیم الشان ہے۔ (بقرہ: ۲۵۵)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قف قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ

دین میں زبردستی (کافی نفسہٖ کوئی موقع) نہیں۔ (کیونکہ) ہدایت یقیناً گمراہی سے ممتاز ہو چکی

الْغَيِّ ج فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ

ہے۔ سو جو شخص شیطان سے بد اعتقاد ہو اور اللہ تعالیٰ کیساتھ خوش اعتقاد ہو (یعنی اسلام قبول کر لے)

اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ق لَا انْفِصَامَ لَهَا ط وَاللّٰهُ

تو اس نے بڑا مضبوط حلقہ تھام لیا جس کو کسی طرح شکستگی نہیں (ہو سکتی) اور اللہ خوب سننے

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لا يُخْرِجُهُمْ

والے (اور) خوب جاننے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ساتھی ہے ان لوگوں کا جو ایمان لائے اُنکو (کفر کی) تاریکیوں

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ط وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓئُهُمُ

سے نکالکر (یا بچا کر) نور (اسلام) کی طرف لاتا ہے۔ اور جو لوگ کافر ہیں اُن کے ساتھی شیاطین ہیں

الطَّاغُوْتُ لا يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ط

(انسی یا جنی) وہ اُنکو نورِ (اسلام) سے نکال کر (یا بچا کر کفر کی) تاریکیوں کی طرف لے جاتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ج هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ع ﴿۲۵۷﴾ ۳۴ ع ۲

ایسے لوگ دوزخ میں رہنے والے ہیں۔ (اور) ہمیشہ ... رہیں گے۔ (بقرہ: ۲۵۶-۲۵۷)

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا

اللہ تعالیٰ ہی کی مِلک ہیں سب جو کچھ کہ آسمانوں میں ہیں اور جو کچھ زمین میں ہیں اور جو باتیں

مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ

تمہارے نفسوں میں ہیں ان کو اگر تم ظاہر کرو گے یا کہ پوشیدہ رکھو گے حق تعالیٰ تم سے حساب لینگے۔

فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

پھر (بجز کفر و شرک کے) جس کیلئے منظور ہوگا بخش دینگے اور جس کو منظور ہوگا سزا دینگے۔ اور اللہ تعالیٰ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ

ہر شئے پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں۔ اعتقاد رکھتے ہیں رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) اس چیز کا جو انکے پاس انکے

اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ

رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے اور مومنین بھی سب کے سب عقیدہ رکھتے ہیں اللہ کے ساتھ

وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ قف لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ

اور اسکے فرشتوں کے اور اسکی کتابوں کیساتھ اور اسکے پیغمبروں کیساتھ کہ ہم اسکے پیغمبروں میں سے کسی میں تفریق

مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ق غُفْرَانَكَ

نہیں کرتے۔ اور ان سب نے یوں کہا کہ ہم نے (آپکا ارشاد) سنا اور خوشی سے مانا ہم آپکی بخشش چاہتے ہیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨٥﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا

اے ہمارے پروردگار اور آپ ہی کی طرف (ہم سب کو) لوٹنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی شخص کو مکلف نہیں بناتا مگر

وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ

اسی کا جو اسکی طاقت (اور اختیار) میں ہو اسکو ثواب بھی اسی کا ملے گا جو ارادہ سے کرے اور اس عذاب بھی اسی کا ہوگا

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا

جو ارادہ سے کرے۔ اے ہمارے رب ہم پر دارو گیر نہ فرمایئے۔ اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں، اے ہمارے رب

وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ

اور ہم پر کوئی سخت حکم نہ بھیجئے، جیسے ہم سے پہلے لوگوں پر آپ نے

مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ

بھیجے تھے۔ اے ہمارے رب اور ہم پر کوئی ایسا بار (دنیا یا آخرت کا) نہ ڈالئے جس کی ہم کو سہار نہ ہو

وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ

اور درگذر کیجئے ہم سے اور بخش دیجئے ہم کو اور رحم کیجئے ہم پر آپ ہمارے کارساز ہیں (اور کارساز

مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٨٦﴾ ع

طرفدار ہوتا ہے) سو آپ ہم کو کافر لوگوں پر غالب کیجئے

(بقرہ: ۲۸۴ تا ۲۸۶)

٤٠ ع ٢ ٨

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

گواہی دی اللہ تعالیٰ نے اسکی کہ بجز اس ذات کے کوئی معبود ہونیکے لائق نہیں اور فرشتوں نے بھی

وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اور اہلِ علم نے بھی اور معبود بھی وہ اس شان کے ہیں کہ اعتدال کیساتھ انتظام رکھنے والے ہیں۔ اُنکے سوا کوئی معبود

هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؕ ﴿۱۸﴾

ہونے کے لائق نہیں وہ زبردست ہیں حکمت والے ہیں۔ (آلِ عمران:۱۸)

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ

(اے محمد) آپ (اللہ تعالیٰ سے) یوں کہیئے کہ اے اللہ مالک تمام ملک کے آپ ملک جسکو چاہیں دیدیتے ہیں

وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ

اور جس سے چاہیں ملک لے لیتے ہیں، اور جس کو چاہیں غالب کردیتے ہیں اور جس کو چاہیں پست

مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

کردیتے ہیں۔ آپ ہی کے اختیار میں ہے سب بھلائی، بلاشبہ آپ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے

قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ

والے ہیں۔ آپ رات (کے اجزاء) کو دن میں داخل کردیتے ہیں اور (بعض فصلوں میں) دن (کے اجزاء) کو رات

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

فِى الَّيۡلِ‌ ۚ وَتُخۡرِجُ الۡحَـىَّ مِنَ الۡمَيِّتِ وَتُخۡرِجُ الۡمَيِّتَ

میں داخل کر دیتے ہیں، اور آپ جاندار چیز کو بے جان سے نکال لیتے ہیں (جیسے بیضہ سے بچہ) اور بے جان

مِنَ الۡحَـىِّ‌ ۚ وَتَرۡزُقُ مَنۡ تَشَآءُ بِغَيۡرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

چیز کو جاندار سے نکال لیتے ہیں (جیسے پرندے سے بیضہ) اور آپ جسکو چاہتے ہیں بیشمار رزق عطا فرماتے ہیں۔
(آل عمران: ۲۶ تا ۲۷)

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ

بیشک تمہارا رب اللہ ہی ہے، جس نے سب آسمانوں اور زمین کو

فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى الۡعَرۡشِ يُغۡشِى الَّيۡلَ

چھ روز میں پیدا کیا، پھر عرش پر قائم ہوا۔ چھپا دیتا ہے شب سے دن کو ایسے طور پر کہ وہ شب اس دن کو

النَّهَارَ يَطۡلُبُهٗ حَثِيۡثًا ۙ وَّالشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ وَالنُّجُوۡمَ

جلدی سے آلیتی ہے اور سورج اور چاند اور دوسرے ستاروں کو پیدا کیا: ایسے طور پر کہ سب اسکے حکم کے تابع ہیں،

مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمۡرِهٖ‌ ؕ اَلَا لَـهُ الۡخَـلۡقُ وَالۡاَمۡرُ‌ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ

یاد رکھو اللہ ہی کیلئے خاص ہے خالق ہونا اور حاکم ہونا، بڑی خوبیوں سے بھرے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ جو تمام عالم کے

رَبُّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۵۴﴾ اُدۡعُوۡا رَبَّكُمۡ تَضَرُّعًا وَّخُفۡيَةً‌ ؕ

پروردگار ہیں۔ تم لوگ اپنے پروردگار سے دعا کیا کرو تذلل ظاہر کرکے بھی اور چپکے چپکے بھی (البتہ یہ بات) واقعی (ہے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ﴿٥٥﴾ وَلَا تُفْسِدُوا فِي

کہ) اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ناپسند کرتے ہیں جو حد سے نکل جائیں۔ اور دنیا میں بعد اسکے کہ اسکی درستی کردی گئی ہے،

الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا وَادْعُوهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۚ

فساد مت پھیلاؤ، اور اسکی (یعنی اللہ تعالیٰ کی) عبادت کیا کرو، ڈرتے اور اُمیدوار رہتے ہوئے۔

إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٥٦﴾

بیشک اللہ تعالیٰ کی رحمت نزدیک ہے نیک کام کرنیوالوں سے۔ (الاعراف: ۵۴ تا ۵۶)

قُلِ ادْعُوا اللَّهَ أَوِ ادْعُوا الرَّحْمَٰنَ ۖ أَيًّا مَّا تَدْعُوا فَلَهُ

آپ فرما دیجئے کہ خواہ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس (نام) سے بھی پکاروگے سو اسکے بہت

الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ

اچھے (اچھے) نام ہیں۔ اور اپنی نماز میں نہ تو بہت پکار کر پڑھیئے اور نہ بالکل چپکے چپکے ہی پڑھیئے

بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا ﴿١١٠﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي

اور دونو نکے درمیان ایک طریقہ اختیار کرلیجئے۔ اور کہہ دیجئے کہ تمام خوبیاں اُسی اللہ (پاک) کیلئے

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُن لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ

(خاص) ہیں۔ جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ کوئی سلطنت میں اس کا شریک ہے اور نہ کمزوری

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

ع ١٢ ١١ ١٢ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿١١١﴾ ع

کیوجہ سے اسکا کوئی مددگار ہے اور اسکی بڑائیاں خوب بیان کیا کیجئے ۔ ❁ (بنی اسرائیل: ۱۱۰ تا ۱۱۱)

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا

ہاں تو کیا تم نے یہ خیال کیا تھا کہ ہمنے تمکو یونہی مہمل (خالی از حکمت) پیدا کر دیا ہے اور یہ (خیال کیا تھا) کہ تم

لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿١١٥﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ج لَآ اِلٰهَ

ہمارے پاس نہیں لائے جاؤ گے ۔ سو اللہ تعالیٰ بہت ہی عالیشان ہے جو کہ بادشاہِ حقیقی ہے ۔ اُسکے سوا کوئی بھی

اِلَّا هُوَ ج رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿١١٦﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ

لائق عبادت نہیں (اور وہ) عرشِ عظیم کا مالک ہے ۔ اور جو شخص (اس امر پر دلیل قائم ہونیکے بعد) اللہ کیساتھ کسی اور معبود کی

اِلٰهًا اٰخَرَ لا لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ لا فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ط

بھی عبادت کرے کہ جس (کے معبود ہونے) پر اسکے پاس کوئی بھی دلیل نہیں ۔ سو اسکا حساب اسی کے رب کے ہاں ہوگا (جسکا

اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿١١٧﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ

نتیجہ لازمی یہ ہے کہ) یقیناً کافروں کو فلاح نہ ہوگی ۔ اور آپ یوں کہا کریں کہ اے میرے رب (میری خطائیں) معاف کر

ع ٦ ٢٦ ٦ ❁ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١١٨﴾ ع ❁

اور رحم کر اور تو سب رحمٰن کرنے والوں سے بڑھکر رحم کرنیوالا ہے ۔ (المؤمنون: ۱۱۵ تا ۱۱۸)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجۡرًا ۙ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ

قسم ہے ان فرشتونکی جو صف باندھکر کھڑے ہوتے ہیں پھر اُن فرشتونکی جو بندش کرنیوالے ہیں پھر اُن فرشتونکی

ذِكۡرًا ۙ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمۡ لَوَاحِدٌ ؕ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

جو ذِکر کی تلاوت کرنیوالے ہیں کہ تمہارا معبود (برحق) ایک ہے وہ پروردگار ہے آسمانوں کا

وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا وَرَبُّ الۡمَشَارِقِ ؕ﴿۵﴾ اِنَّا

اور زمین کا اور جو کچھ انکے درمیان میں ہے اور پروردگار ہے طلوع کرنے کے مواقع کا۔ ہم ہی نے

زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنۡيَا بِزِيۡنَةِ ۣالۡكَوَاكِبِ ۙ﴿۶﴾ وَحِفۡظًا

رونق دی ہے اسطرف والے آسمان کو ایک عجیب آرائش یعنی ستاروں کیساتھ اور حفاظت بھی کی ہے

مِّنۡ كُلِّ شَيۡطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوۡنَ اِلَى الۡمَلَاِ

ہر شریر شیطان سے وہ شیاطین عالم بالا کی طرف کان بھی نہیں لگا سکتے۔

الۡاَعۡلٰى وَيُقۡذَفُوۡنَ مِنۡ كُلِّ جَانِبٍ ۖ ۗ﴿۸﴾ دُحُوۡرًا وَّلَهُمۡ

اور وہ ہر طرف سے مار کر دھکیلے دیئے جاتے ہیں اور ان کے لئے دائمی

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝۹ ۙ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ

عذاب ہوگا۔ مگر جو شیطان کچھ خبر لے ہی بھاگے تو ایک دہکتا ہوا شعلہ اُس کے

شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝۱۰ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ

پیچھے لگ لیتا ہے۔ تو آپ ان سے پوچھیے کہ یہ لوگ بناوٹ میں زیادہ سخت ہیں یا ہماری

خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝۱۱

پیدا کی ہوئی یہ چیزیں (کیونکہ) ہم نے ان لوگوں کو چپکتی مٹی سے پیدا کیا ہے۔ (الصّٰفّٰت : ۱ تا ۱۱)

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا

اے گروہ جن اور انسان کے اگر تم کو یہ قدرت ہے کہ آسمان اور زمین کی حدود سے کہیں باہر نکل جاؤ

مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا

تو (ہم بھی دیکھیں) نکلو مگر بدون زور کے نہیں نکل سکتے (اور زور ہے نہیں پس

تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝۳۳ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

نکلنے کا وقوع بھی محتمل نہیں) سوائے جن و انس تم اپنے رب کی کون کونسی

تُكَذِّبٰنِ ۝۳۴ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ

نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ تم دونوں پر (قیامت کے روز) آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑا جائیگا۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اور دھواں بھیجا جائے گا تو پھر تم (اسکو) ہٹا نہ سکو گے۔ سوائے جن و انس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں کے

تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً

منکر ہو جاؤ گے۔ غرض جب (قیامت آئیگی جسمیں) آسمان پھٹ جاویگا اور ایسا سُرخ ہو جاویگا جیسے

كَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾

سُرخ نری (یعنی چمڑا) سوائے جن و انس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ عَنْ ذَنْبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾

تو اس روز (اللہ تعالیٰ کے معلوم کرنے کیلئے) کسی اِنسان اور جن سے اسکے جرم کے متعلق نہ پوچھا جائیگا۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾

سوائے جن و انس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے۔ (الرحمٰن ۳۳ تا ۴۰)

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا

اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو (اے مخاطب) تو اُسکو دیکھتا کہ خدا کے

مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا

خوف سے دب جاتا اور پھٹ جاتا اور ان مضامین عجیبہ کو ہم لوگوں کے (نفع کے) لئے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢١﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ

بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سوچیں۔ وہ ایسا معبود ہے کہ اسکے سوا کوئی اور معبود (بننے کے لائق) نہیں

اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿٢٢﴾

وہ جاننے والا ہے پوشیدہ چیزوں کا اور ظاہر چیزوں کا۔ وہی بڑا مہربان رحم والا ہے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ

وہ ایسا معبود ہے کہ اسکے سوا کوئی اور معبود نہیں۔ وہ بادشاہ ہے (سب عیبوں سے) پاک ہے سالم ہے۔ امن

الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۗ سُبْحٰنَ

دینے والا ہے نگہبانی کرنیوالا ہے، زبردست ہے خرابی کا درست کردینے والا ہے بڑی عظمت والا ہے۔ اللہ

اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٢٣﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ

تعالیٰ (جسکی شان یہ ہے) لوگوں کے شرک سے پاک ہے۔ وہ معبود (برحق) ہے پیدا کرنیوالا ہے۔ ٹھیک ٹھیک

الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۗ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي

بنانیوالا ہے (یعنی ہر چیز کو حکمت کے موافق بناتا ہے) صورت بنانیوالا ہے اُسکے اچھے اچھے نام ہیں سب

ع ۷/۶ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢٤﴾

چیزیں اسکی تسبیح کرتی ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔

Digitized By eGangotri

(الحشر: ۲۱ تا ۲۴)

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا

آپ (ان لوگوں سے) کہئے کہ میرے پاس اس بات کی وحی آئی ہیکہ جنات میں سے ایک جماعت نے قرآن سنا

سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ﴿۱﴾ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا

پھر (اپنی قوم میں واپس جاکر) انہوں نے کہا کہ ہمنے ایک عجیب قرآن سنا ہے جوراہِ راست بتلاتا ہے سو ہم تو

بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ﴿۲﴾ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ

اس پر ایمان لے آئے۔ اور ہم اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ بنائینگے۔ اور (انہوں نے یہ بھی بیان کیا کہ)

رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ﴿۳﴾ وَّاَنَّهٗ كَانَ

ہمارے پروردگار کی بڑی شان ہے اس نے نہ کسی کو بیوی بنایا اور نہ اولاد اور ہم میں جو احمق ہوئے ہیں

يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۙ﴿۴﴾

وہ اللہ کی شان میں حد سے بڑھی ہوئی باتیں کہتے تھے۔ (الجن: ۱ تا ۴)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلۡ یٰۤاَیُّہَا الۡکٰفِرُوۡنَ ۙ﴿۱﴾ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿۲﴾

آپ (ان کافروں سے) کہہ دیجئے کہ اے کافرو (میرا اور تمہارا طریقہ متحد نہیں ہوسکتا اور) نہ (تو فی الحال)

وَ لَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ۚ﴿۳﴾ وَ لَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا

میں تمہارے معبودوں کی پرستش کرتا ہوں۔ اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرتے ہو۔ اور نہ (آئندہ

عَبَدۡتُّمۡ ۙ﴿۴﴾ وَ لَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ؕ﴿۵﴾

استقبال میں) میں تمہارے معبودوں کی پرستش کروں گا اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کروگے۔

لَکُمۡ دِیۡنُکُمۡ وَلِیَ دِیۡنِ ٪﴿۶﴾

ع ۶ ۳۴

تم کو تمہارا بدلہ ملے گا اور مجھ کو میرا بدلہ ملے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمۡ یَلِدۡ ۙ۵

آپ (ان لوگوں سے) کہہ دیجئے کہ وہ یعنی اللہ (اپنے کمال ذات وصفات میں) ایک ہے۔ اللہ (ایسا) بے نیاز ہے

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلۡ اُوۡحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسۡتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الۡجِنِّ فَقَالُوۡۤا اِنَّا

آپ (ان لوگوں سے) کہئے کہ میرے پاس اس بات کی وحی آئی ہیکہ جنات میں سے ایک جماعت نے قرآن سنا

سَمِعۡنَا قُرۡاٰنًا عَجَبًا ۙ﴿۱﴾ یَّهۡدِیۡۤ اِلَی الرُّشۡدِ فَاٰمَنَّا

پھر (اپنی قوم میں واپس جا کر) انہوں نے کہا کہ ہمنے ایک عجیب قرآن سنا ہے جو راہِ راست بتلاتا ہے سو ہم تو

بِہٖ ؕ وَلَنۡ نُّشۡرِکَ بِرَبِّنَاۤ اَحَدًا ۙ﴿۲﴾ وَّ اَنَّہُ تَعٰلٰی جَدُّ

اس پر ایمان لے آئے۔ اور ہم اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ بنائینگے۔ اور (انہوں نے یہ بھی بیان کیا کہ)

رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَۃً وَّ لَا وَلَدًا ۙ﴿۳﴾ وَّ اَنَّہُ کَانَ

ہمارے پروردگار کی بڑی شان ہے اس نے نہ کسی کو بیوی بنایا اور نہ اولاد اور ہم میں جو احمق ہوئے ہیں

یَقُوۡلُ سَفِیۡهُنَا عَلَی اللّٰہِ شَطَطًا ۙ﴿۴﴾

وہ اللہ کی شان میں حد سے بڑھی ہوئی باتیں کہتے تھے۔ (الجن: ۱ تا ۴)

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلۡ یٰۤاَیُّہَا الۡکٰفِرُوۡنَ ۙ﴿۱﴾ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿۲﴾

آپ (ان کافروں سے) کہہ دیجئے کہ اے کافرو (میرا اور تمہارا طریقہ متحد نہیں ہو سکتا اور) نہ (توفی الحال)

وَ لَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ۚ﴿۳﴾ وَ لَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا

میں تمہارے معبودوں کی پرستش کرتا ہوں۔ اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرتے ہو۔ اور نہ (آئندہ

عَبَدۡتُّمۡ ۙ﴿۴﴾ وَ لَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ؕ﴿۵﴾

استقبال میں) میں تمہارے معبودوں کی پرستش کروں گا اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرو گے۔

لَکُمۡ دِیۡنُکُمۡ وَلِیَ دِیۡنِ ٪﴿۶﴾

ع ۶ ۲۴

تم کو تمہارا بدلہ ملے گا اور مجھ کو میرا بدلہ ملے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمۡ یَلِدۡ ۙ۵

آپ (ان لوگوں سے) کہہ دیجئے کہ وہ یعنی اللہ (اپنے کمالِ ذات وصفات میں) ایک ہے۔ اللہ (ایسا) بے نیاز ہے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

وَلَمْ يُوْلَدْ ۝٣ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝٤ ع ۱ ۴ ۳۷

(کہ وہ کسی کا محتاج نہیں اور اسکے سب محتاج ہیں) اسکے اولاد نہیں اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ کوئی اسکے برابر کا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝١ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝٢ وَمِنْ

آپ (اپنے استعاذہ کیلئے) کہئے کہ میں صبح کے مالک کی پناہ لیتا ہوں تمام مخلوقات کے شر سے اور (بالخصوص)

شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝٣ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى

اندھیری رات کے شر سے جب وہ رات آجاوے (اور شب میں شرور کا احتمال ظاہر ہے) اور (بالخصوص گنڈے کی)

الْعُقَدِ ۝٤ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝٥ ع ۱ ۵ ۳۸

گرہوں پر پڑھ پڑھ کر پھونکنے والیوں کے شر سے اور حسد کرنیوالے کے شر سے جب وہ حسد کرنے لگے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝١ مَلِكِ النَّاسِ ۝٢

آپ کہئے (جس طرح کہ فلق میں گزرا) کہ میں آدمیوں کے مالک، آدمیوں کے بادشاہ،

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

اِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِیْ

آدمیوں کے معبود کی پناہ لیتا ہوں وسوسہ ڈالنے پیچھے ہٹ جانیوالے (شیطان) کے شر سے

یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾ ع ۱ ۶ ۲۹

جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے خواہ وہ (وسوسہ ڈالنے والا) جنّ ہو یا آدمی (ہو)۔

حادثات سے بچنے کا وظیفہ

حضرت طلق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت ابوالدرداء صحابی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ کا مکان جل گیا۔ فرمایا: نہیں جلا۔ پھر دوسرے شخص نے یہی اطلاع دی تو فرمایا: نہیں جلا۔ پھر تیسرے شخص نے یہی خبر دی، آپ نے فرمایا: نہیں جلا۔ پھر ایک شخص نے آ کر کہا کہ اے ابوالدرداءؓ! آگ کے شرارے بہت بلند ہوئے مگر جب آپ کے مکان تک آگ پہنچی تو بجھ گئی۔ فرمایا: مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا (کہ میرا مکان جل جائے) کیوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ (میں نے صبح یہ کلمات پڑھے تھے اس لئے مجھے یقین تھا کہ میرا مکان نہیں جل سکتا)۔

وہ کلمات اگلے صفحہ پر ہیں۔

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ

اے اللہ! تو میرا رب ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تجھ ہی پر میں نے بھروسہ کیا۔

وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ

اور تو عرشِ کریم کا رب ہے۔ جو اللہ نے چاہا ہوا۔ اور جو نہیں چاہا

يَشَاْ لَمْ يَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ

نہیں ہوا۔ اور نہیں ہے کوئی طاقت اور قوت مگر اللہ بزرگ و برتر

الْعَظِيْمِ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَنَّ

عظمت والے کی۔ میں جانتا ہوں کہ بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور تحقیق

اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

اللہ کا علم ہر چیز کو محیط ہے۔ اے اللہ میں

اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ

تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کی ہر برائی سے اور ہر جاندار کے شر سے،

اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

اس کی چوٹی تو نے پکڑ رکھی ہے۔ یقیناً میرا رب صراطِ مستقیم پر ہے۔

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri
Collection Of Adovcate Showkat

آیاتِ سلام

تمام آفاتِ ارضی وسماوی سے بچنے کیلئے بعد نمازِ پنجگانہ آیاتِ سلام پڑھکر دم کرلیا کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

سَلٰمٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○

اسکے اُن بندوں پر سلام (نازل) ہو جنکو اُس نے منتخب فرمایا ہے۔ اُنکو پروردگار مہربان کی طرف سے

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ○ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ○ سَلٰمٌ عَلٰی

سلام فرمایا جاویگا نوحؑ پر سلام ہو عالم والوں میں۔ ابراہیمؑ پر سلام ہو۔ موسیٰؑ اور ہارونؑ پر سلام ہو۔

مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ ○ سَلٰمٌ عَلٰٓی اٰلِ یَاسِیْنَ ○ سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ طِبْتُمْ

الیاسینؑ پر سلام ہو۔ السلام علیکم تم مزہ میں رہو سو اس (جنت) میں ہمیشہ رہنے کیلئے داخل ہو جاؤ۔

فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ ○ سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ○

(اور وہ شب) سراپا سلام ہے۔ وہ شب (اسی صفت وبرکت کیساتھ) طلوعِ فجر تک رہتی ہے۔

(۲۷/۵۹ ، ۳۶/۵۸ ، ۳۷/۷۹ ، ۳۷/۱۰۹ ، ۳۷/۱۲۰ ، ۳۷/۱۳۰ ، ۳۹/۷۳ ، ۹۷/۵)

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

مُنجیات

علامہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے ذریعہ سے تجربہ کیساتھ مصیبت وغم کو دُور کرنے والی سات آیتیں جو منجیات کے نام سے معروف ہیں وہ یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

قُلْ لَّنْ یُّصِیْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰہُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰنَا ۚ

آپ فرما دیجئے کہ ہم پر کوئی حادثہ نہیں پڑ سکتا، مگر وہی جو اللہ نے ہمارے لئے مقدر فرمایا ہے، وہ ہمارا مالک

وَعَلَى اللّٰہِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾

ہے، اور اللہ کے تو سب مسلمانوں کو اپنے سب کام سپرد رکھنے چاہئیں۔ (التوبۃ:۵۱)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ

اور (مجھ سے یہ کہا گیا ہے کہ) اگر تمکو اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف پہنچاوے۔ تو بجز اسکے اور کوئی اُسکا دُور کرنیوالا نہیں ہے۔ اور اگر

وَاِنْ یُّرِدْكَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ یُصِیْبُ بِهٖ

وہ تمکو کوئی راحت پہنچانا چاہے، تو اسکے فضل کا کوئی ہٹانیوالا نہیں (بلکہ) وہ اپنا فضل اپنے بندوں میں سے جس پر

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri
Collection Of Adovcate Showkat

مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿١٠٧﴾

چاہیں مبذول فرمائیں۔ اور وہ بڑی مغفرت اور رحمت والے ہیں۔ (سورہ یونس:۱۰۷)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا

اور کوئی (رزق کھانے والا) جانور روئے زمین پر چلنے والا ایسا نہیں کہ اُسکی روزی اللہ تعالیٰ کے ذمہ نہ ہو

وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِيْ

اور وہ ہر ایک کی زیادہ رہنے کی جگہ کو اور چند روزہ رہنے کی جگہ کو جانتا ہے۔ سب چیزیں

كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٦﴾

کتابِ مبین (یعنی لوح محفوظ) میں (بھی منضبط اور مندرج) ہیں۔ (سورہ ھود:٦)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا

میں نے اللہ پر توکل کرلیا ہے جو میرا بھی مالک ہے اور تمہارا بھی مالک ہے۔ جتنے (روئے زمین پر)

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّىْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾

چلنے والے ہیں، سب کی چوٹی اس نے پکڑ رکھی ہے۔ یقیناً میرا رب صراط مستقیم پر ہے۔ (سورہ ھود: ۵۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا

اور بہت سے جانور ایسے ہیں جو اپنی غذا اُٹھا کر نہیں رکھتے اللہ ہی ان کو (مقدر) روزی پہنچاتا ہے

وَاِيَّاكُمْ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۰﴾

اور تم کو بھی اور وہ سب کچھ سنتا سب کچھ جانتا ہے۔ (العنکبوت: ۶۰)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ

اللہ جو رحمت (بارش وغیرہ) لوگوں کے لئے کھول دے۔ سو اس کا کوئی بند کرنے والا نہیں

وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ

اور جس کو بند کردے سو اسکے (بند کرنے کے) بعد اس کا کوئی جاری کرنیوالا نہیں

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri
Collection Of Advocate Showkat

وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٢﴾

اور وہی غالب حکمت والا ہے۔ (سورہ فاطر:۲)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، بڑے رحم والے ہیں۔

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ

اور اگر (آپ) اُن سے پوچھیں کہ آسمان اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے

لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ ۚ قُلْ أَفَرَءَيْتُم مَّا تَدْعُونَ مِن دُونِ

تو یہی کہیں گے کہ اللہ نے آپ (اُن سے) کہئے کہ بھلا پھر یہ تو بتلاؤ کہ خدا کے سوا تم جن معبودوں کو

اللّٰهِ إِنْ أَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ

پوجتے ہو اگر اللہ تعالیٰ مجھکو کوئی تکلیف پہنچانا چاہے، کیا یہ معبود اسکی دی ہوئی تکلیف دور کر سکتے

ضُرِّهِ أَوْ أَرَادَنِي بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهِ ۚ

ہیں۔ یا اللہ تعالیٰ مجھ پر اپنی عنایت کرنا چاہے کیا یہ معبود اُسکی عنایت کو روک سکتے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ

قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۚ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُونَ ﴿٣٨﴾

(اس سے ثابت ہوگیا کہ) میرے لئے خدا کافی ہے، توکل کرنیوالے اُسی پر توکل کرتے ہیں۔ (الزمر:۳۸)

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

دعا مانگنے کی فضیلت

حدیث شریف میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں دعا سے زیادہ اور کسی چیز کی وقعت نہیں۔

ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعا سختیوں اور مصیبتوں کے وقت قبول فرمائے، اس کو چاہئے کہ وہ فراخی اور خوش حالی میں بھی کثرت سے دعا مانگا کرے۔

ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دعا مؤمن کا ہتھیار ہے، دین کا ستون ہے اور آسمان وزمین کا نور ہے۔

اگر دشمن مسلمانوں کا محاصرہ کرلیں تو یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِنَا ؕ

"اے اللہ تُو ہماری کمزوریوں کو چھپالے اور ہمارے ڈر اور خوف کو امن وامان دیدے"

★★★

جب بھی کسی مصیبت وبلا یا خوفناک امر کے پیش آنے کا اندیشہ ہو یا کسی بہت بڑی مصیبت میں گرفتار ہو جائے تو کثرت سے اس کا وِرد رکھے:

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْنَا

"کافی ہے ہمارے لئے اللہ، اور وہ بہت ہی اچھا کارساز ہے۔ اللہ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے۔"

Digitized By eGangotri

Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

دعا کی فضیلت، شرائط و آداب

دعا کے معنٰی پکارنے اور بلانے کے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اپنی حاجت کیلئے اللہ تعالیٰ کو پکارا جائے تا کہ وہ اس ضرورت کو پورا کرے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ ط "تم مجھے پکارو میں دعا قبول کروں گا۔" (مومن: ۶۰)

اور فرمایا: اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ

"جب پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی پکار کو قبول کر لیتا ہوں۔" (البقرہ: ۱۸۶)

اور فرمایا: اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً ط

"لوگو! اپنے پروردگار کو گڑ گڑا کر اور چپکے چپکے پکارو۔" (اعراف: ۵۵)

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: اَلدُّعَآءُ هُوَ الْعِبَادَةُ ط

"دعا ہی عبادت ہے۔" (ترمذی شریف)

اور فرمایا: اَلدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ ط

"دعا عبادت کا مغز و گودا ہے۔" (ترمذی، مشکوٰۃ)

اور فرمایا: اَلدُّعَآءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ

"دعا مومن کا ہتھیار ہے۔" (مستدرک، حاکم، حصن حصین)

اور فرمایا:

اللہ تعالیٰ کے نزدیک دعا سے زیادہ عزت والی کوئی چیز نہیں ہے۔ اور دعا تقدیر کو بھی پھیر دیتی ہے۔ دعا ہر مصیبت کو روکنے والی ہے۔ (مشکوٰۃ، ترمذی)

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

اللہ تعالیٰ دعا کرنیوالے سے بہت خوش ہوتا ہے۔ دعا کرنے والے کی دعا قبول فرماتا ہے اور جو مانگتا ہے اس کو دیتا ہے۔ مگر یہ سب اسی وقت ہوگا جبکہ وہ دعا کے آداب و شرائط کو مدِ نظر رکھ کر اس کی پوری پابندی کرے ورنہ قبولیت کی امید نہیں رکھنی چاہئے۔ دعا کرنے والا بیمار کی طرح ہوتا ہے۔ بیمار اگر تندرستی چاہتا ہے تو اس کے لئے دوا کے ساتھ پرہیز کرنا اور نقصان دینے والی چیزوں سے بچنا ضروری ہے۔ اگر دوا کرتا رہا اور پرہیز نہ کیا تو صحت یابی مشکل ہو جائیگی اور بقول شخصے۔ ع

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

کا مصداق ٹھہرے گا۔ اسی طرح دعا کرنیوالا اگر چاہتا ہے کہ میری دعا قبول ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل شرائط کی پابندی ضروری ہے:

① پہلی شرط یہ ہے کہ ایمان کامل کے ساتھ ہی ساتھ اخلاص بھی ضروری ہے یعنی صرف اللہ تعالیٰ ہی کا خیال دل و دماغ اور زبان پر ہو۔ غیر کا خیال بالکل نہ ہو کیوں کہ بلا اخلاص کے کوئی عمل قبول نہیں ہوتا ہے۔

② دوسری شرط یہ ہے کہ دعا کرنے والا جھوٹ بولنے، مکر و فریب دینے، قمار بازی، شراب نوشی، حسد و تکبر، کینہ کپٹ، غیبت و چغلی وغیرہ گناہ کرنے سے بچے کیوں کہ یہ سب گناہِ کبیرہ ہیں۔ قرآن و حدیث میں ان کی بڑی برائی بیان کی گئی ہے۔

آدابِ دعا میں سے یہ ہے کہ:

① ← تضرع، انکساری، خشوع و خضوع سے دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ ان آداب کو خود سکھاتا ہے: اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا (سورۂ اعراف، پ۸، آیت:۵۵) اپنے رب کو گڑگڑا کر پکارو اور یہ سمجھو کہ میرا رب میری بات کو سنتا اور میری ہر ہر حرکات و سکنات کو دیکھتا ہے۔ وہ میرے سامنے موجود ہے۔ وہ اپنے بھکاریوں کو ضرور دیتا ہے،

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Adovcate Showkat

محروم نہیں کرتا۔ اور اپنی حاجت کو رغبت سے طلب کرے۔ ایسے لوگوں کی اللہ تعالیٰ سورۂ انبیاء، پ ۱۷ آیت ۹۰ میں خود تعریف کرتا ہے۔

② ← دعاؤں میں اپنے گناہوں کا اقرار اور اس بات سے توبہ کریں کہ آئندہ ہرگز ایسا کام نہیں کرینگے۔ آگے چل کر دعاؤں میں پڑھیں:

ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِیْعًا ط

③ ← اپنے نیک کاموں کا واسطہ دیکر سوال کریں۔

④ ← دعا سے پہلے وضو کرنا مستحب ہے اور وضو کرنے کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس نے اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھی پھر اپنے رب سے دعا کی تو اس کی دعا اور یر سویر ضرور قبول ہوگی۔

⑤ ← دعا کرتے وقت قبلہ کی طرف رخ کیجئے کیونکہ شریعت نے نماز کا رخ اسی کو بتایا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا کرتے وقت قبلہ کی طرف رخ کرتے تھے۔

⑥ ← دعا کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی تعریف کیجئے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجئے پھر دعاء کر کے اللہ تعالیٰ کی تعریف اور نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج کر ختم کیجئے۔ یعنی دعاء سے پہلے اور بعد حمد وصلوٰۃ ہونی چاہئے۔

⑦ ← دونوں ہاتھ کشادہ کر کے چہرے اور دونوں مونڈھوں کے مقابلہ میں اٹھا کر دعا مانگے۔

⑧ ← دعا سے فراغت کے بعد دونوں ہاتھوں کو چہرے پر پھیرنا چاہئے۔

⑨ ← دعا و استغفار تین بار کرو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین بار دعا فرماتے تھے۔

⑩ ← دعا میں جلدی نہیں کرنی چاہئے، جب تک قبول نہ ہو دعا کرتے جاؤ اور پھر یہ نہ کہو کہ اتنے دنوں سے دعا کر رہا ہوں قبول نہیں ہوئی۔

⑪ ← دعا کو آمین، حمد اور درود پر ختم کرنا چاہئے

Digitized By eGangotri
Adv. Showkat Hussain Naqshbandi Collection, Srinagar

CC-0. In Public Domain. Digitization by eGangotri

Collection Of Advocate Showkat

مسنون و مقبول دعائیں

